www.mashriqquetta.com.pk
ABC CERTIFIED
کوئٹہ اور سبی سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
Daily MASHRIQ QUETTA
روزنامہ مشرق کوئٹہ
جلد 54 شمارہ 129 جمعرات 21 جمادی الاول 1447ھ 13 نومبر 2025ء صفحات 08 قیمت 35 روپے

دہشتگردوں کیخلاف کھلی جنگ لڑ رہا ہوں، پنجاب نہیں بلکہ ریاست مخالف عناصر صوبے کی ترقی کے دشمن ہیں، سرفراز بگٹی

اقبال نے ہمیں خودی، بیداری شعور اور استقلال کا پیغام دیا ان کی فکر آج بھی زندہ ہے اور نوجوانوں کے لیے مشعل راہ ہے، ایس بی کے میں یوم اقبال کی مناسبت سے تقریب سے خطاب

ڈی سی کیچ بشیر احمد بڑیچ ایرانی حکام سے سرحدی تجارت کی بحالی پر مذاکرات کر رہے ہیں

حکومت کا جینا حرام کردینگے، اپوزیشن کا احتجاجی تحریک شروع کرنیکا اعلان

ہم غیر ملکی سفیروں کو خطوط لکھیں گے اور کہیں گے کہ اس حکومت سے جو بھی معاہدے کیے ہیں وہ ختم کر دیں، محمود خان اچکزئی

جو بھی مذاکرات کرنے ہیں ہم تیار ہیں، عدلیہ کے ججوں سے درخواست ہے آپ ایک قلم سے اس سب کو فارغ کر سکتے ہیں

بل میں عدالتی اختیارات کا زبردست کٹا کیا گیا، عدلیہ کا تشخص اور اختیارات واپس لائیں گے، اراکین کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اپوزیشن اتحاد نے حکومت کو خبردار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان کا جینا حرام کردیں گے اور تمام غیر ملکی سفیروں کو خطوط لکھیں گے کہ اس حکومت سے جو بھی معاہدے کیے ہیں وہ ختم کر دیں۔ محمود خان اچکزئی نے اپوزیشن اراکین کے ہمراہ .... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر جعفر خان مندوخیل کو جنرل منیجر سوئی سدرن گیس کمپنی محمد راحیل ملک بریفنگ دے رہے ہیں

اٹھارویں ترمیم سے صوبوں کو حقوق ملے، کوئی باپ بھی اسے ختم نہیں کرسکتا، بلاول

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی کی طالبات سے گفتگو کر رہے ہیں

234 ارکان اسمبلی نے حمایت میں ووٹ دیا، 4 نے مخالفت کی، آئینی عدالت کے قیام کا خواب 19 سال بعد پورا ہوا، بینظیر کی روح کو تسکین مل رہی ہوگی، وزیراعظم

قومی اسمبلی: 27 ویں آئینی ترمیم دو تہائی اکثریت سے منظور

اپوزیشن کا احتجاج، اسپیکر ڈائس کا گھیراؤ، بل کی کاپیاں پھاڑ دیں

حکومت نے 27 ویں آئینی ترمیم میں 8 نئی ترامیم پیش کیں، آئین کے آرٹیکل 6 کی شق 2 میں وفاقی آئینی عدالت کا لفظ شامل کیا گیا، آئین کے آرٹیکل 10 میں لفظ سپریم کورٹ کا اضافہ کیا گیا

چیف جسٹس سپریم کورٹ اور چیف جسٹس وفاقی آئینی عدالت میں سے سینئر ترین چیف جسٹس پاکستان ہوگا، قومی اسمبلی سے اضافی ترامیم کی منظوری پر بل کو دوبارہ آج سینیٹ کو بھجوایا جائے گا

وزیراعظم کی زیرصدارت وفاقی کابینہ کا اجلاس آج ہوگا، کابینہ اہم آئینی فیصلوں پر غور کرے گی، 27 ویں آئینی ترمیم کے بل میں شامل نئی ترامیم کی توثیق کی جائے گی، وفاقی سطح پر متعدد منظوری متوقع

یہ حکومت فارم 47 پر قائم کی گئی ہے ایسی پارلیمنٹ کو آئین میں ترمیم کا اختیار کیسے دیا جاسکتا ہے، پاکستان میں عوام کی حکمرانی کا راستہ روکنے کی کوشش کی جارہی ہے، محمود اچکزئی نے بل کی کاپی پھاڑ دی

پی ٹی آئی نے آئین کیساتھ کھلواڑ کیا، ان کیلئے ملک سے زیادہ بانی مقدم ہے، عطاء تارڑ

جب قاسم سوری آئین شکنی کر رہے تھے تو یہ کیوں چپ تھے، پی ٹی آئی نے 27 ویں ترمیم کے لئے کوئی تجویز پیش نہیں کی

وانا میں 500 سے زائد کیڈٹس کو بحفاظت بازیاب کرایا، کیا کسی پی ٹی آئی والے نے وانا کیڈٹ کالج حملے پر مذمتی بیان دیا

ہماری اپوزیشن صرف ٹک ٹاک، یوٹیوب اور فیس بک کی سیاست کر رہی ہے، وزیر اطلاعات کا قومی اسمبلی میں خطاب

اسلام آباد (شاکر رحمان) وفاقی وزیر برائے اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ ستائیسویں آئینی ترمیم کا مقصد گورننس اور انصاف کی فراہمی کو بہتر بنانا ہے، یہ کئی دہائیوں کی سوچ اور مکالمے کا نتیجہ ہے مگر افسوس پی ٹی آئی کے نزدیک پاکستان سے .... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

ایف بی آر کا لاکھوں انکم ٹیکس گوشواروں کا آڈٹ کرنے کا فیصلہ

بڑے سرمایہ دار، سی ای اوز اور افسران کے گوشوارے بھی زد میں آئیں گے، ایف بی آر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے لاکھوں انکم ٹیکس گوشواروں کا بتدریج آڈٹ کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ ذرائع ایف بی آر کے مطابق .... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

طالبان حکومت کا افغان تاجروں کو پاکستان کیساتھ تجارت ختم کرنیکا حکم

افغان تاجر پاکستان کی بجائے دیگر ممالک سے تجارت کے راستے تلاش کریں، افغان نائب وزیراعظم

اگر کوئی تاجر اس پر عمل درآمد نہیں کرتا تو اس کے لیے پھر افغان حکومت کسی قسم کی مدد نہیں کر سکے گی، مولوی عبدالغنی برادر

کابل (م ڈ) افغانستان کے نائب وزیراعظم برائے اقتصادی امور مولوی عبدالغنی برادر نے افغان صنعتکاروں اور تاجروں سے کہا ہے کہ وہ پاکستان کی بجائے دیگر ممالک سے تجارت کے راستے تلاش کریں اور اگر کوئی تاجر اس پر عمل درآمد نہیں کرتا تو اس کے لیے پھر افغان حکومت کسی قسم کی مدد نہیں کر .... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان میں چینی کی رسد وطلب سے متعلق اہم اجلاس

وزیر اعلیٰ نے چینی کی دستیابی اور فراہمی سے متعلق اقدامات کا جائزہ لیا

چینی کی باہر ترسیل کی روک تھام کے اقدامات موثر بنانے کی ہدایت کردی

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیرصدارت بلوچستان میں چینی کی رسد وطلب سے متعلق اجلاس منعقد ہوا جس میں صوبے میں چینی کی دستیابی اور فراہمی سے متعلق اقدامات کا جائزہ لیا گیا اجلاس میں چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، سیکرٹری انڈسٹریز محمد خالد سرپرہ اور ڈائریکٹر جنرل انڈسٹریز ذوالفقار شاہ نے شرکت .... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

لورالائی روٹ این 70 قومی شاہراہ دو روز عارضی بند

شہری یا مقامی علاقوں میں اندرون ٹریفک پر پابندی کا اطلاق نہیں

عوام سفر سے قبل حکومتی ٹریول ایڈوائزری کی تصدیق ضرور کرلیں

کوئٹہ (آن لائن) محکمہ داخلہ حکومت بلوچستان کی جانب سے جاری کردہ ایک پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ سیکیورٹی اور امن وامان کے پیش نظر لورالائی روٹ این 70 قومی شاہراہ پر ٹرانسپورٹ سروسز بشمول ٹیکسیاں اور نجی گاڑیاں آج سے 14 نومبر 2025 تک .... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

افغان طالبان کی اسلام آباد اور وانا حملوں کی مذمت

کابل (م ڈ) افغانستان کی عبوری طالبان حکومت نے اسلام آباد خودکش دھماکے اور وانا میں کیڈٹ کالج پر ہونے والے حملے کی مذمت کی ہے۔ افغان وزارت خارجہ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ اسلام آباد میں دھماکا اور وانا میں تعلیمی مرکز پر حملہ افسوسناک .... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

پیپلز پارٹی رہنما سید خورشید شاہ ویل چیئر پر پارلیمنٹ پہنچے

نواز شریف اور شہباز نشست سے اٹھ کر خورشید شاہ کے پاس گئے، حال احوال دریافت کیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان پیپلز پارٹی سے تعلق رکھنے والے رکن قومی اسمبلی سید خورشید شاہ ویل چیئر پر پارلیمنٹ پہنچے۔ تفصیلات کے مطابق حکومت کو ترمیم .... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

قومی اسمبلی کے اجلاس میں قائد ن لیگ نواز شریف اور وزیراعظم شہباز شریف خورشید شاہ کی عیادت کر رہے ہیں

گورنر بلوچستان نے کوئٹہ میں مکمل پریشر کیساتھ گیس فراہم کرنیکی ہدایت کردی

گیس کی سپلائی بلاتعطل یقینی، اور رات دس بجے گیس بند کرنے کی بجائے اس میں مناسب توسیع کی جائے، جعفر مندوخیل

غیرقانونی کمپریسرز لگانے اور مارکیٹ میں فروخت کرنے میں ملوث عناصر کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے

عوام اور صارفین واجب الادا گیس کے بلوں کی ادائیگی کے حوالے سے حکومتی کاوشوں میں تعاون فراہم کریں، گورنر

کوئٹہ (آن لائن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کوئٹہ شہر کے عوام کو مکمل پریشر کے ساتھ گیس کی فراہمی کی خصوصی ہدایت کی۔ گیس سے متعلق تمام عوامی شکایات کے ازالے کیلئے فوری طور پر ٹھوس عملی اقدامات کیے جائیں۔ سخت سردی کے موسم کے دوران گیس کی سپلائی بلاتعطل یقینی بنائے اور رات .... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

بین الپارلیمانی اسپیکرز کانفرنس کا اعلامیہ متفقہ طور پر منظور

بانی چیئرمین آئی ایس سی سید یوسف رضا گیلانی نے دہشت گردی کو بڑا چیلنج قرار دیدیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) بین الپارلیمانی اسپیکرز کانفرنس کا اعلامیہ متفقہ طور پر منظور کرلیا ہے جس میں چیئرمین سینیٹ وبانی چیئرمین آئی ایس سی سید یوسف رضا گیلانی .... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

منحرف پی ٹی آئی سینیٹر کے استعفے پر کارروائی روک دی گئی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) 27 ویں آئینی ترمیم کی منظوری کے معاملے میں پی ٹی آئی کے منحرف سینیٹر سیف اللہ ابڑو کے استعفے پر کارروائی روک دی گئی۔ سینیٹر سیف اللہ ابڑو کے استعفے پر چیئرمین سینیٹ نے دستخط .... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

آئی جی پولیس محمد طاہر سینٹرل پولیس آفس میں پولیس میں ضم ہونے والے رسالدار میجرز کیساتھ ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان ترکیہ کے دکھ میں برابر کا شریک ہے، صدر زرداری

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) صدر مملکت آصف علی زرداری نے ترکیہ میں فوجی طیارے کے حادثے پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان ترکیہ کے دکھ میں برابر کا شریک ہے، ترکیہ اور پاکستان .... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

آئین پاکستان میں حاکمیت اعلیٰ صرف اللہ کی ہے، حافظ نعیم

صدر، وزیراعظم یا کوئی جرنیل، آئین سے کوئی بھی بالاتر نہیں، امیر جماعت اسلامی

ملتان (بیورو رپورٹ) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ آئین پاکستان میں حاکمیت اعلیٰ صرف اللہ کی ہے۔ کوئی بھی آئین .... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

27 ویں ترمیم کے ذریعے آرٹیکل 6 کے کلاز 2 میں تبدیلی کا فیصلہ

کلاز 2 کے تحت سنگین غداری کا عمل کسی بھی عدالت کے ذریعے جائز قرار نہیں دیا جا سکے گا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) 27 ویں ترمیم کے ذریعے آرٹیکل 6 کے کلاز 2 میں تبدیلی کا فیصلہ کرلیا گیا۔ کلاز 2 کے تحت سنگین غداری کا فعل کسی بھی عدالت کے .... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

جوڈیشل کمپلیکس دھماکہ، حملہ آور کو لانیوالے موٹرسائیکل رائیڈر گرفتار

آن لائن موٹرسائیکل رائیڈر نے حملہ آور کو 200 روپے میں کچہری تک پہنچایا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد دھماکہ کے حملہ آور کو جوڈیشل کمپلیکس تک لانے والے موٹرسائیکل رائیڈر کو پکڑ لیا گیا ذرائع کے مطابق خودکش حملہ آور .... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ میں بلدیاتی الیکشن کیلئے حکومت کو فول پروف سیکورٹی انتظامات کا حکم

انتخابات کے لیے امیدوار اپنے کاغذات نامزدگی 13 سے 17 نومبر تک متعلقہ ریٹرننگ افسران کے روبرو جمع کرا سکیں گے

الیکشن کمیشن نے ریٹرننگ افسران کو ہدایات جاری کر دیں، سیاسی جماعتوں وامیدواروں کیلئے سازگار ماحول فراہم کرنے کی تاکید

اسلام آباد (شاکر رحمان) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے حکومت بلوچستان کو کوئٹہ میں بلدیاتی انتخابات کے لیے فول پروف سیکورٹی انتظامات کی ہدایت کر دی ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق بلوچستان کے دارالحکومت میں بلدیاتی انتخابات کے معاملے پر سیکرٹری الیکشن کمیشن عمر حمید خان نے چیف سیکرٹری .... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کے مختلف شہروں میں سردی کی شدت میں اضافہ

زیارت منفی 3 اور کوئٹہ منفی 1 ڈگری تک ریکارڈ، قلات مستونگ میں سردی

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان بھر میں سردی کی لہر برقرار ہے، جب کہ شمالی اور پہاڑی اضلاع میں درجہ حرارت نقطہ انجماد سے نیچے گر گیا۔ زیارت میں منفی 3، کوئٹہ .... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

جنرل ساحر شمشاد مرزا سے تاجک وزیر دفاع کی ملاقات

دو طرفہ دفاعی تعاون کو مزید وسعت دینے کے اقدامات کا جائزہ لیا گیا

راولپنڈی (زاہد احمد خان) تاجک وزیر دفاع کرنل جنرل امام علی عبدالرحیم نے چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی جنرل ساحر شمشاد مرزا سے ملاقات کی جس .... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ کی ہدایت پر تمام طالبات کو ہال میں آنے کی اجازت

دوران خطاب وزیراعلیٰ کی نظر باہر کھڑی طالبات پر پڑی تو اندر بلا لیا

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی میں یوم اقبال کی مناسبت سے منعقدہ تقریب کے دوران طالبات سے خطاب اور انٹرایکشن کے موقع پر سیکورٹی بیریئرز ہٹانے کا حکم دے دیا بعد کو سردار بہادر خان ویمن .... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی ایس بی کے میں یوم اقبال کی مناسبت سے منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

وانا کیڈٹ کالج حملہ، فیلڈ مارشل نے لمحہ بہ لمحہ آپریشن پر نظر رکھی

فیلڈ مارشل نے کہا قوم کے معمار ہمارا سرمایہ ہیں، ان پر کوئی آنچ نہیں آنے دیں گے

دہشت گردوں کو کالج کے مخصوص بلاک میں محدود کیا گیا تاکہ طلبہ کی حفاظت یقینی بنائی جا سکے

رات ساڑھے 10 بجے کے قریب تمام دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا گیا، آپریشن کمانڈر کرنل محمد طاہر

راولپنڈی (زاہد احمد خان) سکیورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ وانا کیڈٹ کالج حملے کے بعد فیلڈ مارشل عاصم منیر نے لمحہ بہ لمحہ آپریشن کی نگرانی کی اور واضح ہدایت دی کہ قوم کے معماروں کو کسی بھی قیمت پر نقصان نہ پہنچے۔ سیکورٹی ذرائع نے بتایا کہ پاک فوج کے جوان .... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

منوڑہ: سمندر میں ڈوب کر 3 میڈیکل کے طالب علم جاں بحق

ایک لاپتہ، تین بیہوشی کی حالت میں ہسپتال منتقل، 1 کی حالت تشویشناک

کراچی (بیورو رپورٹ) کراچی منوڑہ ہمالیہ کے مقام پر سمندر میں نہاتے ہوئے ڈاؤ میڈیکل کالج کے نائٹ ایئر کے ڈی 26 بیچ کے 7 طالب علم ڈوب گئے جن .... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

پی سی بی کی یقین دہانی، سری لنکن کرکٹ ٹیم کا دورہ پاکستان جاری رکھنے کا فیصلہ

سری لنکن کھلاڑیوں سے محسن نقوی کی تفصیلی ملاقات، پاک سری لنکا میچز کا نیا شیڈول جاری کردیا گیا

پاکستان کرکٹ بورڈ نے سری لنکن ٹیم کی سکیورٹی بڑھانے کی یقین دہانی کروائی، سری لنکا سیریز کھیلے گی

اسلام آباد (زاہد احمد خان) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کی یقین دہانی کے بعد پاکستان میں سیریز کھیلنے کیلئے آئی ہوئی سری لنکن کرکٹ ٹیم نے دورہ پاکستان جاری رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔ سری لنکن کرکٹ ٹیم کے منیجر کا بیان سامنے آیا تھا کہ سری لنکن کرکٹ .... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

عدالتی افسران کی تقرری، ایگزیکٹو وعدلیہ کی مشاورت لازمی قرار

عدالت سے مشاورت کے بغیر تقرری غیر قانونی تصور ہوگی، اسلام آباد ہائیکورٹ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد ہائیکورٹ نے خصوصی عدالتوں اور ٹریبونلز کی تشکیل وتعیناتی کے حوالے سے اہم فیصلہ جاری کردیا۔ جسٹس بابر ستار نے .... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

چیف جسٹس یحییٰ آفریدی ہی رہینگے، عہدہ برقرار رہے گا، اچکزئی کی باتوں کا جواب نہیں دونگا، اعظم نذیر تارڑ

ہم نے دیکھا کیسے عدالتوں نے وزیراعظم اور وزرا کی توہین کی، اب کوئی سوموٹو نہیں ہوگا، ترمیم میں اپوزیشن کا ان پٹ آتا تو آئین زیادہ مضبوط ہوتا

اپوزیشن کا کام صرف اپنے لیڈر کیلئے رونا دھونا نہیں، حکومت کو جوابدہ بنانا ہے، ہم فیلڈ مارشل کے عہدے کو آئینی تحفظ دلا رہے ہیں، چیئرمین پی پی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ ہم نے 27 ویں ترمیم کے خدوخال سامنے رکھ دیئے .... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

4 ووٹ ابھی بھی ہماری جیب میں، 28 ویں ترمیم کیلئے رکھ لئے، فیصل واوڈا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سینیٹر فیصل واوڈا نے کہا ہے کہ چار ووٹ ابھی بھی ہماری جیب میں تھے، وہ چار ووٹ .... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

آئینی عدالت کے ججوں کے انٹرویو جوڈیشل کمیشن کرے گا، رانا ثنا

پہلی تعیناتی وزیر اعظم کی ایڈوائس پر ہوگی کیونکہ جوڈیشل کمیشن موجود نہیں ہوگا

صدر ریٹائرمنٹ کے بعد کوئی آفس قبول کرتے ہیں تو انہیں استثنیٰ حاصل نہیں ہوگا، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف کے مشیر برائے سیاسی امور، سینیٹر رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ اگر صدر ریٹائرمنٹ کی زندگی گزارتے ہیں تو استثنیٰ میں کیا برا ہے؟ البتہ اگر صدر ریٹائرمنٹ کے بعد کوئی آفس قبول کرتے ہیں تو انہیں استثنیٰ حاصل نہیں ہوگا۔ پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آئین میں درج ہے کہ اگر کوئی آرٹیکل 6 کی خلاف ورزی کرے گا تو اس کو سزا ملے گی، مشرف اور باجوہ کو کیا مسائل ہوئے ہیں؟ مشرف کے خلاف فیصلہ آیا تو پھر اس فیصلے کا کیا ہوا؟۔ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ آئینی عہدوں کو پوری .... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

ایم ڈی کیٹ پالیسی میں اچانک تبدیلی، پی ایم ڈی سی کو نوٹس جاری

حکم امتناع جاری کرنے کی استدعا مسترد، اسلام آباد ہائی کورٹ نے جمعہ تک جواب طلب کرلیا

18 ویں آئینی ترمیم کے بعد تعلیمی امور زیادہ تر اختیارات صوبوں کو منتقل ہوچکے، عدالت

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد ہائیکورٹ نے ایم ڈی کیٹ پالیسی میں اچانک تبدیلی کے خلاف درخواست پر پی ایم ڈی سی کو نوٹس جاری کرتے ہوئے .... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

شعیب سے طلاق کے بعد ثانیہ کو گھبراہٹ کے دورے پڑے، فرح خان

گفتگو کے دوران خود محسوس کیا کہ ثانیہ پینک اٹیکس کا شکار رہتی تھیں، فلم ساز کی گفتگو

دہلی (م ڈ) بالی ووڈ کی معروف کوریوگرافر اور فلم ساز فرح خان نے انکشاف کیا ہے کہ سابق ٹینس اسٹار ثانیہ مرزا کو شعیب ملک سے طلاق کے بعد گھبراہٹ اور خوف کے دورے پڑے۔ ثانیہ مرزا نے اپنی ذاتی زندگی کے حوالے سے اپنی دوست اور فلم ساز فرح خان .... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

کلیئرنس آپریشن، کیڈٹ کالج حملے میں ملوث خودکش بمبار سمیت 5 خوارج ہلاک

کالج کی عمارت میں تلاشی کا عمل تاحال جاری ہے، بارودی سرنگوں کے خطرات موجود ہیں، کسی طالب علم یا استاد کو نقصان نہیں پہنچا، آئی ایس پی آر

آپریشن میں فورسز نے مہارت کا مظاہرہ کیا، وانا اور اسلام آباد حملے کی تحقیقات کی جائینگی، ٹھوس شواہد عالمی فورمز کیساتھ شیئر کرینگے، عطاء اللہ تارڑ

راولپنڈی (شاکر رحمان) خیبر پختونخوا کے ضلع جنوبی وزیرستان کی تحصیل وانا میں کیڈٹ کالج پر حملہ کرنے والے خودکش بمبار سمیت تمام 5 خوارج کو سیکورٹی فورسز نے آپریشن میں ہلاک کردیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق پیر کو .... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد: اسلامی نظریاتی کونسل کی رائے سے متعلق کیس کی سماعت

کونسل ایڈوائزری باڈی ہے، رائے کیلئے کس نے اپروچ کیا؟، جسٹس محسن اختر کیانی

ترمیم ہو رہی ہے، کونسل بھی تجویز دے کر اختیارات میں اضافہ کروالیتی، ریمارکس

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد ہائی کورٹ میں ایک کیس کی سماعت کے دوران 27 ویں آئینی ترمیم سے متعلق جسٹس محسن اختر کیانی نے دلچسپ ریمارکس دیے .... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

سوات: اے این پی رہنما کی گاڑی پر بم حملہ

سوات (بیورو رپورٹ) سوات کے علاقے مدین میں سڑک کنارے نصب بم دھماکہ، کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ پولیس کے مطابق بم حملہ اے این پی کے رہنما ممتاز علی خان کی گاڑی پر کیا گیا، دھماکے سے گاڑی کو نقصان .... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

ایف بی آر میں 80 سینئر افسران کے ملک گیر تقرر وتبادلے

ملک بھر کے تمام بڑے ٹیکس سنٹرز اور کسٹم فارمیشنز کے اعلیٰ حکام تبدیل

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ایف بی آر میں 80 سینئر عہدیداروں کے یکایک ملک گیر تقرر وتبادلوں سے بھونچال آگیا۔ کراچی، اسلام آباد، لاہور، راولپنڈی اور پشاور سمیت بڑے ٹیکس سنٹرز، کسٹم فارمیشنز کے ڈائریکٹر جنرل اور کلکٹر کمشنرز ممبر تبدیل کر دیے .... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

چیف سیکرٹری شکیل قادر خان کوئٹہ ڈویلپمنٹ، دانش سکول اور دیگر ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاک ایران بارڈر ٹریڈ دسمبر کے پہلے ہفتے میں بحال کرنیکا فیصلہ

تربت کے سرحدی علاقے گبد بارڈر پر ایک اہم نشست، ایرانی حکام کو تاجروں کی مشکلات سے آگاہ کیا

کیم دسمبر کو بارڈر پلر، سوراب مند بلو کراسنگ پوائنٹ کا معائنہ کر کے دوطرفہ تجارت بحال کی جائے گی، حکام

تربت (خ ن، یو این اے) پاک ایران بارڈر ٹریڈ کے حوالے سے تربت کے سرحدی علاقے گبد بارڈر پر ایک اہم ملاقات ہوئی، جس میں دونوں ممالک کے حکام نے تجارتی اور سرحدی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ پاکستانی وفد کی قیادت ڈپٹی کمشنر کیچ بشیر .... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

بالی ووڈ اداکار گووندا کی طبیعت اچانک خراب، ہسپتال منتقل

الجھی پیچیدگیوں اور ذہنی تناؤ کے باعث ہوش وحواس کھو بیٹھے، رپورٹ

ممبئی (م ڈ) بالی ووڈ کے نامور اداکار وسیاست دان گووندا کی طبیعت اچانک خراب ہوگئی اور وہ بے ہوشی کی حالت میں .... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

مریضوں کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے، سیکرٹری صحت

شہید بینظیر بھٹو جنرل ہسپتال گلستان ٹاؤن کے دورے کے موقع پر داؤد خان خلجی کی

ایم ایس ڈاکٹر حسن بلوچ نے سیکرٹری اور سپیشل سیکرٹری کو ہسپتال کے مسائل اور کارکردگی کے بارے بریفنگ دی

آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر سینٹرل پولیس آفس میں پولیس میں ضم ہونے والے رسالدار میجرز کو شیلڈ دے رہے ہیں

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے رکن صوبائی اسمبلی مولانا نور اللہ ملاقات کر رہے ہیں

محنت کشوں کی ویلفیئر گرانٹس اور کم از کم اجرت میں اضافہ ہوا، علی بخش جمالی

یونائیٹڈ ورکرز فیڈریشن کے اجلاس میں پروفیسر علی بابا تاج کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی

کوئٹہ (پ ر) پاکستان یونائیٹڈ ورکرز فیڈریشن بلوچستان کا اجلاس فیڈریشن کے صدر علی بخش جمالی کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں فیڈریشن کے جنرل سیکرٹری پیر محمد کاکڑ نے ایجنڈا پیش کیا اور سابقہ کارکردگی رپورٹ شرکاء کے سامنے رکھی، جسے تفصیلی مشاورت کے بعد تسلی بخش قرار دیا گیا۔ اجلاس کی ابتداء ایپکا اینڈ ڈبلیو یونین کے صدر یار محمد بلوچ اور معروف دانشور و ادیب پروفیسر علی بابا تاج (مرحوم) کی وفات پر گہرے رنج و غم کے اظہار اور ان کے ایصال ثواب کے لیے اجتماعی فاتحہ خوانی کی گئی۔ اجلاس میں چیف آرگنائزر رحمٰن خلجی، حاجی علی محمد ترین، ملک سعید لہڑی، نعمت اللہ، حاجی عبدالمجید، عزیز احمد سارنگزئی، گل حسن، محمد طارق بگٹی، بابو اشرف، محمد اقبال بادینی، محمد عمر اور حمید خان سمیت کابینہ کے دیگر فعال اراکین نے شرکت کی۔ فیڈریشن کی نمایاں کامیابیاں: ورکرز ویلفیئر فنڈ کے پہلے اجلاس میں فیڈریشن کی مؤثر نمائندگی کے نتیجے میں ڈیتھ گرانٹ کو 8 لاکھ سے بڑھا کر 10 لاکھ روپے اور میرج گرانٹ کو 4 لاکھ سے بڑھا کر 6 لاکھ روپے کر دیا گیا، جو محنت کشوں اور ان کے خاندانوں کے لیے ایک بڑی خوشخبری ہے۔ بلوچستان کے مائنز ورکرز کے لیے ہسپتالوں اور اسکولوں میں سہولیات بڑھانے کی غرض سے دو ایمبولینسز کی منظوری دی گئی۔ بلوچستان منیمم ویج بورڈ کے اجلاس میں فیڈریشن کے نمائندے عزیز احمد سارنگزئی و دیگر نے مؤثر مؤقف اختیار کیا، جس کے نتیجے میں کم از کم اجرت 37,000 روپے سے بڑھا کر 40,000 روپے کر دیا گیا، جو مہنگائی کے اس دور میں محنت کشوں کے لیے ریلیف کا باعث بنے گا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے صدر علی بخش جمالی اور جنرل سیکرٹری پیر محمد کاکڑ نے کہا: فیڈریشن محنت کشوں کے ساتھ ہے، اور ہم ان کی خدمت کو عبادت سمجھ کر انجام دے رہے ہیں۔ ہم ہر فورم پر مزدوروں کے مسائل، حقوق اور فلاح کے لیے آواز بلند کرتے رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ یہ تمام کامیابیاں فیڈریشن کی مسلسل جدوجہد اور اتحاد کا ثمر ہیں۔ محنت کشوں کی طاقت ان کی تنظیم میں ہے، اور فیڈریشن ان کے اعتماد پر پورا اترنے کے لیے ہمہ وقت کوشاں رہے گی۔

وزارت توانائی نے اپنا میٹر، اپنی ریڈنگ "کے نام سے موبائل ایپ متعارف کروادی

غلط میٹر ریڈنگ اور اضافی بلوں کی شکایات سے بھی نجات دلانے میں معاون ثابت ہوسکے گا

کوئٹہ (آن لائن) وزارت توانائی (پاور ڈویژن) کے احکامات کی روشنی میں بجلی کے صارفین کیلئے پاور انفارمیشن ٹیکنالوجی کمپنی (پی آئی ٹی سی) کی جانب سے "اپنا میٹر، اپنی ریڈنگ" کے نام سے ایک جدید موبائل ایپ متعارف کروائی گئی ہے۔ جس سے صارفین اپنے استعمال شدہ بجلی یونٹس کی از خود ریڈنگ لے کر براہ راست بلنگ کیلئے ارسال کرسکتے ہیں۔ اس موبائل ایپلی کیشن کے استعمال سے نہ صرف بلنگ کے عمل کو شفاف بنانا ممکن ہوگیا ہے بلکہ صارفین کو اندازے سے لگائے گئے غلط میٹر ریڈنگ اور اضافی بلوں کی شکایات سے بھی نجات دلانے میں معاون ثابت ہوسکے گا۔ کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے صارفین کیلئے بھی یہ جدید ایپ گوگل پلے اسٹور اور ایپل ایپ اسٹور پر دستیاب ہیں جس کا استعمال بھی نہایت آسان ہے۔ صارف کو سب سے پہلے اپنا اکاؤنٹ رجسٹرڈ کروانے ہونگے جس کے بعد ہر ماہ کی مقررہ تاریخ سے قبل اپنے میٹر کی تصویر اپ لوڈ کرواسکتے ہیں جس کا فائدہ صارف کو براہ راست درست اور بروقت بلنگ کی صورت میں حاصل ہوسکے گا۔ لہٰذا کیسکو کے تمام صارفین یہ ایپلی کیشن اپنے موبائل میں انسٹال کرکے اس سہولت سے فائدہ اٹھائیں اور اپنے موبائل فون کے ذریعے میٹر ریڈنگ کے عمل میں از خود شریک ہوکر میٹر کی واضح تصویر اپ لوڈ کریں تاکہ انہیں استعمال شدہ یونٹس کے مطابق درست اور بروقت بلنگ کا حصول یقینی بنایا جاسکے۔

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے سید نصیب الرحمٰن کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

خان شہید کے مشن کو پایہ تکمیل تک پہنچانا ہر کارکن کی ذمہ داری ہے، کبیر افغان

دو دسمبر کے جلسے کی کامیابی کے لیے پور محنت کرتے ہوئے گھر گھر پارٹی پیغام پہنچائیں

کوئٹہ (پ ر) خان شہید کے مشن کو پایہ تکمیل تک پہنچانا کارکنوں کی ذمہ داریوں میں شامل ہیں، پشتونخوامیپ اپنے محبوب چیئرمین محمود خان اچکزئی کی قیادت میں پشتون قومی اہداف کے حصول اور ملک میں آئین کی بالادستی کی جدوجہد کررہی ہے۔ 2 دسمبر کو کوئٹہ میں عظیم الشان اور فقید المثال جلسہ عام ہوگا، کارکن بھرپور محنت کرے اور جلسہ کی کامیابی کے لیے گھر گھر عوامی رابطہ مہم کرکے پارٹی پروگرام عوام تک پہنچائیں۔ ان خیالات کا اظہار پشتونخوامیپ کے صوبائی جنرل سیکرٹری کبیر افغان، ضلع کوئٹہ کے سینئر معاون سیکرٹری نصیر احمد کاکڑ، ضلع معاون ملک یاسین بازئی، تحصیل سیکرٹری ملک نادر کاکڑ، سینئر معاون رحمت ناصر نے ملیلی دوئم علاقائی یونٹ سیکرٹری ملک یاسین ناصر، کچلاغ شرقی علاقائی یونٹ سیکرٹری عبدالرحمٰن افغانی، نوحصار اول علاقائی یونٹ سیکرٹری حاجی احسان اللہ کاکڑ، نوحصار دوئم علاقائی یونٹ سیکرٹری بخت محمد نے مذکورہ بالا علاقائی یونٹوں کے اجلاسوں سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ضلع کمیٹی کے اراکین ملک علیزئی ناصر، حاجی محمد سلیمان تخیل کچلاغ تحصیل سیکرٹری ملک نادر کاکڑ، سینئر معاون سیکرٹری رحمت خان ناصر، نجیب اللہ پانیزئی و دیگر تحصیل کمیٹی کے اراکین بھی موجود تھے۔ منعقدہ اجلاسوں سے پارٹی رہنماؤں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کچلاغ تحصیل میں امن وامان کی صورتحال روز بروز بگڑتی جارہی ہے، سیکورٹی کے نام پر قائم چیک پوسٹوں پر عوام کی تذلیل کی جارہی ہے لیکن جرائم پیشہ عناصر کو کھلی چھوٹ دی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ چوری، ڈکیتی کے وارداتوں میں اضافے کے باعث شہریوں کو جان ومال کا سنگین خطرات لاحق ہوچکے ہیں اور ان واقعات میں شہریوں کے نہ صرف زخمی کیا جاتا ہے بلکہ انسانی جان لینے سے بھی گریز نہیں کیا جاتا۔ پولیس وانتظامیہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے امن وامان کے قیام کے لیے اقدامات اٹھائیں۔

زمینوں کی سیٹلمنٹ کے معاملات میں شفافیت کو یقینی بنایا جائے، ڈی سی کوئٹہ

اپنی زیر صدارت سیٹلمنٹ اور ریونیو آفیسرز کے اجلاس میں مہراللہ بادینی کی ہدایت

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیر صدارت ضلع کوئٹہ میں موجود ان سیٹل زمینوں کے حوالے سے ایک اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں سیٹلمنٹ آفیسر اور ریونیو آفیسر نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کو سیٹل اور ان سیٹل زمینوں کی صورتحال، درپیش مسائل اور ان کے فوری حل کے لیے اٹھائے جانے والے اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ عوامی مفاد سے متعلق معاملات کو شفاف اور جلد از جلد نمٹایا جائے تاکہ عوام کو درپیش مشکلات میں کمی لائی جاسکے۔

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی پہنچنے پر استقبال کیا جارہا ہے

2 دسمبر کا جلسہ ملک کی سیاست پر گہرے اثرات مرتب کرے گا، وارث افغان

شہید عبدالصمد خان اچکزئی کے مشن کو محمود خان اچکزئی آگے لے جارہے ہیں، اجلاس میں خطاب

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن جنوبی پشتونخوا زونل باڈی کا اجلاس زونل آرگنائزر وارث افغان کے زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں مختلف تنظیمی امور زیر بحث رہے۔ جنوبی پشتونخوا کے تنظیمی اور تعلیمی صورتحال پر مفصل بحث ہوئی۔ تنظیمی فعالیت کے زونل اراکین پر مشتمل تشکیل شدہ کمیٹیوں نے اپنی رپورٹس پیش کیں اور مزید فعالیت کے لیے تمام ممبران کو ہدایات جاری کی گئی۔ اجلاس میں پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن سے ملحقہ تمام ضلعی تنظیموں کو ہدایت کی گئی کہ برصغیر پاک وہند اور پشتونخوا وطن کی آزادی کے عظیم سالار خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی کی شہادت کی 52 ویں برسی کے عظیم الشان جلسہ عام کو کامیاب بنانے کے لیے اپنی تنظیمی فعالیت تیز کرے اور بھرپور انداز میں جلسہ عام میں شرکت کے لیے تیاریاں کرے۔ اجلاس میں کہا گیا کہ 2 دسمبر کا جلسہ نہ صرف پشتونخوا وطن بلکہ پورے ملک کے سیاست پر ایک گہرا اثر رکھے گی۔ یہ ایک تاریخ ساز جلسہ ہوگا اور موجودہ فارم 47 حکومت کے خلاف عوامی ریفرنڈم ثابت ہوگا۔ جس طرح ماضی میں بانی تحریک خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی نے وقت کے آمروں کا ڈٹ کر مقابلہ کیا، قید وبند کی صعوبتیں برداشت کیں بالکل اسی طرح آج محترم مشر محمود خان اچکزئی وقت کے جابر حکمرانوں کے سامنے کلمہ حق بلند کیئے ہوئے ہیں اس بات پر فخر ہے کہ آج پورے ملک کی عوام اور حقیقی نمائندے محترم مشر محمود خان اچکزئی کی صف میں کھڑے ہوکر ظلم کے خلاف آواز بلند کررہے ہیں۔ پشتونخوا سٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے تمام ممبران جلسہ عام کو کامیاب بنانے کے لیے تیاری شروع کرے۔

حکمرانوں کی طرح عزت واحترام عوام کا بھی حق ہے، لالہ یوسف خلجی

عوامی تحفظ اور وقار کو یقینی نہیں بنایا گیا تو شیشے کے محلوں میں بیٹھنے والے بھی محفوظ نہیں رہیں گے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان امن جرگے کے سربراہ لالہ یوسف خلجی نے کہا کہ حکمرانوں کی طرح عوام کو بھی عزت اور احترام چاہئے اگر حکمرانوں نے عوام کے تحفظ اور عزت واحترام کیلئے اقدامات نہ کئے تو شیشے کے محلوں میں بیٹھے حکمران بھی محفوظ نہیں رہیں گے، حکمران اور ادارے عوام کے جان و مال کے تحفظ کی بجائے اپنے تحفظ میں لگے ہوئے ہیں۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں لالہ یوسف خلجی نے کہا کہ عوام کے ووٹوں کی طاقت سے اقتدار اور ایوانوں میں پہنچنے والے حکمران اور سیاسی جماعتوں کے قائدین عوام کو بھیڑ بکریاں سمجھ رہے ہیں جس طرح حکمرانوں کو عزت اور احترام چاہئے اسی طرح عوام بھی ان سے عزت اور احترام چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صاحب اقتدار اور سیاسی جماعتوں کے قائدین ارکان قومی و صوبائی اسمبلی اور سینیٹرز عوام کی خدمت کی بجائے لوٹ مار اور کرپشن میں مصروف ہیں انہیں عوام کے مسائل سے کوئی سروکار نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں روز بروز امن وامان کی صورتحال خراب ہوتی جارہی ہے اور قومی شاہراہوں پر سفر کرنا عوام کیلئے مشکل ہوچکا ہے جن حکمرانوں اور اداروں نے عوام کا تحفظ کرنا تھا وہ اپنے تحفظ میں لگے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شیشے کے محلوں میں بیٹھے ہوئے حکمران اور سیاسی جماعتوں کے قائدین محلوں سے باہر نکل کر عوام کو عزت واحترام دیں اور انکے مسائل حل کرنے کیلئے عملی اقدامات اٹھائیں بصورت دیگر وہ دن دور نہیں جب عوام کے ہاتھ اور حکمرانوں کے گریبان ہونگے۔

کیو ڈی اے کی نگرانی میں کوئٹہ ترقیاتی پیکج پر کام تیزی سے جاری ہے، قبائلی رہنما

سیکرٹری صحت داؤد خان خلجی شہید بینظیر بھٹو جنرل ہسپتال کے دورے کے موقع پر مختلف شعبوں کا معائنہ کر رہے ہیں اسپیشل سیکرٹری صحت خشک بلوچ بھی ہمراہ ہیں

طلبہ کو سیرت النبیؐ کے آفاقی پیغام سے روشناس کراتے رہیں گے، پروفیسر سارہ معین

گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج میں سیرت النبیؐ کانفرنس نہایت عقیدت واحترام کے ساتھ منائی

کوئٹہ (آن لائن) گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج میں سیرت النبیؐ کانفرنس نہایت عقیدت واحترام کے ساتھ منعقد ہوئی۔ کانفرنس کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا۔ اس پر نور محفل کی مہمان خصوصی معروف نعت خواں پروفیسر سارہ معین نے اپنی خوبصورت آواز میں اللہ کے آخری نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی مداح سرائی کرکے حاضرین کے دلوں کو محبت رسولؐ سے منور کیا۔ سیرت النبیؐ کانفرنس کی آرگنائزنگ کمیٹی کی سیکرٹری پروفیسر شازیہ منصور تھیں ان کی معاونت پروفیسر غیاث اور پروفیسر روبینہ نے کی۔ جان محمد بروہی گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج گلشن معمار میں منعقد ہونے والی دو روزہ سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم کانفرنس کے پہلے مرحلے میں حسن قرأت، نعت خوانی اور تقریری مقابلے منعقد ہوئے جس میں طالبات نے بھرپور حصہ لیا۔ سیرت کانفرنس کی روح رواں کالج کی پرنسپل تہمینہ مشتاق نے پوزیشن حاصل کرنے والی طالبات کو اسناد سے نوازا اور طالبات پر زور دیا کہ وہ اپنے اندر اسلامی اقدار کو پروان چڑھائیں اور آقائے نامدار صلی اللہ علیہ وسلم کے بتائے گئے اوصاف پر عمل کرکے اپنی زندگی کو آنیوالی نسل کیلئے عملی نمونہ بنائیں۔ سیرت النبیؐ کانفرنس کے دوسرے روز معروف دینی اور علمی درسگاہ جامع الرشید کے مولانا محمد علی ظفر نے ختم نبوت کے موضوع پر روشنی ڈالی اور سیرت نبی صلی اللہ علیہ وسلم بیان کی، انہوں نے حضور پاک صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے ختم رسل ہونے پر دلائل دیے اور ایمان افروز خطاب سے طالبات اور حاضرین کے بنیادی معلومات میں اضافہ کیا۔ مہمان خصوصی معروف نعت خواں پروفیسر سارہ معین نے کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سیرت النبیؐ ایک کامل ضابطہ حیات اور ہر انسان کیلئے ذریعہ ہدایت ہے، اللہ کے آخری نبیؐ نے دشمنوں کو بھی عفو ودرگزر اور اعلیٰ اخلاق سے جیتا، آج کے دور میں ہماری ذمہ داری ہے کہ اپنی زندگیاں حضورؐ کی تعلیمات کے مطابق ڈھالیں۔ جان محمد بروہی گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج گلشن معمار کی پرنسپل تہمینہ مشتاق نے اسلام میں صلاح رحمی کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ کالج علمی، فکری، سماجی اور ثقافتی سرگرمیوں کے ذریعے طلبہ کو سیرت النبیؐ کے آفاقی پیغام سے روشناس کراتا رہے گا

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار کو بے نظیر کفالت پروگرام کی قسط ادا کردی

کوئٹہ (آن لائن) وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار بی بی شازیہ کو بے نظیر کفالت پروگرام کی قسط کی رقم 13500 روپے دلوا دیے گئے۔ درخواست گزار بی بی شازیہ نے بتایا کہ وہ متعدد بار متعلقہ محکمہ (بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام) کے دفتر جاکر رجسٹریشن کروا چکی ہے لیکن ہر بار انکار کرنے کا کہا جاتا۔ اور کوئی عمل نہ کیا جاتا۔ لہٰذا، درخواست گزار نے متعلقہ محکمے کی عدم توجہی اور تاخیر کے خلاف وفاقی محتسب کوئٹہ میں درخواست جمع کی۔ درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کوئٹہ نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کرکے کیس کی فوری سماعت شروع کردی۔ سماعت کے دوران متعلقہ محکمہ کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکا۔ لہٰذا، وفاقی محتسب نے احکامات جاری کیے کہ درخواست گزار کو بے نظیر کفالت پروگرام کی رقم ادا کی جائے۔ احکامات موصول ہوتے ہی متعلقہ محکمے نے درخواست گزار کو بے نظیر کفالت پروگرام کی قسط کی رقم 13500 روپے جاری کردیئے۔ اس بروقت اور منصفانہ فیصلے پر درخواست گزار نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا۔

پنجگور سے مکران تک روزگار کے دروازے بند

کوئٹہ (یو این اے) آل پارٹیز شہری ایکشن کمیٹی پنجگور نے موجودہ حکومت پر الزام عائد کیا ہے کہ پنجگور سے لیکر مکران تک لوگوں کے روزگار کے دروازے بند کرنے کی سازش کی جارہی ہے۔ کمیٹی کے ترجمان نے کہا کہ حکومت بارڈر کے روزگار، جو نوجوانوں اور غریب عوام کے لیے ایک قدرتی ذریعہ تھا، اسے سمگلنگ کے نام پر محدود کرنے کی مذموم کوششوں میں مصروف ہے۔ ترجمان نے کہا کہ ریاست اور حکومت گزشتہ 70 سالوں سے بلوچستان میں روزگار کے متبادل ذرائع پیدا کرنے میں ناکام رہی ہیں، جبکہ ہر سال 40 ارب روپے کا NFC ایوارڈ صوبے کو ملتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس کے باوجود عوام کے لیے روزگار کے مواقع فراہم نہیں کیے گئے اور صرف وزراء، بیوروکریٹس اور منشیات فروشوں کے لیے بارڈر کھلے ہیں۔

اسلام آباد کچہری، وانا میں کیڈٹ کالج پر حملہ قابل مذمت ہے، چوہدری نعیم کریم

معصوم شہریوں کو نشانہ بنانے والے دہشت گرد عناصر کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں

کوئٹہ (اے پی پی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی سینئر رہنما، و وزیراعظم یوتھ پروگرام بلوچستان کے فوکل پرسن چوہدری نعیم کریم نے اسلام آباد کچہری اور وانا میں کیڈٹ کالج پر حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بے گناہ اور معصوم شہریوں کو نشانہ بنانے والے دہشت گرد عناصر کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں ہیں، پاک فوج اور دیگر سیکورٹی ادارے دہشتگردی کی لعنت کے خاتمے کیلئے کوشاں ہیں، اور انشاء اللہ جلد پاکستان سے دہشت گردوں کا صفایا کردیا جائے گا، بھارت افغانستان کے راستے پاکستان میں دہشت گردی کی کارروائیوں میں براہ راست ملوث ہے جس کے ثبوت پاکستان نے ہمیشہ دنیا کے سامنے پیش کئے ہیں۔ مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے رابطہ آفس سے جاری ہونے والے ایک بیان میں چوہدری نعیم کریم نے کہا کہ اسلام آباد کچہری کے باہر خودکش دھماکے کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے واقعہ میں ملوث دہشت گرد عناصر مسلمان تو کیا انسان کہلانے کے بھی مستحق نہیں ہیں، دہشتگرد عناصر اپنے غیر ملکی آقاؤں کی خوشنودی کیلئے بے گناہ اور معصوم شہریوں کو نشانہ بنا رہے ہیں، طالبان حکومت فتنہ الہندوستان کے دہشت گرد عناصر کو لگام ڈالے بصورت دیگر پاک فوج اور سیکورٹی ادارے دہشت گردوں کے خلاف جوابی کارروائی کا حق محفوظ رکھتے ہیں۔

رکن صوبائی اسمبلی شیخ زرک مندوخیل سے مسلم لیگ ق کے مرکزی رہنما الیاس آرٹا عصر ملاقات کر رہے ہیں

کوئٹہ پر عملدرآمد کو یقینی اور شفاف بنایا جائے، ندا محمد مینگل

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) پی سما سول اسپتال کوئٹہ کے صدر حاجی ندا محمد مینگل، جنرل سیکرٹری عصمت اللہ زہری، چیئرمین حاجی غنی بزنجو اور کابینہ نے مشترکہ پریس ریلیز جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ سول اسپتال کوئٹہ کے مختلف ڈیپارٹمنٹ جس میں کارڈیک، سرجری اور دیگر سیکشن میں بلوچستان ہیلتھ کارڈ کے توسط عوام کو صحت کی مفت فراہمی جاری ہے ہیلتھ کارڈ میں پیرامیڈکس کیلئے مخصوص کوٹہ فراہم کیا گیا ہے جبکی ادائیگی میں ہیلتھ کارڈ انتظامیہ کی طرف سے تاخیری حربے نا قابل برداشت ہوچکا ہے، گزشتہ آٹھ ماہ سے اسٹاف کو ادائیگی نہیں کی گئی ہے اور اس سے قبل بھی ادائیگی میں غیر منصفانہ اور خلاف میریٹ پسند نہ پسند کی بنیاد پر منظور نظر لوگوں میں بندر بانٹ کیا گیا ہے جس پر انتظامیہ کو بھی پی سما 2076 قیادت نے اپنے تحفظات سے آگاہ کیا، پی سما 2076 یونٹ سیکرٹری ہیلتھ سے مطالبہ کرتی ہے کہ بلوچستان ہیلتھ کارڈ میں کام کرنے والے اسٹاف کی ادائیگی کی بروقت فراہمی کے احکامات جاری کئے جائیں اور ملازمین میں موجود بے چینی کا خاتمہ کیا جائے۔

انسٹی ٹیوٹ آف نیفرو یورولوجی کوئٹہ میں تربیتی سیمینار کا انعقاد کیا گیا

سی ای او بنیوق پروفیسر ڈاکٹر لیاقت آغا نے سیمینار کے شرکا میں شیلڈ پیش کی

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) بلوچستان انسٹی ٹیوٹ آف نیفرو یورولوجی کوئٹہ میں کلیوی امراض کے سی این ایس مظاہرہ پر تعلیمی سیشن۔ Renal Of Manifeststion Diseases) کلیوی امراض کے "سی این ایس مظاہرہ OfManifeststionCNS)" پر ایک تعلیمی سیشن۔ بروز بدھ، 12 نومبر 2025 کو بلوچستان انسٹی ٹیوٹ آف نیفرو یورولوجی کوئٹہ (BINUQ) میں منعقد ہوا۔ اس سیشن کا اہتمام چیف ایگزیکٹو بنیوق، پروفیسر ڈاکٹر سید لیاقت علی آغا کی بھرپور کوشش سے ممکن ہوا۔ سیشن سے خطاب پروفیسر ڈاکٹر نور احمد کھوسہ، ڈین پی جی ایم آئی اور بولان میڈیکل کالج کوئٹہ کے نیورولوجی شعبے کے سربراہ نے کیا۔ اس سیشن میں کلیوی امراض (CNS RenaDfManifeststion DiseasesCNS) کے ساتھ جڑی نیورولوجیکل پیچیدگیوں پر اہم گفتگو کی گئی، جو BINUQ کے فیکلٹی ممبران، پوسٹ گریجویٹ اسٹوڈنٹس اور میڈیکل افسران کے لیے انتہائی اہمیت کی حامل ہے۔ ایسا مظاہرہ عموماً کرانک کڈنی ڈیزیز (CKD) کے مریضوں کے معمول کے انتظام میں دیکھے جاتے ہیں، جس کی بناء پر یہ سیشن BINUQ کے صحت کی دیکھ بھال فراہم کرنے والوں کے لیے بہت قیمتی ثابت ہوئی۔ اکیڈیمک سیشن کے اختتام پر ڈاکٹر راشد حسین (یورولوجی ڈیپارٹمنٹ) نے بنیوق کی طرف سے پروفیسر ڈاکٹر نور احمد کھوسہ کا شکریہ ادا کیا اور سی ای او بنیوق پروفیسر ڈاکٹر لیاقت آغا نے انکو شیلڈ پیش کی۔

خان شہید نے نہایت کم عمری میں سامراج کے خلاف عملی جدوجہد شروع کی، رحیم زیارتوال

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ کے ضلعی کمیٹی کا اجلاس پارٹی کے صوبائی سینئر نائب صدر و ضلع کوئٹہ کے سیکرٹری سید شراف آغا کی صدارت میں پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں مرکزی پارٹی کی جانب سے 2 دسمبر 2025ء صغیر پاک وہند اور پشتونخوا وطن کے عظیم رہنما، عبدالصمد خان اچکزئی شہید کی 52 ویں برسی کی تیاریوں کو زیر بحث لایا گیا اور مختلف فیصلے کیے گئے۔ اجلاس میں پارٹی کارکنوں کو ہدایت کی گئی کہ وہ اپنے تنظیمی میٹنگز اور اس میں پارٹی، عوام، سیاسی جمہوری قوتوں کو متحرک کرنے کا فریضہ سرانجام دینے اور عوام کو جلسے میں شریک کرنے کی پرزور مہم چلائیں۔ اجلاس سے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال، مرکزی سیکرٹری ڈاکٹر حامد خان اچکزئی، سید شراف آغا، صوبائی جنرل سیکرٹری کبیر افغان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ خان شہید نے نہایت کم عمری میں فرنگی سامراج کے خلاف اپنی سیاست کا آغاز کیا تھا۔

سائنس کالج میں آج ہونے والے ایوارڈ شو روکنے کی مذمت کرتے ہیں، بہادر خان کاکڑ

ایوارڈ شو کا مقصد تعلیمی دنیا میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والوں کی حوصلہ افزائی کرنا تھا

کوئٹہ (آن لائن) ناظم اسلامی جمعیت طلبہ بلوچستان بہادر خان کاکڑ کوئٹہ کے ناظم اخونزادہ عطا الرحمٰن نے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے اسلامی جمعیت طلبہ کے زیر اہتمام گورنمنٹ سائنس کالج میں 13 نومبر کو ہونے والے گرینڈ ایکسیلنس ایوارڈز شو اور نئے آنے والے طلبہ کیلئے ویلکم پارٹی کو بزور بازو اور مکمل جبر کیساتھ روکنے کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ اسلامی جمعیت طلبا کی تعلیم وطلبا دوستی روز روشن کی طرح عیاں ہیں تعلیمی قابل اور تعلیمی دنیا میں بہترین کارکردگی کے حامل طلبا کو بہترین خدمات سرانجام دینے والے اساتذہ کرام کی حوصلہ افزائی کیلئے اسلامی جمعیت طلبا ملک بھر کی طرح بلوچستان بھر اور کوئٹہ کے بڑے بہترین تعلیمی اداروں میں ہر سال ایوارڈ شو کرتے ہیں جس میں تعلیمی اداروں وانتظامیہ کے لوگ بھی تعلیم دوستی وطلبا خدمت وحوصلہ افزائی کیلئے تعاون کرتے ہیں بدقسمتی سے اب ہمارا سائنس کالج میں آج جمعرات 13 نومبر کو ہونے والا گرینڈ ایکسیلنس ایوارڈ شو اور نئے طلبا کیلئے ویلکم پارٹی کے انتظامات وتیاریوں میں ضلعی انتظامیہ بزور طاقت رکاوٹ ڈال رہی ہے جس کی ہم مذمت کرتے ہیں تعلیم وطلبا دوستی سرگرمی کی حوصلہ افزائی کے بجائے حوصلہ شکنی رکاوٹیں ڈالنا کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔

چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو انجینئر یوسف شاہ خان لورالائی (آپریشن) سرکل کے دورہ کے موقع پر کیسکو افسران سے خطاب کر رہے ہیں

گیس پریشر میں کمی، رات میں گیس کی بندش کی مذمت کرتے ہیں، پشتونخوانیپ

گیس کمپنی کا طرز عمل سرد موسم میں شہریوں کو شدید اذیت اور مشکلات کا باعث بن رہا ہے

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ کوئٹہ شہر اور صوبے کے دیگر علاقوں میں شدید سردی کے باوجود گیس پریشر میں کمی اور رات کے اوقات میں گیس کی مکمل بندش پر سخت تشویش اور غم وغصے کا اظہار کیا گیا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ سوئی سدرن گیس کمپنی کا عوام دشمن طرز عمل اس سرد موسم میں شہریوں کے لیے شدید اذیت اور مشکلات کا باعث بن گیا ہے۔ گھروں میں چولہے بند ہیں، بچے، بزرگ اور مریض سخت سردی میں ٹھٹھرنے پر مجبور ہیں، جبکہ درجنوں علاقوں میں گیس کی بندش کے باعث کئی افسوسناک واقعات پیش آچکے ہیں جن سے قیمتی انسانی جانوں کا ضیاع ہوا۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی نے متعدد بار گیس کمپنی کے حکام سے ملاقاتیں میں گیس اور عوامی مشکلات سے آگاہ کیا، مگر افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ اب تک کسی بھی سطح پر کوئی عملی قدم نہیں اٹھایا گیا۔ گیس پریشر کی بہتری اور فراہمی یقینی بنانے کے بجائے کمپنی نے اپنی روایتی غفلت اور بے حسی کا مظاہرہ کیا ہے۔ پارٹی نے واضح کیا کہ اگر صورتحال یہی رہی اور عوام کو ریلیف نہ ملا تو لوگ احتجاجی مظاہروں پر مجبور ہوں گے، جس کی تمام تر ذمہ داری سوئی سدرن گیس کمپنی اور متعلقہ حکومتی اداروں پر عائد ہوگی۔ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی نے سوئی سدرن گیس کمپنی کے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا کہ فوری طور پر گیس کی فراہمی بحال کی جائے، پریشر کو متوازن رکھا جائے، اور اس سنگین مسئلے کے ذمہ داران کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے تاکہ عوام کو مزید اذیت سے نجات مل سکے۔

سینئر انسٹرکٹرز کی ایڈجسٹمنٹ پر ڈائریکٹر تربیت کے مشکور ہیں، محمد اعظم رئیسانی

کوئٹہ (پ ر) آفیسرز ایسوسی ایشن محنت و افرادی قوت یونٹ کے صدر میر محمد اعظم رئیسانی اور جنرل سیکرٹری خیر محمد رند نے اپنے مشترکہ بیان میں چھ سینئر انسٹرکٹرز کی ایڈجسٹمنٹ پر ڈائریکٹر افرادی قوت و تربیت بلوچستان ارشاد احمد کا شکریہ ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈائریکٹر افرادی قوت وتربیت بلوچستان محکمہ کے ملازمین کے مسائل حل کرنے میں خصوصی دلچسپی لے رہے ہیں اور ان کی ذاتی کاوشوں سے کئی عرصہ سے زیر التوا مسائل حل ہورہے ہیں۔ رہنماؤں نے مزید کہا کہ ارشاد احمد کی مثبت سوچ اور محنت سے محکمہ میں بہتری اور شفافیت آرہی ہے، جس سے ملازمین کا اعتماد بحال ہوا ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ ڈائریکٹر آئندہ بھی اسی جذبے اور کارکردگی کا مظاہرہ کرتے رہیں گے اور ٹیکنیکل کیڈر کے گریڈ 17 کے سروس رولز کی جلد منظوری کے لیے اپنا مؤثر کردار ادا کریں گے۔

گیس پریشر کی کمی اور مسلسل بندش، قابل مذمت ہے، غلام نبی مری

گیس کمپنی کی نااہلی کے باعث شہری، گھریلو خواتین شدید مشکلات کا شکار ہیں

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے ممبر اور ضلع کوئٹہ کے صدر غلام نبی مری نے کوئٹہ شہر میں گیس کے کم پریشر اور مسلسل بندش کے مسئلے پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ سردی کی شدت میں اضافہ ہونے کے باوجود سوئی سدرن گیس کمپنی کی نااہلی اور حکومت کی غفلت کے باعث شہری، بالخصوص گھریلو خواتین شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ اپنے جاری کردہ بیان میں انہوں نے کہا کہ صبح وشام کے اوقات میں گیس کا پریشر نہ ہونے سے گھروں میں کھانا پکانا، بچوں کو ناشتہ دینا اور روزمرہ امور انجام دینا تقریباً ناممکن ہوگیا ہے۔ کوئٹہ جیسے سرد علاقے میں جہاں درجہ حرارت منفی میں چلا جاتا ہے، وہاں گیس کی بندش عوام کے ساتھ سراسر ناانصافی اور مجرمانہ غفلت ہے۔ غلام نبی مری نے کہا کہ بی این پی نے ہمیشہ عوامی مسائل پر آواز اٹھائی ہے، اور اگر حکومت نے گیس کے مسئلے کے فوری حل کے لیے اقدامات نہ کیے تو بلوچستان نیشنل پارٹی عوام کے ساتھ مل کر سخت احتجاجی لائحہ عمل اختیار کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ گیس بلوچستان کی اپنی پیداوار ہے لیکن افسوسناک حقیقت یہ ہے کہ سب سے زیادہ محرومی اسی صوبے کے عوام کو ہے۔ انہوں نے حکام بالا، وزارت پیٹرولیم، اور سوئی سدرن گیس کمپنی سے مطالبہ کیا کہ کوئٹہ شہر کے تمام علاقوں میں گیس پریشر کو نارمل کیا جائے، شیڈول کے مطابق فراہمی یقینی بنائی جائے، اور گھریلو صارفین کو ترجیح دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ گھریلو خواتین، بزرگ، اور بچے سخت سردی میں اذیت برداشت کر رہے ہیں۔ حکومت اگر عوام کے ساتھ ہمدرد ہے تو فوری طور پر ایمرجنسی پلان ترتیب دے کر کوئٹہ کے شہریوں کو ریلیف فراہم کرے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ صبر وتحمل کے ساتھ اپنے جائز حقوق کے لیے متحد رہیں، کیونکہ بی این پی ان کی آواز بن کر ہر فورم پر یہ مسئلہ اجاگر کرے گی۔

طلباء کی صلاحیتوں کو نکھارنے کے مواقع فراہم کررہے ہیں، ایمل خان

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کیمبرج سیکنڈری سکول اے ون سٹی کے زیر اہتمام گذشتہ روز سائنسی نمائش کا اہتمام کیا گیا جس کا مقصد طلباء کو صحت مندانہ سرگرمیوں کے مواقع فراہم کرنا ہے سائنسی نمائش میں والدین سمیت اساتذہ نے بھرپور شرکت کی اس موقع پر پرنسپل ایمل خان کا کہنا تھا کہ ہماری بھرپور کوشش ہے کہ بچوں کو صحت مندانہ سرگرمیوں کے مواقع فراہم کریں سائنسی نمائش بھی اسی سلسلے کی کڑی ہے۔ نمائش میں مختلف جماعتوں کے طلباء نے ماڈلز کے ذریعے فزکس، کیمسٹری، بیالوجی اور دیگر مضامین سے متعلق شرکاء کو بریفنگ دی شرکاء نے طلباء کی کاوش اور محنت کو سراہا اور کہا کہ کیمبرج سکول نے ہمیشہ طلباء کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار کا موقع دیا ہے اور آج کی نمائش میں طلباء نے جس دلچسپی کا مظاہرہ کیا اور اساتذہ کی رہنمائی سے ماڈلز کی تیاری کی جو قابل ستائش ہے

بروقت تشخیص سے زندگی کو بچایا جاسکتا ہے، ڈپٹی سیکرٹری صحت

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ڈپٹی سیکرٹری ہیلتھ بلوچستان خلیل مراد، بولان میڈیکل ہسپتال کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر آصف شاہوانی، پروفیسر ڈاکٹر جہانگیر، روفیسر ڈاکٹر خلیل، ڈاکٹر شائفہ شاہنواز، ڈاکٹر منعم عالم خان نے کہا ہے کہ منہ کے کینسر کی بروقت تشخیص کرکے زندگی کو بچایا جاسکتا ہے منہ کے کینسر کی بروقت تشخیص سے علاج کے امکانات بڑھ جاتے ہیں۔ یہ بات انہوں نے ہفتہ کو منہ کے کینسر کی اسکریننگ اور آگاہی سے متعلق کیمپ کے موقع پر بولان میڈیکل ہسپتال میں واک کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہی واک میں ڈاکٹر نسیم سنگلے زئی، ڈاکٹر پارس مینگل، ڈاکٹر اسعد، ڈاکٹر سراج سمیت دیگر نے بڑی تعداد میں شرکت کی اس سے قبل بولان میڈیکل ہسپتال میں عوام میں منہ کے کینسر سے بچاؤ کیلئے آگاہی سے متعلق کیمپ کا بھی انعقاد کیا گیا جہاں ڈاکٹروں نے لوگوں کو منہ کے کینسر سے بچاؤ سے متعلق آگاہی دی۔ مقررین نے واک کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ منہ کا کینسر کی ایک قسم جو منہ یا گلے کے ٹشوز میں نشوونما پاتی ہے۔

کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے اولڈ منگلی فیڈر سے آج بجلی بند رہے

زرغون گرڈ اسٹیشن سے نواں کلی بائی پاس عسکری نو فیڈروں سے 9 تا 3 تک بجلی بند ہوگی

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق کوئٹہ پروجیکٹ منصوبے کے تحت شہر کے مختلف علاقوں میں سڑکوں کی توسیع اور ترقیاتی کام کئے جارہے ہیں۔ اس سلسلے میں برقی لائنوں کی شفٹنگ اور کھمبوں کی تنصیب کیلئے 13 نومبر کو (بروز جمعرات) کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے اولڈ منگلی، پی اے ایف، انٹرکنیکٹر، جی او آر کالونی فیڈرز جبکہ سریاب گرڈ اسٹیشن کے سریاب ون، سریاب ٹو، واسا، کرانی، ہزارہ ٹاؤن، منگلی ایکسپریس، سرکی روڈ، خیر بخش مری، شیخ ماندہ گرڈ اسٹیشن کے جیل نور، ویسٹرن بائی پاس، خروٹ آباد، دارم فیڈروں سے صبح 10:30 بجے تا دوپہر 2:30 بجے بجلی بند رہے گی نیز اسی روز مری آباد گرڈ کے کاسی ون، کاسی ٹو فیڈرز جبکہ انڈسٹریل گرڈ کے سریاب مل، شاہنواز، شموزئی، واسا، ایف جی ایس کالونی، میاں غنڈی فیڈروں سے 11 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بند ہوگی۔ اسی طرح 14 نومبر کو (بروز جمعہ) مری آباد گرڈ اسٹیشن کے مری آباد فیڈر جبکہ سریاب گرڈ اسٹیشن کے اولڈ لیاقت بازار، نیو جان محمد، اولڈ جان محمد روڈ فیڈروں سے صبح 10 بجے سے دوپہر 2 بجے تک بجلی بند رہیگی۔ اسکے علاوہ مختلف گرڈ اسٹیشن اور ٹرانسمیشن لائنز پر ضروری مرمتی کاموں کے سلسلے میں 13 نومبر (بروز جمعرات) کوئٹہ زرغون گرڈ اسٹیشن کے 11kv نواں کلی بائی پاس، صاحبزادہ، ایف سی، زرغون ون، زرغون ٹو، صاحبزادہ کاریز، عسکری ٹو فیڈروں سے صبح 9 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بند ہوگی۔ اسی طرح 14 نومبر کو خضدار گرڈ اسٹیشن سے صبح 9 بجے سے دن ایک بجے تک جبکہ مستونگ گرڈ اسٹیشن سے صبح 10 بجے تا دوپہر 2 بجے بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔ تاہم کیسکو نے اس دورانیہ میں بجلی بندش پر زحمت کیلئے متعلقہ صارفین سے پیشگی معذرت اور تعاون کی اپیل کی ہے۔

صوبائی سیکرٹری منصوبہ بندی وترقیات بلوچستان کی قیادت میں بیورو آف سٹیٹسٹکس بلوچستان کی ٹیم ڈیٹا فیسٹ 2025 میں شریک ہے

بدلتے موسمی حالات، آن لائن سیشن میں تربت یونیورسٹی کے طلباء کی شرکت

کوئٹہ (پ ر) موسمیاتی تبدیلی اور پائیدار ترقی: آگاہی اور عملی اقدامات کے عنوان سے ایک آن لائن سیشن منعقد ہوا جس میں یونیورسٹی آف تربت کے طلبہ وطالبات نے بھرپور شرکت کی۔ نیشنل یوتھ لیڈرشپ پروگرام (این ایل وائی پی) کے زیراہتمام منعقد ہونے والے اس سیشن میں این ایل وائی پی کے چیئرمین خوجہ شیراز علی اور یونیورسٹی آف تربت کے شعبہ کیمسٹری کی طالبہ اور این ایل وائی پی کی صدر زہرہ پٹھان نے مشترکہ طور پر سیشن کی میزبانی کی۔ سیشن کے آغاز میں شرکاء اور مقررین کا خیر مقدم کرتے ہوئے این ایل وائی پی کی صدر اور تربت یونیورسٹی کی طالبہ زہرہ پٹھان نے کہا کہ اس پروگرام کا بنیادی مقصد موسمیاتی تبدیلی کے مختلف پہلوؤں کے بارے میں آگاہی فراہم کرنے کے علاوہ پائیدار ترقی کے فروغ کے لیے عالمی ومقامی سطح پر عملی اقدامات کی ضرورت کو اجاگر کرنا ہے۔ مقررین میں یونیورسٹی آف تربت کے فیکلٹی آف سائنسز، انجینئرنگ اینڈ آئی ٹی کے ڈین ڈاکٹر نعیم اللہ، جی وائی ایم پی۔ بی ایم وائی پی کی اسٹیئرنگ کمیٹی کے چیئرمین ڈاکٹر ایم عرفان خان، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے شعبہ ماحولیاتی سائنسز کی سربراہ ڈاکٹر صوفیہ خالد، MERS اسلام آباد کے کلائمیٹ ریسرچ آفیسر طلال طفیل بھٹی، شرم حسنہ کیارین چیف پلانر خرم فرید برکی، دنیا کے پہلے ڈیجیٹل پیئر عتیق میاں عتیق اور یونیورسٹی آف تربت کے شعبہ کیمسٹری کے چیئرمین ظفر علی شامل تھے۔

اجتماع عام میں حکمرانوں کے مظالم سے عوام کو آگاہ کریں گے، مرتضیٰ خان کاکڑ

جماعت اسلامی حقیقی طور پر عوامی جمہوری اسلامی پارٹی ہے، نائب امیر صوبہ مولانا محمد عارف دمڑ

کوئٹہ (آن لائن) جنرل سیکرٹری جماعت اسلامی بلوچستان مرتضیٰ خان کاکڑ نائب امیر صوبہ مولانا محمد عارف دمڑ صوبائی ڈپٹی جنرل سیکرٹری پروفیسر سلطان محمد کاکڑ نے کہا کہ جماعت اسلامی کا کل پاکستان 21 سے 23 نومبر اجتماع عام عوامی بیداری، تعلیم، تربیت، حقوق کے حصول، ظلم جبر لاقانونیت کے خلاف منظم بھرپور اجتماع ہوگا بلوچستان کے عوام سے اسٹیبلشمنٹ، مرکز وصوبے کے حکمرانوں طاقتور طبقات کی زیادتی ومظالم سے 25 کروڑ عوام کو آگاہ کریں گے۔ عوام کی امیدوں کا مرکز جماعت اسلامی ہے۔ دیگر اکثر پارٹیوں پر خاندان نسل در نسل قابض ہیں صرف جماعت اسلامی حقیقی طور پر عوامی جمہوری اسلامی پارٹی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں اجلاس سے خطاب وفود سے ملاقات کے دوران گفتگو میں کیا انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی پاکستان کے زیر اہتمام 21، 22 اور 23 نومبر کو مینار پاکستان لاہور میں منعقد ہونے والے تاریخی اجتماع عام میں دو نظامی تیاریوں کے سلسلے میں جماعت اسلامی و برادر تنظیموں کے قائدین وذمہ داران اور کارکنان کو بھرپور محنت، جوش وجذبے اور منظم حکمت عملی کے ساتھ گھر گھر بستی بستی دعوت اجتماع پہنچانا چاہیے۔ اجتماع عام میں بلوچستان سے ہزاروں مرد وخواتین نوجوان علماء کرام طلبا اور مزدوروں سمیت ہر طبقہ فکر کے لوگ شریک ہوں گے۔ اجتماع عام کی کامیابی کیلئے ہر سطح کے ذمہ داران دن رات کام کریں اجتماع عام میں دنیا بھر کے اسلامی تحریکوں کے قائدین بھی شرکت کرکے امت مسلمہ کے حالات ومسائل اور آئندہ لائحہ عمل پیش کریں گے اجتماع عام 21 نومبر جمعہ نماز سے شروع ہوگی۔

نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما چیئرمین محراب بلوچ کی پریس کلب کوہلو آمد

کوہلو (آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما چیئرمین محراب بلوچ نے اپنے ساتھیوں کے ہمراہ پریس کلب کا دورہ کیا۔ انہوں نے پریس کلب کی نئی کابینہ کو مبارکباد پیش کی اور موجودہ سیاسی صورتحال پر تفصیلی گفتگو کی۔ اس موقع پر ملکی وعلاقائی سیاست، عوامی مسائل اور پارٹی کی آئندہ حکمت عملی پر بھی بات چیت کی گئی۔

شمے شاہ چیک پوسٹ پر ڈرائیوروں کے ساتھ ناروا سلوک بند کیا جائے، نور محمد شاہوانی

آئی جی لاڑکانہ اور سندھ کے دیگر اعلیٰ حکام سے شمے شاہ چیک پوسٹ پر بات چیت کریں گے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن کے مرکزی صدر حاجی نور محمد شاہوانی نائب صدور حاجی ظاہر شاہ یوسف زئی حاجی خدائیداد شاہوانی حاجی بابو رئیسانی مچھ سے حاجی محمد عیسیٰ خان سالائی حاجی محمد وفا حاجی موسیٰ خان محمد نواز لہڑی اور ایسوسی ایشن کے دیگر معتبرین ٹرانسپورٹرز آج بمورخہ 12/11/25 بروز بدھ کوئٹہ سے سندھ کے دورے پر روانہ ہوگئے سب سے پہلے شمے شاہ چیک پوسٹ پر ناروا سلوک جو ڈرائیورز کے ساتھ ہو رہا ہے اس، آئی جی لاڑکانہ اور سندھ کے دیگر اعلیٰ حکام سے شمے شاہ چیک پوسٹ پر بات چیت کریں گے اور اس کے علاوہ دیگر مسائل کو اعلیٰ حکام تک پہنچائیں گے مرکزی ترجمان نے مزید بتایا کہ ہماری دعا ہے کہ ہمارے اعلیٰ عہدیداروں کو سفر کی حفاظت فرمائیں اور ان کو اپنی مشن میں کامیابی عطا فرمائے۔

پشتونخوامیپ کا مفتی آغائی نصری کی وفات پر اظہار تعزیت

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوامیپ تحصیل سریاب ہزارہ ٹاؤن علاقائی کمیٹی کے رکن مفتی آغائی نصری انتقال کرگئے۔ وہ علم، دین اور قوم دوست اور انتہائی ملنسار، خوش اخلاق انسان تھے۔ پشتونخوامیپ ان کی خدمات پرانہیں خراج عقیدت پیش کرتی ہے اور لواحقین سے تعزیت اور مرحوم کی مغفرت کے دعا کرتی ہے۔

متحدہ مینگل قومی تحریک سربراہ ہدایت اللہ مینگل کا ولید صالح ناصر کی شہادت پر اظہار تعزیت

کوئٹہ (این این آئی) متحدہ مینگل قومی تحریک پاکستان کے سربراہ میر ہدایت اللہ مینگل، میر سالا مینگل، ملک حفیظ اللہ کاسی، ملک محمد طیب کاسی نے نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما ورکن بلوچستان اسمبلی میر رحمت صالح بلوچ کی رہائش گاہ پر جاکر انکے بھائی ولید صالح ناصر کی شہادت پر تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے

سید عبدالاحد انتقال کرگئے

کوئٹہ (پ ر) سید عبدالاحد مختصر علالت کے بعد انتقال کرگئے۔ وہ سید عبدالباری مرحوم کے بیٹے سید عبدالودود، سید محمد ولی، سید نذر علی کے بھائی، سید عثمان سید محمد اکبر، سید سجاد، سید فرید اللہ، سید نصیب اللہ کے والد تھے۔ فاتحہ خوانی کلی سید عبدالصمد آغا قلعہ عبداللہ میں جاری ہے۔ بروز ہفتہ سے کلی عمر افغان کالونی کوئٹہ میں فاتحہ لیا جائے گا۔

کوئٹہ میلینگ چیئرمین ریلیف اینڈ ڈویلپمنٹ کی تقریب میں ڈائریکٹر پی ڈی ایم اے اصغر جمالی انجینئر جمیل احمد کرد کو شیلڈ دے رہے ہیں

شعبہ صحافت کا وقار برقرار رکھنے کیلئے عملی جدوجہد کی ضرورت ہے، سید طاہر شاہ

مقامی صحافیوں کو درپیش مسائل کے حل کیلئے ریجنل یونین آف جرنلسٹس مصروف عمل ہے

سبی (اے این این) ریجنل یونین آف جرنلسٹس کے مرکزی سینئر نائب صدر سید طاہر شاہ نے کہا ہے کہ شعبہ صحافت کی عزت ووقار کو برقرار رکھنے کے لیے عملی جدوجہد کی ضرورت ہے۔ مقامی صحافیوں کو درپیش مسائل کے حل کے لیے ریجنل یونین آف جرنلسٹس مصروف عمل اور 16 سال سے علاقائی صحافیوں کے حقوق کے لیے آواز بلند کر رہی ہے۔ علاقائی صحافیوں کو مسلسل نظر انداز کرکے سوتیلی ماں جیسا سلوک کیا جارہا ہے مرکزی قیادت کی کال پر بلوچستان سے بھی قافلے ٹرین مارچ میں بھرپور شرکت کریں گے 12 نومبر کو روہڑی ریلوے اسٹیشن پر قائدین کا شایان شان استقبال کیا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ریجنل یونین آف جرنلسٹس بلوچستان کے صوبائی صدر سید طاہر علی، صوبائی جنرل سیکرٹری ابراہیم بلوچ صوبائی ایڈیشنل جنرل سیکرٹری شہباز خان یوسف زئی سینئر نائب صدر میر ظہور احمد کھوسہ نائب صدر رئیس فرحان غنی جمالی سے بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر ریجنل یونین آف جرنلسٹس کے مرکزی جنرل سیکرٹری عابد مغل، مرکزی سیکرٹری اطلاعات شہزاد حسین نقوی بھی موجود تھے قبل ازیں صوبائی صدر سید طاہر علی نے بلوچستان میں علاقائی صحافیوں کو درپیش مسائل ٹرین مارچ کے حوالے سے مرکزی قائدین کو تفصیلی آگاہی فراہم کی۔

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب
ایگزیکٹوایڈیٹر سید ممتاز احمد

عوامی مسائل کے حل میں کوتاہی برداشت نہیں کی جائیگی، سینیٹر روبینہ خالد

اگر کسی بھی مقام پر بی آئی ایس پی عملے کی جانب سے بے ضابطگی یا ناانصافی کا سامنا ہو تو متاثرہ افراد فوری رپورٹ کریں

ذمہ دار عملے کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائیگی، چیئرپرسن بی آئی ایس پی کی ای کچہری کے دوران کالرز سے گفتگو

اسلام آباد (زاہد احمد خان) بی آئی ایس پی عوامی خدمت کے جذبے سے سرشار ہے؛ شفافیت، دیانتداری اور عوامی اعتماد کو برقرار رکھنے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں عوامی مسائل کے حل میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی، بی آئی ایس پی عملے کی جانب سے بے ضابطگی یا ناانصافی کی رپورٹ کریں، متعلقہ عملے کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائیگی ان خیالات کا اظہار چیئرپرسن بی آئی ایس پی سینیٹر روبینہ خالد نے بی آئی ایس پی ہیڈکوارٹرز اسلام آباد میں ای کچہری میں کالرز سے گفتگو کرتے ہوئے کا۔ ای کچہری کا مقصد عوام کی آواز براہ راست سننا، ان کے مسائل سے آگاہی حاصل کرنا اور شکایات کا فوری ازالہ یقینی بنانا تھا۔ ایک گھنٹے سے زائد جاری رہنے والے اس سیشن میں ملک بھر سے 39 کالرز نے چیئرپرسن بی آئی ایس پی سے رابطہ کیا اور اپنے مسائل پیش کیے۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرلز اور متعلقہ افسران نے بھی شرکت کی۔ شکایات میں زیادہ تر ری سروے، بائیومیٹرک تصدیق، پروگرام میں اندراج اور وظائف کی وصولی سے متعلق تھیں۔ چیئرپرسن نے تمام شکایات کو بغور سنا اور متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ عوامی مسائل کے حل میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ اگر کسی بھی مقام پر بی آئی ایس پی عملے کی جانب سے بے ضابطگی یا ناانصافی کا سامنا ہو تو متاثرہ افراد فوری طور پر رپورٹ کریں تاکہ متعلقہ عملے کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جا سکے۔ سینیٹر روبینہ خالد نے کہا کہ بی آئی ایس پی عوامی خدمت کے جذبے سے سرشار ہے اور ادارہ شفافیت، دیانتداری اور عوامی اعتماد کو برقرار رکھنے کے لیے اقدامات کر رہا ہے۔

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی صوبائی محتسب انسداد ہراسگی کے سیکرٹریٹ کا افتتاح کر رہے ہیں

اسلام آباد کچہری میں دہشت گردی کی مذمت کرتے ہیں، احسان کاکڑ

ہندوستان کی پراکسی افغان گورنمنٹ پاکستان کے دشمنوں کو سپورٹ کررہی ہے

ہمارے سارے دشمن عناصر افغانستان میں پناہ لئے ہوئے ہیں، این پی این پی

کوئٹہ (اے این این) جوانان پاکستان نظریاتی بلوچستان کے صدر ڈاکٹر احسان اللہ خان کاکڑ ضلع پشین کے صدر عبدالجبار پٹھان، ضلع چمن کے صدر اور قبائلی رہنما محمد حنیف خان اچکزئی ژوب ڈویژن نوشکی چاغی کے صدور اور ضلع زیارت کے صدر اجمل خان دومڑ ڈپٹی سیکرٹری جنرل عامر راجپوت میر عمران بگٹی میر شبیر وزخان ریسانی جبار رند غفار ڈوکی اور دیگر رہنماؤں نے اسلام کے کچہری اور کیڈٹ کالج پر دہشت گردی کی سخت مذمت کرتے ہیں دہشت گردوں کا اور انکے سہولت کاروں کا کوئی دین اسلام نہیں ہے یہ لوگ مسلمان نہیں ہے ہندوستان کی پراکسی افغانستان کے موجودہ گورنمنٹ مکمل طور پاکستان کے دشمنوں کو سپورٹ کرتے ہیں ہمارے سارے دشمن عناصر افغانستان میں پناہ لئے ہوئے ہیں اور یہ لوگ وہاں سے پاکستان پر حملہ آور ہوتے ہیں ہم ملک میں ہر قسم کی دہشت گردی کے مخالف ہے اس موقع پر انہوں نے کہا کہ ہم ملک کی دفاع اور حفاظت سالمیت کے خاطر اپنے پاک فوج کے جوانوں کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہیں جوانان پاکستان نظریاتی اور قوم فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر سے مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ پوری طور پر بلارنگ و نسل ملک میں پوری اپریشن شروع کیا جائے ملک کی سالمت کی خاطر ہم ہر قسم کی آپریشن کی حمایت کرتے ہیں تاکہ دہشت گردوں اور انکے سہولت کاروں کا صفایا ہو جائے۔

فحش ویڈیوز کے ذریعے خاتون کو ہراساں اور بلیک میل کرنے والا ملزم گرفتار

اسلام آباد (زاہد احمد خان) نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی راولپنڈی نے بڑی کارروائی کرتے ہوئے فحش ویڈیوز کے ذریعے ہراسانی اور بلیک میلنگ میں ملوث شخص کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزم کی شناخت محمد علی اسد ولد احمد جان کے نام سے ہوئی، ملزم نے خاتون کی ویڈیوز فحش ویب سائٹ پر اپ لوڈ کیں۔ ملزم کا موبائل فون برآمد کر لیا گیا، فرانزک رپورٹ تیار کی جا رہی ہے، مقدمہ نمبر 193/2025 درج کر لیا گیا، سیکشن 21 PECA 2016 کے تحت کارروائی کی گئی۔ این سی سی آئی اے نے کہا کہ مزید تحقیقات جاری ہیں، ڈیجیٹل شواہد فرانزک لیب کو بھجوا دیے گئے۔

طلباوطالبات ملکی ترقی میں اپنا کردار ادا کریں، خالد مقبول صدیقی

فارغ التحصیل طلبہ تعلیم کے میدان سے نکل کر عملی زندگی میں قدم رکھ رہے ہیں، تعلیم یافتہ نوجوان ہی روشن مستقبل کی ضمانت ہیں

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی ملک بھر میں علم کا چراغ جلا رہی ہے، وفاقی وزیر تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت کا کانووکیشن کی تقریب سے خطاب

اسلام آباد (شاکر رحمان) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے اسلام آباد چیپٹر کا کانووکیشن 2025 گذشتہ روز جناح کنونشن سنٹر میں پروقار انداز میں منعقد ہوا جس میں 800 طلبہ و طالبات کو کامیابی کے سرٹیفکیٹس جبکہ نمایاں کارکردگی دکھانے والے طلباء و طالبات کو گولڈ، سلور اور برونز میڈلز سے نوازا گیا۔ تقریب کے مہمان خصوصی وفاقی وزیر تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت خالد مقبول صدیقی تھے جبکہ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود نے میزبانی کے فرائض انجام دیے۔ تقریب میں سیکرٹری تعلیم، قائم مقام چیئرمین ہائر ایجوکیشن کمیشن ندیم محبوب، مختلف جامعات کے وائس چانسلرز، اساتذہ، سماجی و سیاسی شخصیات نے بھرپور شرکت کی۔ وفاقی وزیر تعلیم خالد مقبول صدیقی نے کامیاب ہونے والے طلباء و طالبات اور ان کے والدین کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ آج آپ تعلیم کے میدان سے نکل کر عملی زندگی میں قدم رکھ رہے ہیں کہ آپ اپنے علم اور صلاحیتوں سے ملک کی ترقی میں اپنا کردار ادا کریں۔ منزل دور ضرور ہے مگر راستہ درست ہو تو ملتی ضرور ہے۔ انہوں نے کہا کہ مجھے یقین ہے کہ آپ میں سے ہر ایک پاکستان کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے۔ آپ ایک ایسی یونیورسٹی سے فارغ التحصیل ہو رہے ہیں جو ملک بھر میں علم و دانش کا چراغ جلا رہی ہے۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود نے طلبہ کی کامیابی پر فخر کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کا شاید ہی کوئی گھر ایسا ہو جہاں علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کا کوئی طالب علم موجود نہ ہو۔ ہمیں اپنے فارغ التحصیل طلبہ پر ... دیگر یونیورسٹیوں کے طلبہ سے کسی بھی شعبے میں کم نہیں ہے، ہمارے طلبہ نے قومی و بین الاقوامی سطح کے مقابلہ جات میں درجنوں ایوارڈز حاصل کئے ہیں۔ یونیورسٹی کی سماجی خدمات کی بات کرتے ہوئے وائس چانسلر نے کہا کہ یونیورسٹی خواجہ سراؤں، جیل کے قیدیوں اور معذور افراد کو مفت تعلیم فراہم کر رہی ہے، اسی طرح بلوچستان، گلگت بلتستان اور ضم شدہ قبائلی اضلاع کے بچوں کو میٹرک کی تعلیم مفت دیتی ہے۔

صوبائی وزیر صنعت و حرفت سردار کوہیار خان ڈومکی منصوبے کا افتتاح کر رہے ہیں

راولپنڈی، قوم سے لوڈ ٹرک بجلی کی تاروں سے ٹکرا گیا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی کے علاقے چاہ سلطان چوک کرورو ڈ پر قوم سے لوڈ ٹرک بجلی کی تاروں سے ٹکرا گیا۔ اسپارکنگ سے ٹرک میں لوڈ قوم نے آگ پکڑلی، اطلاع ملنے پر ریسکیو 1122 نے موقع پر پہنچ کر آگ پر قابو پایا۔ ریسکیو 1122 راولپنڈی نے بتایا کہ حادثے میں ٹرک ڈرائیور و عملہ محفوظ رہا۔

راولپنڈی، شادی شدہ خاتون سے زیادتی کرنے والا شخص گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) پیرودھائی پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے شادی شدہ خاتون سے زیادتی کرنے والے شخص کو گرفتار کر لیا۔ مدعیہ مقدمہ کے مطابق زیرحراست شخص بلیک میل کر کے مجھ سے زیادتی کرتا رہا۔ پیرودھائی پولیس نے خاتون کی درخواست پر فوری مقدمہ درج کر کے ملزم کو گرفتار کر لیا، متاثرہ خاتون کا میڈیکل بھی کروایا جا رہا ہے۔ ایس پی راول سعد ارشد کے مطابق زیرحراست شخص کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا۔

اوتھل پولیس نے اشتہاری ملزم گرفتار کرلیا

سنیپ چیکنگ چار کاروں کے کالے شیشے فوری طور پر اتار دیے

اوتھل (نامہ نگار) ایس ایس پی لسبیلہ عاطف امیر کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری خصوصی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے اوتھل اور بیلہ پولیس نے علیحدہ علیحدہ کارروائیاں کرتے ہوئے قابل ذکر کامیابیاں حاصل کیں۔ ایس ایچ او اوتھل یار محمد کھاٹاوڑو نے اپنی ٹیم کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے مقدمہ نمبر 49/2025 بجرم 470،468،420، 34 تعزیرات پاکستان میں مطلوب اشتہاری مجرم امید علی ولد محمد یوسف قوم جسکانی سکنہ سندھ حال محمد علی رند گوٹھ حب کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق ملزم سے مزید تفتیش جاری ہے۔ دوسری جانب ایس ایچ او بیلہ عبدالاحد بلوچ نے دوران سنیپ چیکنگ چار کاروں کو چیک کیا، جن کے کالے شیشے فوری طور پر اتار دیے گئے۔ پولیس نے ڈرائیوروں کو سخت وارننگ دیتے ہوئے کہا کہ حکومت بلوچستان کی جانب سے گاڑیوں پر کالے شیشے کے استعمال پر پابندی عائد ہے، لہٰذا آئندہ خلاف ورزی پر قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

یونیورسٹی آف تربت میں سینئر طلباء کے اعزاز میں پارٹی

شاعری، تقاریر، کلاسیکی نغمے، ڈرامے، دو چاپی میں طلباء کا جوش و خروش

تربت (ن ن) یونیورسٹی آف تربت کے شعبہ نیچرل اینڈ بیسک سائنسز کے زیراہتمام سیشن 2022-2025 کے فارغ التحصیل طلباء کے اعزاز میں ایک پروقار اور یادگار الوداعی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر طلباء نے شاعری، تقاریر، کلاسیکی نغمے، ڈرامے، دو چاپی اور موسیقی کے خوبصورت پرفارمنس پیش کیے جن کو خوب سراہا گیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے شعبہ نیچرل اینڈ بیسک سائنسز کے چیئرمین ڈاکٹر جہانگیر خان اچکزئی اور ایسوسی ایٹ پروفیسر ڈاکٹر حنیف الرحمان نے فارغ التحصیل طلباء کو یونیورسٹی آف تربت میں اپنی علمی سفر کی کامیاب تکمیل پر مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے طلباء کی علم دوستی، محنت، نظم و ضبط، خداداد صلاحیتوں اور تعلیمی کارکردگی کو سراہتے ہوئے ان کے روشن مستقبل کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

پاکستان کا اعزاز، ریحان اسکول کیلئے عالمی ASOCIO ایکسی لینس ایوارڈ

کراچی (این این آئی) ریحان اسکول دنیا کا پہلا AI-First تعلیمی ادارہ جو پاکستان سے شروع ہوا جس نے تائیوان میں ہونے والے ایسوشیو (ASOCIO) ڈیجیٹل سمٹ میں ASOCIO ایکسی لینس ایوارڈ حاصل کر لیا۔ یہ اعزاز ریحان اسکول کے اس انقلابی ماڈل کا اعتراف ہے جو تعلیم، مصنوعی ذہانت، اور انسانی ترقی کو ایک عالمی تعلیمی نظام میں جوڑتا ہے۔ اس کا مقصد ہے کہ دنیا کے ہر انسان کو، چاہے وہ کسی بھی ملک، طبقے یا پس منظر سے ہو، جدید تعلیم اور AI سیکھنے کے مواقع میسر آئیں۔ ریحان اللہ والا، بانی ریحان اسکول، نے اس موقع پر کہا یہ ایوارڈ ان تمام والدین کے نام ہے جنہوں نے اپنے بچوں کو ہم پر اعتماد کے ساتھ سونپا، ان تمام اساتذہ کے نام ہے جنہوں نے تجسس کو اعتماد میں بدلا، ان تمام ٹیم ممبران کے نام ہے جنہوں نے دن رات محنت کر کے یہ نظام بنایا، اور ان تمام طلبہ کے نام ہے جو ہمارے خواب کو مستقبل تک لے جا رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا یہ کامیابی صرف پاکستان کی نہیں، بلکہ پوری دنیا کے لیے ایک پیغام ہے۔

رکن صوبائی اسمبلی حاجی میر زابد علی ریکی رپی ایچ یو گشت کے دورے کے دوران حاضری رجسٹر چیک کر رہے ہیں

سیکورٹی صورتحال کے پیش نظر راولپنڈی پولیس ہائی الرٹ

سی پی او سید خالد ہمدانی کا شہر بھر میں سرچ آپریشنز کا حکم دے دیا

راولپنڈی (زاہد احمد خان) راولپنڈی حالیہ سیکورٹی صورتحال کے پیش نظر راولپنڈی پولیس ہائی الرٹ سی پی او سید خالد ہمدانی کا شہر بھر میں سرچ آپریشنز کا حکم تفصیلات کے مطابق راولپنڈی میں حالیہ سیکورٹی صورتحال کا پیش نظر راولپنڈی پولیس ہائی الرٹ سی پی او سید خالد ہمدانی کا شہر بھر میں سرچ آپریشنز کا حکم سی پی او سید خالد ہمدانی کا کہنا تھا کہ سرچ آپریشنز کا مقصد سماج دشمن و شرپسند عناصر کی کڑی نگرانی و بیخ کنی ہے، راولپنڈی پولیس ملک و قوم اور شہریوں کی حفاظت کے لئے ہمہ وقت تیار اور پرعزم ہے امن و امان کو یقینی بنانے کے لئے تمام تر اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔

افغان قومی موومنٹ کا 27ویں آئینی ترمیم پر شدید ردعمل

سپریم کورٹ کے اختیارات محدود کرنے کی مخالفت، اداروں پر قبضہ ہو رہا ہے

کوئٹہ (یو این اے) افغان قومی موومنٹ کے چیئرمین احمد خان نے کہا ہے کہ 27ویں آئینی ترمیم ملک کی تباہی کے تابوت میں آخری کیل ثابت ہوگی۔ احمد خان کے مطابق ترمیم سپریم کورٹ کے اختیارات محدود کرنے اور بعض عہدوں کے ریٹائرمنٹ کے اختیارات کو "ملک الموت" کے سپرد کرنے کے مترادف ہے، جو آئینی مارشل لا کے زمرے میں آتا ہے۔ انہوں نے خدشہ ظاہر کیا کہ 26ویں آئینی ترمیم کے بعد 27ویں ترمیم منظور ہونے سے آئین کے سپریم ستون دیگر اداروں کے ماتحت ہو جائیں گے اور جس کی لاٹھی اس کی بھینس "والا قانون نافذ ہو گا۔ بڑے عہدوں پر فائز اداروں کے سربراہان کی مدت ملازمت میں توسیع سے میرٹ پامال ہوگا، اور عوام کے ہر شعبے میں استحصال بڑھ جائے گا۔ احمد خان نے کہا کہ مقصد عوام کو زنجیروں میں جکڑنا اور کرپٹ عناصر کو تحفظ دینا ہے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ ملکی معیشت کی تباہی کے ذمہ دار کرپٹ سیاستدان، بیوروکریسی اور ڈکٹیٹرز ہیں، اور احتسابی عمل کو بلاتفریق، سیاستدان، بیوروکریسی اور فوج سمیت ہر سطح پر مکمل اور شفاف ہونا چاہیے۔ احمد خان نے مزید کہا کہ جمہوریت کا بقا اور استحکام فرد واحد سے نہیں بلکہ مضبوط عدالتی نظام، میرٹ اور انصاف کے اصولوں پر منحصر ہے، تاکہ ملک میں کرپشن اور لوٹ مار کا خاتمہ ممکن بنایا جا سکے۔

پاک چائنا فرینڈشپ سینٹر میں ڈیٹا فیسٹ 2025 کا افتتاح

بیورو آف اسٹیٹکس اور حکومت بلوچستان کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط

وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی پروفیسر احسن اقبال اور دیگر اعلیٰ حکام شریک

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی پروفیسر احسن اقبال نے پاک چائنا فرینڈشپ سینٹر اسلام آباد میں منعقدہ ڈیٹا فیسٹ 2025 کا افتتاح کیا، جس میں محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات حکومت بلوچستان کے بیورو آف اسٹیٹکس کی ٹیم، سیکرٹری منصوبہ بندی و ترقیات کی قیادت میں شریک ہوئی۔ یہ سالانہ تقریب پاکستان بیورو آف اسٹیٹکس، وزارت منصوبہ بندی و ترقیات کی جانب سے منعقد کی گئی، جس میں وفاقی و صوبائی محکموں، وزارتوں، ترقیاتی شراکت داروں، تعلیمی اداروں اور نجی شعبے کی جانب سے ڈیٹا اور انفارمیشن ٹیکنالوجی سے متعلق مختلف منصوبے اور اقدامات پیش کیے گئے۔ بیورو آف اسٹیٹکس بلوچستان کے اسٹال پر حکومت بلوچستان کے مختلف محکموں کی جانب سے ڈیٹا اور آئی ٹی پر مبنی جدید اقدامات کو نمایاں طور پر پیش کیا گیا۔ اس موقع پر پاکستان بیورو آف اسٹیٹکس اور محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات بلوچستان کے درمیان ڈیٹا سے متعلق مستقبل میں تعاون اور اشتراک کے لیے ایک مفاہمتی یادداشت (MoU) پر بھی دستخط کیے گئے۔

نئی صنعتی پالیسی پاکستان کی معاشی خودمختاری کی ضمانت بنے گی، ہارون اختر

نئی قومی ٹیرف پالیسی تحفظ پسندی سے مقابلہ جاتی معیشت کی طرف ایک بڑا قدم ہے

آئندہ پانچ برسوں میں ڈیوٹی اسلاب کو چار سلیبوں تک محدود کیا جائیگا، معاون خصوصی

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر خان نے کہا ہے کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی قیادت میں نئی صنعتی پالیسی پاکستان کی معاشی خودمختاری کی ضمانت بنے گی۔ بدھ کو پاکستان پراسپیریٹی فورم میں اپنے خطاب میں انہوں نے کہا کہ پاکستان آج اپنی معاشی تاریخ کے ایک اہم موڑ پر کھڑا ہے۔ ہم وقتی اقدامات نہیں بلکہ دیرپا معاشی اصلاحات پر یقین رکھتے ہیں۔ ہارون اختر خان نے کہا کہ اقتصادی استحکام کسی اتفاق کا نتیجہ نہیں بلکہ مستقل مزاجی، قابلیت اور واضح وژن سے حاصل ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نئی قومی ٹیرف پالیسی تحفظ پسندی سے مقابلہ جاتی معیشت کی طرف ایک بڑا قدم ہے جس کے تحت آئندہ پانچ برسوں میں ڈیوٹی اسلاب کو چار سلیبوں تک محدود کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ٹیرف پالیسی کے نفاذ سے صنعتوں کو 175 ارب روپے کی لاگت میں بچت متوقع ہے، جبکہ ریگولیٹری گلوٹین اصلاحات کے نتیجے میں کاروباری لاگت میں سالانہ 250 ارب روپے کی کمی آئی ہے۔ ملک بھر میں 465 ریگولیٹری اصلاحات کے ذریعے لائسنسنگ اور منظوری کے عمل کو آسان بنایا گیا ہے۔ ہارون اختر خان نے کہا کہ "آسان کاروبار ایکٹ 2025" ان اصلاحات کا قانونی ستون ثابت ہوگا، جبکہ قومی صنعتی پالیسی 2025 پاکستان کی معاشی بحالی کا نیلا خاکہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں نئی صنعتی پالیسی پاکستان کی معاشی خودمختاری کی ضمانت بنے گی۔ انہوں نے کہا کہ اس پالیسی کے تحت سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال ہوگا، پیداواری صلاحیت میں اضافہ ہوگا اور بیمار صنعتی یونٹس کی بحالی کے لیے نیا فریم ورک تشکیل دیا گیا ہے۔ نیشنل انڈسٹریل ریوائیول کمیشن اس ضمن میں کلیدی کردار ادا کرے گا۔ ہارون اختر خان نے کہا کہ حکومت نے صنعتوں اور ایس ایم ایز کے لیے قرضوں کی فراہمی کو آسان اور شفاف بنایا ہے۔ درمیانے درجے کی صنعتوں کو قرضوں تک بہتر رسائی دی جارہی ہے جبکہ ریگولیٹری اتھارٹیز کی بلاجواز مداخلت ختم کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کاروباری طبقے کے تحفظ کے لیے ایک موثر شکایتی نظام قائم کیا جا رہا ہے، کیونکہ ہم کاروبار کو خوف سے نہیں، سہولت سے چلانا چاہتے ہیں۔ ہارون اختر خان نے کہا کہ نئی صنعتی پالیسی کا مقصد پیداواریت، شفافیت اور جدیدیت کو فروغ دینا ہے۔ ٹیرف، ٹیکس اور توانائی کے شعبوں میں بڑے پیمانے پر اصلاحات جاری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ الیکٹرک وہیکل پالیسی گرین انڈسٹری کے فروغ میں سنگ میل ثابت ہوگی، اور ہائی ٹیک و گرین فیلڈ صنعتوں کو خصوصی رعایتی ٹیرف فراہم کیا جائے گا۔ ایس ای زیڈ میں نئی لینڈ لیز ماڈل کے ذریعے صنعتوں کے لیے زمین کی فراہمی کو مزید آسان اور کم لاگت بنایا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تین بڑے اقتصادی زونز میں کسٹم بانڈڈ ویئر ہاؤس قائم کیا جا رہا ہے تاکہ درآمدی خام مال کی ترسیل اور صنعتی عمل کو سہل بنایا جا سکے۔ ہارون اختر خان نے کہا کہ ہم پالیسی کو پیداوار اور مراعات کو سرمایہ کاری میں بدل رہے ہیں۔ اکیسویں صدی کی مسابقت کا انحصار جدت، شفافیت اور گرین ٹیکنالوجی پر ہے۔ حکومت، نجی شعبہ اور تعلیمی ادارے مل کر پاکستان کو خوشحالی کی راہ پر گامزن کریں گے۔

کراچی، حوالہ ہنڈی اور غیر قانونی کرنسی میں ملوث گینگ کا اہم کارندہ گرفتار

ملزم سے ایک کروڑ 50 لاکھ روپے برآمد کر لیے گئے، ترجمان ایف آئی اے

کراچی (آئی این پی) وفاقی تحقیقاتی ادارہ (ایف آئی اے) کمرشل بینکنگ سرکل کراچی نے کارروائی کے دوران حوالہ ہنڈی اور غیر قانونی کرنسی ایکسچینج میں ملوث منظم گینگ کے اہم کارندے کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق ڈی جی ایف آئی اے کی ہدایت پر حوالہ ہنڈی اور غیر قانونی کرنسی ایکسچینج میں ملوث ملزمان کیخلاف کارروائیاں جاری ہیں اور ایف آئی اے کمرشل بینکنگ سرکل کراچی نے کارروائی کے دوران حوالہ ہنڈی میں ملوث منظم گینگ کا اہم کارندہ رنگے ہاتھوں گرفتار کر لیا۔ انہوں نے کہا کہ ملزم احمد رضا کو آدم جی نگر سے گرفتار کیا گیا۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق گرفتار ملزم حوالہ ہنڈی میں ملوث ہے، چھاپہ مار کارروائی میں ملزم سے ایک کروڑ 50 لاکھ روپے برآمد کر لیے گئے اور اس کے موبائل فون سے حوالہ ہنڈی سے متعلق ڈیجیٹل شواہد بھی برآمد ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملزم برآمد ہونے والی کرنسی کے حوالے سے حکام کو مطمئن نہ کر سکا، اس حوالے سے تفتیش شروع کر دی گئی اور ملزم کے دیگر ساتھیوں کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جا رہے ہیں۔

لوک میلہ 2025- چھٹے دن میں گلگت بلتستان کی ثقافتی چمک نمایاں

دلکش ثقافت، موسیقی، رقص اور دستکاری کے رنگوں نے شرکاء کو مسحور کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) لوک ورثہ کے زیراہتمام جاری لوک میلہ 2025 کے چھٹے دن گلگت بلتستان کی دلکش ثقافت، موسیقی، رقص اور دستکاری کے رنگوں نے شرکاء کو مسحور کر دیا۔ میلے میں عوام کی بھرپور شرکت دیکھنے میں آئی، جہاں دن بھر مختلف سرگرمیوں اور پروگراموں سے لطف اٹھایا۔ اوپن ایئر تھیٹر میں منعقد ہونے والی گلگت بلتستان میوزیکل نائٹ نے شرکاء کے دل جیت لیے۔ پروگرام کی نظامت میر امان ہنزائی نے کی، جبکہ گلوکاروں میں شاہ زمان، صابر حیات، راجہ محمد علی شاہ، فیصل کریم، داؤد احمد، شان احمد اور شیان علی شاہ نے اپنی شاندار آوازوں سے سامعین کو محظوظ کیا۔ صابر علی خان نے کی بورڈ پر اپنی دھنوں سے نیا رنگ بھرا اور میر افضل نے ستار پر دل موہ لینے والی پرفارمنس دی۔ حاضرین نے پرجوش تالیاں بجا کر فنکاروں کو بھرپور خراج تحسین پیش کیا۔ گلگت بلتستان پویلین دن بھر عوام کی توجہ کا مرکز بنا، جہاں مقامی دستکاروں نے اون سے بنے ملبوسات، زیورات اور دیگر ہنرمندانہ مصنوعات کی نمائش کی۔ وزیٹرز نے مقامی کھانوں اور دستکاری کے مظاہروں کو بھی سراہا۔ لوک ورثہ کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر ڈاکٹر محمد وقاص سلیم نے عوامی شرکت پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ لوک میلہ پاکستان کی ثقافتی وحدت اور تنوع کی علامت ہے، جہاں ہر خطہ اپنے رنگ، موسیقی اور روایت کے ذریعے ملک کے ثقافتی ورثے کو مضبوط کرتا ہے۔

گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج میں سیرت کانفرنس کے دوران پرنسپل نیلم مشتاق سمیت دیگر شریک ہیں

نارووال، پولیس تشدد سے خاتون جاں بحق، 6 اہلکاروں کے خلاف مقدمہ درج

نارووال (بیورو رپورٹ) نارووال کے نواحی گاؤں ڈیرے میں مبینہ پولیس تشدد سے خاتون جاں بحق ہو گئی۔ پولیس کے مطابق ایس ایچ او سمیت 6 پولیس اہلکاروں کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا۔ پولیس کے مطابق متوفی خاتون کے بیٹے کا ایک شخص سے لین دین کا تنازع تھا، تھانہ قلعہ کالروالا پولیس نے گزشتہ شب ملزم کی گرفتاری کے لیے گھر پر چھاپہ مارا۔ ایف آئی آر میں درج موقف کے مطابق اہلکاروں نے چھاپے کے دوران خاتون پر تشدد کیا۔ ڈی پی او نارووال کے مطابق اہلکاروں کی گرفتاری کے لیے ٹیمیں تشکیل دیدی گئی ہیں، ملزموں کو جلد گرفتار کر لیا جائے گا۔

سکھر، ڈاکو سلطان شاہ بیٹے سمیت پولیس مقابلے میں ہلاک

سکھر (بیورو رپورٹ) سکھر میں مبینہ پولیس مقابلے میں 2 ڈاکو ہلاک ہو گئے۔ ایس ایس پی کے مطابق ڈاکو سلطان شاہ اور اس کا بیٹا پولیس سے فائرنگ کے تبادلے میں مارا گیا، فائرنگ سے ایک پولیس اہلکار زخمی بھی ہوا۔ پولیس کے مطابق ملزم سلطان شاہ پر پولیس مقابلوں کے 48 سے زائد مقدمات درج تھے، سندھ حکومت نے سلطان شاہ کے سر کی قیمت 20 لاکھ روپے رکھی تھی۔ پولیس کے مطابق سلطان شاہ نے پہلے ہتھیار ڈالے تھے اور پھر جیل سے رہائی کے بعد دوبارہ وارداتیں کیں، ملزمان نے روہڑی میں ڈکیتی کے دوران بچے کو زخمی کیا تھا۔ پولیس حکام کے مطابق سرینڈر پالیسی میں ہتھیار ڈالنے کے بعد جو جرائم کی دنیا میں واپس آئے گا وہ مارا جائیگا۔

پاکستان چیسٹ سوسائٹی انٹرنیشنل کانفرنس اپریل 2026 میں ہوگی

فارمز کی جانچ پڑتال کے بعد انٹرویوز کے لیے اطلاع کر دی جائے گی

اسلام آباد (زاہد احمد خان) پاکستان چیسٹ سوسائٹی کو انٹرنیشنل کانفرنس (3 سے 5) اپریل 2026 منعقدہ اسلام آباد کے لیے ایونٹ آرگنائیزر کے لیے آکشنز (Auctions) درکار ہیں۔ پاکستان چیسٹ سوسائٹی کے مرکزی صدر ڈاکٹر شیریں خان اور جنرل سیکرٹری مقبول احمد لانگو کی طرف سے جاری کردہ ایک بیان میں کہا ہے کہ (3 سے 5) اپریل 2026 کو اسلام آباد میں منعقد ہونے والی انٹرنیشنل کانفرنس کے ایونٹ آرگنائیزر کے لیے آکشنز (AUCTIONS) درکار ہیں۔ اس سلسلے میں تمام خواہش مند احباب کو دعوت دی جاتی ہے کہ اپنے درخواست فارمز اور پیشکشیں ایک ہفتے تک ڈائریکٹر ایڈمن فاطمہ جناح انسٹیٹوٹ آف چیسٹ ڈیزیز Fatima Jinnah Institute of Chest Diseases کے پاس جمع کروا دیں۔ خواہش مند ایونٹ مینیجرز اپنی تفصیلات اور سابقہ کارکردگی کیریکارڈ کے ساتھ بالمشافہ یا آن لائن (ONLINE) بھی جمع کروا سکتے ہیں۔ خواہش مند احباب کو فارمز کی جانچ پڑتال کے بعد انٹرویوز کے لیے اطلاع کر دی جائے گی۔ مزید کسی بھی قسم کی معلومات اور تفصیلات کے لیے پاکستان چیسٹ سوسائٹی کے مرکزی عہدیداران سے فاطمہ جناح چیسٹ انسٹیٹیوٹ میں رابطہ قائم کیا جا سکتا ہے رابطہ کی تفصیلات درج ذیل ہیں۔ ڈاکٹر مقبول احمد لانگو فون نمبر 03448007479 ای میل maqboollangov@gmail.com ۔ فاطمہ جناح انسٹیٹوٹ آف چیسٹ ڈیزیز زیبرو ری روڈ کوئٹہ۔

کوئٹہ میں ترقیاتی منصوبے تیزی سے مکمل کیے جارہے ہیں، ڈی سی

ضلعی افسران روزانہ کی بنیاد منصوبوں کا دورہ، پیش رفت رپورٹ جمع کراتے ہیں، متعلقہ اداروں کیساتھ تعاون سے کام کر رہے ہیں

کوئٹہ ہم سب کا مشترکہ گھر ہے، اس کی خوبصورتی اور بحالی اولین ترجیح ہے، مہراللہ بادینی کا اجلاس سے خطاب، پی ڈی کی بریفنگ

کوئٹہ (آن لائن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیرصدارت سمنگلی روڈ کے جاری تعمیراتی کام کے حوالے سے اجلاس ہوا۔ جس میں سی ای او کوئٹہ کنٹونمنٹ بورڈ منصور عالم خان، پراجیکٹ ڈائریکٹر کوئٹہ ڈویلپمنٹ پروجیکٹ رفیق بلوچ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) محمد انور کاکڑ سمیت متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں پراجیکٹ ڈائریکٹر نے نقشے کے ذریعے منصوبے کی تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر سمنگلی روڈ منصوبے میں حائل رکاوٹوں، بالخصوص کنٹونمنٹ بورڈ کی حدود سے متعلق معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس کے دوران منصوبے کی بروقت تکمیل کے لیے اہم فیصلے بھی کیے گئے۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی نے کہا کہ کوئٹہ شہر کی خوبصورتی کو نکھارنے کے لیے ضلعی انتظامیہ تمام متعلقہ اداروں کے ساتھ قریبی تعاون سے کام کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں جاری ترقیاتی منصوبے جن میں جلیلی روڈ، سریاب روڈ، سمنگلی روڈ، جناح روڈ اور نواں کلی روڈ شامل ہیں ضلعی انتظامیہ کی زیرنگرانی تیزی سے مکمل کیے جا رہے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے بتایا کہ ضلعی افسران روزانہ کی بنیاد پر ان منصوبوں کا دورہ کر کے پیش رفت رپورٹ جمع کراتے ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ کوئٹہ ہم سب کا مشترکہ گھر ہے، اس کی خوبصورتی اور بحالی ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔

خیبر پختونخوا امن جرگے کا انعقاد صوبائی حکومت کی بہت بڑی کامیابی ہے، شفیع جان

پشاور (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کے معاون خصوصی برائے اطلاعات و تعلقات عامہ شفیع جان نے کہا ہے کہ صوبائی اسمبلی میں ہونے والے خیبر پختونخوا امن جرگے کا انعقاد صوبائی حکومت کی بہت بڑی کامیابی ہے، وزیراعلیٰ محمد سہیل آفریدی اور اسپیکر بابر سلیم سواتی اس کامیاب جرگے کے انعقاد پر خراج تحسین کے مستحق ہیں اور امید ہے کہ جرگے میں پیش کردہ تجاویز امن کے قیام کے لئے سنگ میل ثابت ہوں گی۔ وزیراعلیٰ کے معاون خصوصی برائے اطلاعات نے جرگے کے انعقاد کے بعد میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اس امن جرگے میں وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی، گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی، اسپیکر صوبائی اسمبلی بابر سلیم سواتی، اپوزیشن لیڈر ڈاکٹر عباد سمیت سابق گورنرز، وزرائے اعلیٰ، قبائلی مشران اور مختلف سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں کے ساتھ ساتھ صوبائی و قومی میڈیا اور سول سوسائٹی کے نمائندوں نے بھرپور شرکت کی اور قیام امن کے حوالے سے اپنی اپنی قیمتی تجاویز پیش کیں۔ شفیع جان نے کہا کہ خیبر پختونخوا امن جرگے کے حوالے سے آج کے دن کو سنہری حروف سے لکھا جائے گا اور یہ دن خیبر پختونخوا کی تاریخ کا یادگار دن ہے۔ انہوں نے بتایا کہ امن جرگے میں باہمی اتفاق رائے سے 15 نکات پر مشتمل سفارشات منظور کی گئی ہیں اور خیبر پختونخوا حکومت انہی نکات کی روشنی میں فیصلے کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ مختلف سیاسی جماعتوں کے نمائندوں پر مشتمل ڈرافٹ کمیٹی تشکیل دی گئی ہے۔

کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کے چیف انجینئر حاجی اسحاق مینگل علامہ اقبال ڈے کے حوالے سے تقریب کے اختتام پر سینئر صحافی ارسلان فیاض کو شیلڈ دے رہے ہیں

پہلے شریعت کو سمجھنا اور اس پر عمل کرنا لازم، ذوالفقار علی طارق

اولیائے کرام نے ہمیشہ زور دیا کہ شریعت کے بغیر طریقت محض سراب ہے

وہ کبھی صوفی نہیں بن سکتا جو شریعت کو چھوڑ کر باتیں کرے، اہل سنت و جماعت

کوئٹہ (اے این این) اہل سنت و جماعت کے رہنما فیضان اولیاء کے بانی ذوالفقار علی طارق قادری ڈاکٹر محمد طاہر لانگو محمد عامر جتوئی نے آستانہ عالیہ فیضان اولیاء میں ماہ نامہ محفل گیارہویں شریف سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ زندگی کے اصل روح کو سمجھنے کے لیے سب سے پہلے شریعت کو سمجھنا اور اس پر عمل کرنا لازم ہے۔ شریعت دراصل وہ راستہ ہے جو بندے کو اللہ تعالیٰ تک پہنچنے کے لیے تیار کرتا ہے۔ جب انسان اپنے ظاہر کو شریعت کے مطابق ڈھال لیتا ہے، تبھی اس کے باطن میں طریقت کی روشنی پیدا ہوتی ہے۔ آج کے دور میں بہت سے لوگ تصوف کے دعویدار تو ہیں، مگر شریعت سے دوری اختیار کیے ہوئے ہیں وہ سمجھتے ہیں کہ صرف چند ظاہری اذکار، مخصوص نشستیں یا وجدانی کیفیتیں طریقت کا حاصل ہیں، حالانکہ حقیقت اس کے بالکل برعکس ہے۔ وہ کبھی صوفی نہیں بن سکتا جو شریعت کو چھوڑ کر باتیں کرے۔ تصوف شریعت کا باطن ہے، اور باطن بغیر ظاہر کے کبھی مکمل نہیں ہو سکتا اولیائے کرام اور صوفیائے عظام نے ہمیشہ اس نکتے پر زور دیا کہ شریعت کے بغیر طریقت محض سراب ہے۔

وفاقی وزیر تعلیم خالد مقبول صدیقی اور وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے کانووکیشن 2025 کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

محکمہ صحت بلوچستان سے کرپشن و کمیشن کا مکمل خاتمہ کرینگے، بخت محمد کاکڑ

کسی کو غفلت یا کوتاہی کی اجازت نہیں دی جائیگی، مرتکب عناصر کیخلاف بھرپور کارروائی عمل میں لائینگے، کوئی رعایت نہیں ہوگی

غریب عوام کو نجی ہسپتالوں سے نجات کیلئے سرکاری ہسپتالوں کی بہتری کیلئے اقدامات کر رہے ہیں، صوبائی وزیر کی بات چیت

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ محکمہ صحت کی بہتری اولین ترجیح ہے محکمہ صحت سے کرپشن و کمیشن کے خاتمے کے لیے ہر ممکن اقدامات کریں گے کسی کو غفلت یا کوتاہی کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی غفلت اور کوتاہی کرنے والوں کے خلاف بھرپور کارروائی کی جائے گی عوام نے ہم پر اعتماد کر کے ایوان تک پہنچایا ہم اپنے حلف کے پابند ہیں عوام کے اعتماد کو کسی صورت ٹھیس نہیں پہنچائیں گے یہ بات انہوں نے ملنے والی مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ ڈاکٹرز پیرا میڈیکس سمیت دیگر عملے کی غفلت کی صورت برداشت نہیں کی جائے گی ڈاکٹر خود کو مسیحا سمجھ کر عوام کی خدمت کو اپنا فرض سمجھیں سرکاری ہسپتالوں کی بہتری کیلئے تمام تر اقدامات اٹھا رہے ہیں تاکہ غریب عوام کو پرائیویٹ ہسپتالوں سے نجات دلا سکے ڈاکٹروں کو بھی چاہئے کہ وہ پرائیویٹ کی بجائے سرکاری ہسپتالوں پر توجہ دیں انہوں نے کہا کہ محکمہ صحت کی بہتری کے لیے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا مشن ہے کہ محکمہ صحت کی بہتری کیلئے تمام تر وسائل بروئے کار لا رہے ہیں عوام کی خدمت اولین ترجیح ہے۔

UNIVERSITY OF GWADAR
KNOWLEDGE WISDOM SERVICE

Admissions
OPEN 2026

MS
MANAGEMENT SCIENCES

ELIGIBILITY CRITERIA
1. Candidates must possess sixteen years of education or an equivalent qualification in the relevant discipline from an HEC-recognized university, with a minimum CGPA of 2.50 or at least 50% marks in annual Examination system.

INSTRUCTIONS
1. Attested copies of all educational documents transcripts, local/domicile certificate, applicant's CNIC, along with four recent passport-size photographs.
2. Candidates transferring from other universities are required to submit the original Migration Certificate at the time of admission.
3. All government employees must provide a No Objection Certificate (NOC) from their respective departments.

APPLICATION PROCESSING FEE
Application processing fee of Rs. 2,000/- Deposit into NBP A/C No. 2258-003182768686 (Port Branch Gwadar or any NBP branch) via challan or online transfer, or pay by Demand Draft in favor of the Registrar/Director Finance, University of Gwadar.

IMPORTANT DATES
1. Last Date for form Submission: 25th December 2025.
2. Test /Interview: 5th January 2026.
3. Display of Merit List: 7th January 2026.
4. Commencement of Class: 12th January 2026.

PID (Q) 210/25
Registrar, University of Gwadar
Sarawan Avenue Newtown Phase-IV Gwadar Contact: +92 86 4211422 / +92 321 8087931 Email: admissions@ug.edu.pk
@uniofgwd @uniofgwd @uogwd www.ug.edu.pk

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)

مشرق

ایگزیکٹو ایڈیٹر:۔ پرنٹر و پبلشر سید کامران ممتاز نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر سید ممتاز احمد
ٹیلی فون نمبر:۔2821626-2821538-2829164 فیکس نمبر:۔ 2830228-2835934
ای میل mashriqqta2008@gmail.com

جمعرات 13 نومبر 2025ء

سرمایہ کاری کے مواقع وامکانات اور وزیراعلیٰ بلوچستان کا دوٹوک عزم

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے گزشتہ روز بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ ان کی قیادت میں موجودہ مخلوط صوبائی حکومت صوبے میں سرمایہ کاری کے فروغ، اور تعمیر وترقی کو یقینی بنائے گی اور اس حوالے سے کوئی دقیقہ فروگزاشت نہ کرتے ہوئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لاتی رہے گی۔ سرمایہ کاری بورڈ کے بی او ڈی کا اجلاس وزیراعلیٰ کی زیر صدارت منعقد ہوا جس میں چیف سیکرٹری سمیت دیگر اعلیٰ حکام شریک تھے۔ اجلاس میں اہم فیصلوں کی منظوری وتوثیق کی گئی اس موقع پر اپنے خطاب میں وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کا کہنا تھا کہ بلوچستان کی ترقی کا راستہ پائیدار سرمایہ کاری سے ہو کر گزرتا ہے، حکومت سرمایہ کاروں کے لئے محفوظ اور سازگار ماحول فراہم کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بوستان اسپیشل اکنامک زون صوبے کے صنعتی مستقبل کی بنیاد ثابت ہوگا جبکہ اسپیشل اکنامک زونز کی فعالیت سے روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے اور مقامی معیشت کو تقویت ملے گی۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کے قدرتی وسائل کو شفاف، جدید اور نتیجہ خیز انداز میں بروئے کار لایا جا رہا ہے، تاکہ صوبہ معاشی خود کفالت کی راہ پر گامزن ہو سکے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ بلوچستان کو قومی وبین الاقوامی سرمایہ کاروں کے لئے پرکشش سرمایہ کاری منزل بنایا جائے گا تاکہ صوبے کی ترقی کے عمل کو تیز تر اور دیرپا بنایا جاسکے۔ وزیراعلیٰ کے وژن اور عزم کی تعریف کرنا بے حد ضروری ہے، کیونکہ ان کی رہنمائی میں بلوچستان میں قومی اور بین الاقوامی سرمایہ کاری کے فروغ کے لئے ایک مستحکم اور پائیدار بنیاد رکھی جارہی ہے، جو نہ صرف صوبے کی ترقی میں اہم کردار ادا کرے گی بلکہ پورے ملک کے معاشی استحکام کے لئے بھی سنگ میل ثابت ہوگی۔ بلوچستان کے قدرتی وسائل میں معدنیات، تیل وگیس، زراعت، اور سمندری وسائل شامل ہیں، جو نہ صرف صوبے بلکہ ملک کے لئے معاشی ترقی کے وسیع مواقع فراہم کرتے ہیں۔ اگرچہ ماضی میں ان وسائل کا مناسب اور بروقت استعمال نہیں ہو سکا اور سرمایہ کاری کے لئے مکمل طور پر سازگار ماحول نہ تھا، لیکن موجودہ حکومت کی توجہ اس بات پر مرکوز ہے کہ بلوچستان کے وسائل کو جدید اور شفاف انداز میں بروئے کار لایا جائے تاکہ اس صوبے کو معاشی طور پر خودکفیل بنایا جاسکے۔ بلوچستان میں سرمایہ کاری کے لئے اہم شعبوں میں توانائی، سیاحت، زراعت، معدنیات اور انفراسٹرکچر کے منصوبے شامل ہیں، جن پر خصوصی توجہ مرکوز کر کے صوبے کی معیشت میں نمایاں بہتری لائی جاسکتی ہے۔ بلوچستان میں موجودہ سرمایہ کاری کے فروغ کے لئے جو اقدامات کئے جارہے ہیں، ان کی اہمیت کو سمجھنا ضروری ہے۔ اس کے علاوہ، خصوصی اقتصادی زونز جیسے بوستان اسپیشل اکنامک زون کا قیام ایک سنگ میل ثابت ہوگا، کیونکہ یہ سرمایہ کاروں کے لئے ایک محفوظ اور سازگار ماحول فراہم کرے گا۔ یہاں وفاقی حکومت کے اقدامات کا بھی ذکر ضروری ہے وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں وفاقی حکومت نے ملک بھر میں معاشی استحکام اور سرمایہ کاری کے فروغ کے لئے غیر معمولی اقدامات اٹھائے ہیں۔ وفاقی حکومت کا اقتصادی پروگرام اور مختلف شعبوں میں اصلاحات کا عمل اس بات کی غمازی کرتا ہے کہ حکومت معاشی مشکلات سے نمٹنے اور سرمایہ کاری کو فروغ دینے کے لئے سنجیدہ ہے۔ وزیراعظم کی قیادت میں پاکستان نے عالمی سطح پر اپنی اقتصادی پوزیشن کو مستحکم کرنے اور سرمایہ کاروں کے لئے ایک محفوظ اور پرکشش ماحول فراہم کرنے کی مسلسل کوششیں کی ہیں۔ اس سلسلے میں خصوصی اقتصادی زونز، ٹیکس چھوٹ، اور دیگر مراعات کے اقدامات نے بیرونی سرمایہ کاروں کی توجہ حاصل کی ہے۔ وفاقی حکومت کی جانب سے سرمایہ کاری کے فروغ کے لئے کئے گئے اقدامات نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے ملک میں اقتصادی ترقی کے لئے اہم ثابت ہوں گے۔ وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں حکومتی پالیسیوں نے ملک کے معاشی استحکام کو مضبوط کرنے کے لئے ایک مضبوط بنیاد فراہم کی ہے، اور ان اقدامات کی بدولت پاکستان میں کاروبار کے لئے ایک سازگار ماحول تیار ہو رہا ہے۔ صوبوں کو اقتصادی ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لئے وفاقی حکومت کے ساتھ ساتھ صوبائی حکومتوں کا کردار بھی انتہائی اہم ہے۔ صوبائی حکومتوں کو اپنے اپنے وسائل کا درست استعمال کرتے ہوئے ترقیاتی منصوبوں کو بہتر طریقے سے نافذ کرنا ہوگا۔ بلوچستان کی موجودہ مخلوط حکومت نے مختلف شعبوں میں اصلاحات اور بہتری کے لئے اپنی کوششیں تیز کر دی ہیں، جس کے مثبت نتائج نظر آنا شروع ہو گئے ہیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اپنے وژن کے تحت بلوچستان کی ترقی کے لئے مختلف اقدامات کئے ہیں، جن میں سرمایہ کاری کے فروغ پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے۔ حکومت کی جانب سے سرمایہ کاروں کے لئے دوستانہ ماحول کی فراہمی، جدید انفراسٹرکچر کی تعمیر، اور قانون سازی میں اصلاحات کی بدولت بلوچستان میں سرمایہ کاری کے لئے ایک محفوظ اور سازگار ماحول فراہم ہو رہا ہے۔ سرمایہ کاری کے فروغ کے لئے کئے جانے والے اقدامات میں بوستان اسپیشل اکنامک زون کا قیام ایک اہم قدم ہے۔ اس زون کا قیام صوبے میں صنعتی ترقی کے لئے ایک نئی راہ ہموار کرے گا۔ اس اقتصادی زون کی فعالیت سے روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے، مقامی معیشت کو تقویت ملے گی، اور بلوچستان کی ترقی میں تیزی آئے گی۔ وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی نے اس بات کو واضح کیا ہے کہ حکومت ان وسائل کو جدید اور نتیجہ خیز انداز میں استعمال کرنے کے لئے سنجیدہ ہے۔ اس کا مقصد نہ صرف بلوچستان کی معیشت کو مستحکم کرنا ہے بلکہ پورے پاکستان کے لئے معاشی ترقی کے مواقع پیدا کرنا ہے۔ بلوچستان کی زرخیز زمین، قدرتی ذخائر اور سمندری وسائل صوبے کے لئے ایک بڑی قوت ہیں، اور ان وسائل کا موثر استعمال معاشی ترقی کی بنیاد بن سکتا ہے۔ موجودہ صوبائی حکومت کے اقدامات کو دیکھتے ہوئے یہ امید کی جاسکتی ہے کہ بلوچستان میں سرمایہ کاری کے فروغ اور صوبے کی ترقی کی سمت میں اہم تبدیلیاں آئیں گی۔ صوبے کی ترقی میں سرمایہ کاری کا فروغ ایک اہم ستون ہے۔ بلوچستان کی موجودہ حکومت نے جس طرح سے سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی کی ہے، اس کے مثبت نتائج سامنے آئیں گے اور صوبہ ایک معاشی قوت بن کر ابھرے گا۔ وفاقی اور صوبائی حکومتوں کی مشترکہ کوششوں سے بلوچستان میں سرمایہ کاری کے امکانات اور مواقع بڑھ رہے ہیں، اور یہ صوبہ جلد ہی معیشت کی ایک مستحکم اور طاقتور حیثیت اختیار کرے گا۔ وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی کی قیادت میں بلوچستان کی معیشت میں خوشحالی اور ترقی کی ایک نئی لہر آ رہی ہے، اور اس کے نتائج پورے ملک کے لئے فائدہ مند ثابت ہوں گے۔

’27ویں ترمیم نے آئین کو عملی طور پر قتل کردیا ہے‘

جائزہ — زاہد حسین

اپنی کتاب 1984 میں جارج اورویل نے لکھا تھا کہ رہنماؤں نے آپ سے کہا کہ آپ جو اپنی آنکھوں سے دیکھتے اور کانوں سے سنتے ہیں، اس پر یقین نہ کریں۔ یہ سب سے اہم ہدایت ہے۔ پاکستان نے ماضی میں کئی بار فوجی آمروں کو آئین کو منسوخ یا معطل کرتے ہوئے دیکھا ہے۔ درحقیقت جنرل ضیاالحق کو تو یہ تک کہتے سنا گیا ہے کہ آئین ایک کاغذ کے ٹکڑے سے زیادہ کچھ نہیں جسے وہ کسی وقت بھی پھاڑ سکتے ہیں۔ مرحوم آمر کا بیان اس تکبر کا عکاس تھا جو اقتدار کے ساتھ آتا ہے اور یہ اس آئین کو کم تر سمجھنے کا ان کا رویہ تھا جسے 1973ء میں ایک منتخب پارلیمنٹ نے متفقہ طور پر منظور کیا تھا۔ 1988ء میں ایک فضائی حادثے میں جنرل ضیاالحق کے انتقال کے بعد آئین کو کچھ ترامیم کے ساتھ بحال کر دیا گیا تھا۔ جنرل پرویز مشرف نے 1973ء کے آئین کو ایک بار نہیں بلکہ دو بار معطل کیا۔ انہوں نے پہلے 1999ء میں آئین معطل کیا اور پھر 2007ء میں کیا۔ حالانکہ ان کے اس اقدام کو دوسری بار قانونی تحفظ نہیں مل سکا۔ وہ دوسری بار آئین معطلی کے بعد کچھ ماہ تک اقتدار میں رہے۔ آئین کو بعد میں بحال کیا گیا۔ اصل بات یہ ہے کہ ان فوجی حکمرانوں نے بھی آئین کو اس طرح نہیں توڑا جس طرح اب ایک ایسی پارلیمنٹ نے کیا ہے جس کے مینڈیٹ پر پہلے ہی عوامی اعتراضات ہیں۔ جہاں 26ویں ترمیم نے حکومت کی شاخوں کے درمیان طاقت کے توازن کو بری طرح بگاڑ کر رکھ دیا تھا، 27ویں ترمیم نے تو آئین کو عملی طور پر قتل ہی کر دیا ہے۔ آخری رسومات ’بگ برادرز‘ کی نگرانی میں عجلت میں ادا کی جا رہی ہیں۔ یہ شاید ہماری ناقابل رشک آئینی تاریخ کا سیاہ ترین لمحہ ہے۔

یہ کٹھ پتلی کے تماشے کی طرح تھا جہاں ایک کے بعد ایک قانون ساز ترمیم کی حمایت میں کھڑے ہو کر بولتا نظر آیا حالانکہ اس معاملے پر شاید ان سے ان کی رائے دریافت ہی نہیں کی گئی ہوگی۔ جب ووٹ ڈالنے کا وقت آیا تو انہوں نے قانون کے مسودے کو پڑھے بغیر صرف ’ہاں‘ کا نعرہ لگایا جو انہیں میٹنگ کے دوران دیا گیا تھا۔ انہوں نے صرف وہی کیا جو ان کی سیاسی جماعت نے انہیں کرنے کو کہا تھا۔ ان میں سے کچھ جانے پہچانے چہرے بھی تھے جنہوں نے ماضی میں بھی ضیاالحق اور پرویز مشرف کی فوجی حکومتوں میں آئین میں تبدیلی کے حق میں ووٹ دیا تھا۔ سینیٹ میں ترمیم کی منظوری کے لیے دونوں کی مطلوبہ تعداد اپوزیشن بنچز کے چند منحرف اراکین کو اپنی جانب کر کے حاصل کیے گئے۔ کسی کو یہ یاد دلانے کی ضرورت نہیں کہ یہ کیسے ہوا۔

حزب اختلاف کی ایک جماعت، اپنے متعدد قانون سازوں کی حالیہ نااہلی کی وجہ سے توڑ پھوڑ کا شکار ہے اور ان کے مزید اراکین مزید دھتکار دیے گئے جنہیں انسداد دہشت گردی کی عدالتوں نے مشکوک ٹرائلز میں سزا سنائی تھی۔ ان اراکین کے پاس پارلیمنٹ میں ووٹ کے عمل کا بائیکاٹ کرنے کے علاوہ کوئی چارہ نہیں تھا۔ ایوان میں قابل ذکر اپوزیشن کی عدم موجودگی کے باوجود یہ دھوکا دہی جاری رہی۔ اس سے نہ صرف 26ویں ترمیم کے بعد عدالتوں کے لیے جو تھوڑی سی آزادی چھوڑی گئی تھی، وہ اب مکمل طور پر ختم ہو چکی ہے بلکہ حکومت پر سویلین کنٹرول بھی ختم ہو چکا ہے۔ نئی ترمیم قانونی طور پر ملک کے پراٹورین ریاست (فوج کے زیر کنٹرول ریاست) بننے کے اقدام کو تحفظ فراہم کرے گی۔ آرمی چیف کو غیر معمولی اختیارات دیے گئے ہیں۔ انہیں اس سال مئی میں بھارت کے ساتھ 4 روزہ مختصر تنازع کی قیادت کرنے پر فیلڈ مارشل کے عہدے پر ترقی دی گئی تھی۔ اب انہیں قانون کے مطابق مکمل استثنیٰ ہوگی اور انہیں کوئی بھی سزا نہیں دی جاسکتی جبکہ ان کی مدت ملازمت میں دوبارہ توسیع کے آپشن کے ساتھ فی الحال مزید 5 سال تک توسیع کر دی گئی ہے۔ یہ تاحیات استثنیٰ نہ صرف فائیو اسٹار رینک والے مسلح افواج کے افسران کو دیا گیا ہے بلکہ صدر کو بھی دیا گیا ہے۔ لیڈران اور ریاستی عہدیداروں کے اعمال کا محاسبہ نہیں کرنے کی مثال کسی بھی جمہوری ملک میں نہیں ملے گی۔ یہ نہ صرف جمہوری اصولوں کی نفی ہے بلکہ قانون کی حکمرانی کے بھی خلاف ہے۔ جمہوری ممالک میں منتخب رہنماؤں کو اس طرح کا استثنیٰ نہیں دیا جاتا حتیٰ کہ جب وہ سرکاری دفتر میں ہوتے ہیں تب بھی ایسا رویہ نہیں اپنایا جاتا۔ لیکن پاکستان میں 27ویں ترمیم کے بعد انہیں غیر قانونی اقدامات سے مکمل استثنیٰ حاصل ہوگا۔

قومی اسمبلی میں ترمیم پر بحث دیکھنے میں کافی مزہ آیا جہاں وزرا اور حکومتی بنچز کے دیگر اراکین نے ملک کو 1973ء کا آئین دینے پر ذوالفقار علی بھٹو کی تعریف کرتے ہوئے اپنی تقریر کا آغاز کیا اور پھر ساتھ ہی یہ دعویٰ بھی کیا کہ اس ترمیم سے ملک میں جمہوریت مزید مضبوط ہوگی۔ آئین کی روح کو مارنے کے بعد جمہوریت اور قانون کی حکمرانی کی بات کرنے والے ان سیاستدانوں کی منافقت پر تعجب بھی نہیں کیا جاسکتا۔ کیا محض کٹھ پتلی بن کر سامنے آنے والے چہروں سے کسی اور چیز کی توقع رکھنی چاہیے؟ کچھ بھی ہو، ایوان میں ان کی موجودگی بعض حلقوں کی مرہون منت ہے۔ سینیٹ میں ترمیم پیش کرنے سے ایک دن قبل میں نے مسلم لیگ (ن) کے ایک بہت ہی سینئر رہنما سے اس تجویز کے بارے میں دریافت کیا جو ماضی میں کئی اہم وزارتی عہدوں پر فائز رہ چکے ہیں۔ انہیں درحقیقت ترمیم کی دفعات کا کوئی اندازہ نہیں تھا۔ اور وہ یقیناً اکیلے نہیں ہوں گے جنہیں اندازہ نہیں ہوگا۔ یہاں تک کہ کچھ وفاقی وزرا نے بھی نجی طور پر اعتراف کیا کہ انہیں اس مشاورت میں شامل نہیں کیا گیا تھا۔ ترمیم کے مسودے پر رازداری کو دیکھتے ہوئے یہ حیرت کی بات نہیں ہے۔ اور جس طرح سے اسے پارلیمنٹ کے ذریعے پہنچایا جا رہا ہے، اس سے تصور کرنے کے لیے کچھ باقی نہیں رہا۔ یہ ہے ہماری نام نہاد جمہوریت کی حالت جو کہ جوڑ توڑ کے ذریعے انتخابات میں ہیرا پھیری سے اقتدار میں آئی ہے۔ اس پوری صورت حال میں سب سے مایوس کن پیپلز پارٹی کا کردار ہے۔ اگرچہ پارٹی حکمران اتحاد کا حصہ ہے، اس نے حکومت میں عہدہ لینے کا انتخاب کیا ہے پھر بھی آئین کے انہدام میں پارٹی اور اس کے قائدین کا بھی اہم کردار تھا جسے بنانے کا سہرا پیپلز پارٹی اپنے سر لیتی ہے۔ جب پی پی پی کے قانون سازوں نے آئین کے تقدس کو برقرار رکھنے کے لیے جمہوریت کے لیے پارٹی قیادت کی طرف سے دی گئی قربانیوں کو فصاحت کے ساتھ بیان کیا تو اس وقت یہ سب غیر حقیقت پسندانہ لگ رہا تھا۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ پی پی پی نے ماضی میں جمہوریت کے لیے جدوجہد کی ہے۔ لیکن اس کی موجودہ قیادت نے جماعت کی وراثت سے غداری کی ہے۔ بلاول بھٹو زرداری نے آئین میں تبدیلیوں بالخصوص علیحدہ آئینی عدالت کے قیام کا دفاع کرتے ہوئے کہا کہ یہ میثاق جمہوریت کا حصہ ہے جس پر پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) نے 2006ء میں دستخط کیے تھے۔ تاہم عدالت کے بارے میں ان کی دلیل کوئی معنی نہیں رکھتی۔ میثاق جمہوریت، سویلین حکمرانی کو مضبوط رکھنے اور آئین کے تحفظ کے بارے میں بھی ہے۔ 27ویں ترمیم میثاق جمہوریت کے ہر نکتے کے خلاف ہے اور یہ ملک کو آمرانہ حکمرانی کی طرف لے جاتی ہے۔ موجودہ رہنماؤں کو ماضی کی قیادت کے مقابلے میں تاریخ انتہائی مختلف انداز میں پرکھے گی۔ اب ایک بڑا سوال یہ ہے کہ کیا سپریم کورٹ آئین اور 26ویں ترمیم کے بعد عدلیہ کو جو تھوڑی سی آزادی حاصل ہے، اس کے تحفظ کے لیے کچھ کرے گی؟ بدقسمتی سے نئی ترمیم نے ریاست کے اتحاد کو بھی کمزور کردیا ہے۔

اتحاد، ایمان اور تنظیم۔ دہشت گردی کا مؤثر جواب

منظرنامہ — پیر سرعثمان علی

پاکستان ایک بار پھر شدید دہشت گردی کا شکار ہے۔ خیبر پختونخوا اور بلوچستان سے لے کر وفاقی دارالحکومت اسلام آباد تک دہشت گردی کی نئی لہر نے قوم کو ہلا کر رکھ دیا ہے۔ حالیہ واقعہ، جس میں دہشت گردوں نے پختونخوا کے ایک کیڈٹ کالج کے اندر 650 افراد بشمول 525 کیڈٹس کو یرغمال بنانے کی کوشش کی، اور اسلام آباد کی ضلعی عدالتی کمپلیکس کے باہر خودکش حملہ، جس میں 12 افراد شہید اور درجنوں زخمی ہوئے، پاکستان کے لیے ایک واضح انتباہ ہے کہ دشمن اب بھی متحرک ہے۔ یہ واقعات کسی اتفاقی عمل کا نتیجہ نہیں بلکہ پاکستان کو غیر مستحکم کرنے اور خوف و انتشار پھیلانے کی منظم کوششیں ہیں۔ سیکیورٹی فورسز کی بروقت اور بہادرانہ کارروائی نے وانا کیڈٹ کالج کے ممکنہ سانحے کو روک دیا۔ ان کی جرات ایک بار پھر ثابت کرتی ہے کہ پاکستان کی فوج، پولیس اور خفیہ ادارے قوم کے تحفظ کے لیے اپنی جانوں کی قربانیاں دے رہے ہیں۔ تاہم، ان حملوں کی شدت اور تسلسل اس حقیقت کو ظاہر کرتے ہیں کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ ابھی ختم نہیں ہوئی۔

پاکستان اس جنگ کا پہلے بھی سامنا کر چکا ہے اور قربانی وعزم کے ذریعے کامیابی حاصل کی ہے۔ 2008 سے 2016 تک کے برس قوم کے لیے نہایت کٹھن ثابت ہوئے۔ آرمی پبلک اسکول جیسے سانحات اور مساجد، بازاروں اور اداروں پر حملے آج بھی یاد ہیں۔ آپریشن ضرب عضب اور ردالفساد کے ذریعے دہشت گردوں کے نیٹ ورکس توڑے گئے اور ملک میں امن بحال ہوا۔ مگر اب ایک بار پھر دہشت گردی کی نئی لہر خصوصاً خیبر پختونخوا، بلوچستان اور اب دارالحکومت میں بھی خطرناک انداز میں ابھر رہی ہے۔

خفیہ رپورٹس اور حکومتی ذرائع کے مطابق کئی کالعدم تنظیمیں افغان سرزمین سے سرگرم ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ بھارتی پراکسیز کی مالی اور لوجسٹک مدد کے ثبوت بھی سامنے آئے ہیں، جن کا مقصد پاکستان کو غیر مستحکم کرنا اور اس کی معیشت کو نقصان پہنچانا ہے۔ یہ دشمن واضح پیغام دے رہے ہیں کہ ان کا ہدف پاکستان کا امن، عوام کا اعتماد اور قومی استحکام ہے۔

یہ مسئلہ محض سیکیورٹی کا نہیں بلکہ قومی عزم کا امتحان ہے۔ ہمارے سپاہی بڑی بہادری سے دہشت گردوں سے لڑ رہے ہیں، لیکن اصل ذمہ داری اب پوری قوم پر عائد ہوتی ہے۔ سیاست دانوں کو ذاتی اختلافات بھلا کر ملک کو مقدم رکھنا ہوگا۔ تقسیم، الزام تراشی اور اقتدار کی سیاست کا وقت ختم ہو چکا ہے۔ جب دشمن متحد ہیں تو ہم بٹے ہوئے نہیں رہ سکتے۔ قومی سلامتی سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے — حکومت، اپوزیشن، فوج، عدلیہ، میڈیا اور ہر شہری کی۔

علاقائی صورت حال بھی پیچیدہ ہے۔ افغانستان میں طالبان حکومت کے قیام کے بعد بارہا یقین دہانیاں کرائی گئیں کہ افغان سرزمین کسی ملک کے خلاف استعمال نہیں ہوگی، مگر تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) جیسے گروہوں کی سرگرمیاں وہاں بدستور تشویشناک ہیں۔ بھارت کی جانب سے پاکستان مخالف عناصر کی خفیہ مدد کے شواہد بھی سامنے آ چکے ہیں، جو نہ صرف بین الاقوامی اصولوں کی خلاف ورزی ہیں بلکہ پورے خطے کے امن کے لیے خطرہ ہیں۔ عالمی برادری کو اس حقیقت کا سنجیدگی سے نوٹس لینا چاہیے۔ پاکستان نے دہشت گردی کے خلاف عالمی جنگ میں بھاری قیمت ادا کی ہے — 80 ہزار سے زائد جانیں قربان ہوئیں اور اربوں ڈالر کا معاشی نقصان ہوا۔ اب دنیا کو چاہیے کہ وہ پاکستان کے ساتھ کھڑی ہو اور دہشت گردی کے ان نئے نیٹ ورکس کو بے نقاب کرے جو پاکستان کے خلاف استعمال ہو رہے ہیں۔

دہشت گردی تقسیم اور مایوسی سے پروان چڑھتی ہے۔ اسے شکست دینے کے لیے پاکستان کو ان بنیادوں کو مضبوط کرنا ہوگا جنہیں دہشت گرد کمزور کرنا چاہتے ہیں — اتحاد، انصاف اور امید۔ فوجی کارروائیوں کے ساتھ ساتھ سماجی و معاشی اصلاحات، بارڈر مینجمنٹ، خفیہ تعاون اور انتہا پسندی کے خاتمے کے پروگراموں پر عمل تیز کرنا ہوگا۔ میڈیا اور تعلیمی اداروں کو بھی اپنی ذمہ داری نبھانی ہوگی تاکہ نئی نسل امن، برداشت اور قومی فخر کے ساتھ پروان چڑھے۔

پاکستان بارہا آزمائشوں سے گزرا ہے مگر کبھی جھکا نہیں۔ شہیدوں کا خون ہم سے تقاضا کرتا ہے کہ ہم متحد رہیں اور ثابت قدمی دکھائیں۔ موجودہ دہشت گردی صرف ہماری سیکیورٹی پر نہیں بلکہ ہماری شناخت، اتحاد اور مستقبل پر حملہ ہے۔ آیئے ہم ایک قوم بن کر سیاست، ذاتی مفاد اور اختلافات سے اوپر اٹھیں اور ایمان، اتحاد اور نظم کے ساتھ اپنے وطن کا دفاع کریں۔ دشمن ہمیں تقسیم کرنا چاہتا ہے، مگر تاریخ گواہ ہے کہ جب پاکستان متحد ہوتا ہے تو کوئی طاقت اسے شکست نہیں دے سکتی۔

ہجرت، محرومی اور امید کی داستان: زہران ممدانی کا سفر

نکتہ نظر — علی احمد جان

اٹھارہویں صدی کے اواخر اور انیسویں صدی کے آغاز میں برطانوی سامراج نے یوگنڈا میں ریلوے لائن بچھانے کے منصوبے پر عمل درآمد کیا تو ہندوستان سے ہزاروں لوگوں نے ہجرت کی۔ یہ ہجرت دو مراحل پر مشتمل تھی: پہلے مرحلے میں ریلوے کی تعمیر کے لیے مزدوروں اور کاریگروں کی ایک بڑی تعداد کو لایا گیا، جبکہ دوسرے مرحلے میں ریلوے کے ذریعے نقل وحمل کے بہتر ذرائع میسر آنے کے بعد زرعی اجناس کی پیداوار اور تجارت کے لیے نئے آبادکاروں کا ایک اور سلسلہ شروع ہوا۔ ہندوستان کی ریاست گجرات کے کاروباری طبقے نے بھی اس موقع سے بھرپور فائدہ اٹھایا۔ درحقیقت برطانوی حکمرانوں نے انہیں خاص طور پر ترغیب دی کہ وہ مقامی آبادی اور نوآبادیاتی حکومت کے درمیان بطور ثالث اپنا کردار ادا کریں۔ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ ان میں سے بہت سے خاندان یوگنڈا میں مستقل سکونت اختیار کر گئے۔ یہی وجہ تھی کہ 1947ء میں برصغیر کی تقسیم کے موقع پر ان میں سے بیشتر نے نہ تو بھارت کا سہارا لیا اور نہ ہی پاکستان کا۔ ان کی ایک الگ شناخت بن چکی تھی جو یوگنڈا سے وابستہ تھی۔ مگر 1972ء میں، برطانوی تسلط سے آزادی کے محض دس سال بعد، جب فوجی حکمران عیدی امین برسراقتدار آیا تو اس نے تمام ایشیائی باشندوں کو نوے دنوں کے اندر ملک چھوڑنے کا حکم جاری کر دیا۔ تقریباً ایک صدی تک کسی ملک میں بسے رہنے کے بعد اچانک ایک لاکھ سے زائد لوگوں کے لیے صرف تین ماہ میں اپنا سب کچھ چھوڑ کر نکل جانا ایک المناک سانحہ تھا۔ اس بحران کے دوران بھارت کی سرکاری پالیسی حیران کن طور پر غیر متعلقہ رہی۔ وزیراعظم اندرا گاندھی نے غیر وابستہ خارجہ پالیسی کے نام پر محض سفارتی بیان بازی تک خود کو محدود رکھا۔ اس کے برعکس، پاکستان نے وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو کی قیادت میں نہ صرف سفارتی سطح پر سرگرم کردار ادا کیا بلکہ عملی اقدامات بھی کیے۔ خصوصی طیاروں کے ذریعے مہاجرین کو کراچی لایا گیا جہاں بنگالی بنیادوں پر کیمپ قائم کیے گئے۔ اس عمل کے نتیجے میں تقریباً دس ہزار گجراتی مسلمان بوہری اور نزاری اسماعیلی برادریوں سے تعلق رکھنے والے افراد محفوظ مقامات تک پہنچنے میں کامیاب ہو سکے۔

یوگنڈا سے ایشیائی باشندوں کی بے دخلی کے اس المیے میں اسماعیلی برادری کے روحانی پیشوا پرنس کریم آغا خان چہارم کا کردار انتہائی قابل تحسین رہا۔ انہوں نے برطانیہ کے وزیراعظم ایڈورڈ ہیتھ، امریکی صدر رچرڈ نکسن اور کینیڈین وزیراعظم پیئر ٹروڈو سے براہ راست رابطہ کر کے یوگنڈا سے بے دخل ہونے والے ایشیائی باشندوں کے لیے دروازے کھولنے کی اپیل کی۔ ان کی قیادت میں جو مربوط نظام قائم کیا گیا، وہ آج بھی جبری نقل مکانی کے حوالے سے ایک مثال سمجھا جاتا ہے۔ محفوظ نکالنے سے لے کر نئے ممالک میں آبادکاری تک کے مراحل میں ان کے اقدامات بین الاقوامی سطح پر سراہے گئے۔ اس تاریخی سلسلے کا ایک دلچسپ پہلو یہ ہے کہ گزشتہ دنوں نیویارک شہر کا میئر منتخب ہونے والے زہران ممدانی کا تعلق بھی انہی گجراتی مسلمان خاندانوں سے ہے جو انیسویں صدی میں ہندوستان سے یوگنڈا ہجرت کر گئے تھے اور 1972ء میں جبری بے دخلی کا شکار ہوئے تھے۔

ہجرت، بے دخلی اور پناہ گزینی کے ان مراحل نے ان خاندانوں کی نفسیات، سوچ اور شخصیت پر گہرے اثرات مرتب کیے ہیں۔ زہران کے والد محمود ممدانی، جو ایک معروف محقق اور مصنف ہیں، نے اپنی تحریروں میں اس المیے کے مختلف پہلوؤں کو بڑی خوبصورتی سے اجاگر کیا ہے۔ ان کی والدہ، معروف فلم ساز میرا نائر، نے اپنی فلموں میں نقل مکانی اور شناخت کے موضوعات کو اس طرح پیش کیا کہ وہ آسکر ایوارڈز تک پہنچیں۔ زہران ممدانی نے اپنے والدین کے تجربات اور جدوجہد کو ایک نئے انداز میں آگے بڑھایا۔ انہوں نے اپنی ذاتی کہانی کو اجتماعی عمل میں تبدیل کر دیا اور اسے سیاست کا روپ دے دیا۔ ان کے والد سے سنی ہوئی کہانیوں نے انہیں وہ زبان دی کہ ہر سننے والا خود کو اس کا حصہ محسوس کرنے لگا۔ ان کی والدہ سے ملے ہوئے فلمی ہنر نے ان کی پہنچ لاکھوں لوگوں تک بڑھا دی۔ انہیں اپنے خاندان سے جو سب سے بڑی دولت ملی، وہ بے خوفی تھی۔ تین براعظموں میں ہجرت کے تجربے نے اس خاندان کو سچ بولنے اور سچائی کا سامنا کرنے کی ہمت بخشی۔

زہران کی اس صاف گوئی نے الیگزینڈریا اوکاسیو کورٹیز اور برنی سینڈرز جیسے ترقی پسند سیاستدانوں کو متوجہ کیا جنہوں نے ان کے خیالات میں اپنی آواز پہچانی۔ جب یہ آوازیں یکجا ہوئیں تو کروڑوں ڈالر کے پراپیگنڈے کی دیواریں بھی ہلنے لگیں۔ زہران کو نیویارک کے عام شہریوں اور مہاجرین نے اس بنیاد پر منتخب کیا کہ انسانوں کے درمیان کوئی تفریق نہیں ہونی چاہیے۔ ان کا ماننا ہے کہ نسل، عقیدے، جنس یا پیشے کی بنیاد پر کسی بھی قسم کا امتیازی سلوک ناقابل قبول ہے۔ یہ تاریخ کا ایک عجیب تضاد ہے کہ جن گجراتی خاندانوں کو ایک صدی قبل برطانوی سامراج نے یوگنڈا کے دور دراز علاقوں میں تجارت کی خاطر آباد کیا تھا، اور جنہیں پھر ایک ظالم حکمران نے ہمیشہ کے لیے بے دخل کر دیا، آج اسی نسل کا ایک جوان امریکی جمہوریت کے مرکز نیویارک شہر کی قیادت پر فائز ہوتا ہے۔ زہران ممدانی کا سفر محض ایک شخصی کہانی نہیں، بلکہ ان لاکھوں مہاجرین اور پناہ گزینوں کی اجتماعی طاقت کا اظہار ہے جنہوں نے ظلم وناانصافی کے باوجود اپنی انسانی وقار اور امید کو برقرار رکھا۔

اس کہانی کا سب سے بڑا سبق یہ ہے کہ ہجرت اور محرومی کسی کی تقدیر کا فیصلہ نہیں کرتیں، بلکہ یہ وہ ہمت ہوتی ہے جو انسان کو اپنی منزل خود تعمیر کرنے پر مجبور کرتی ہے۔ جس بے دخلی نے ایک خاندان کو تہس نہس کر دیا، تاریخ کے پہیے نے اسے ایک ایسی کامیابی میں بدل دیا جو آج لاکھوں لوگوں کے لیے امید کی علامت بن چکی ہے۔ زہران کی کامیابی اس بات کا ثبوت ہے کہ جب سچائی اور انصاف کی آواز کو طاقت مل جائے تو وہ زمانے کے تھپیڑوں کو بھی اپنے حق میں موڑ سکتی ہے۔ ہم گمان کے آبائی ممالک بھارت اور پاکستان میں ان کے خیالات کو پذیرائی نہیں ملتی۔ زہران نے کھل کر نریندر مودی اور نیتن یاہو کی پالیسیوں پر تنقید کی ہے۔ بھارت میں انتخابات کے دوران مسلمانوں کے خلاف مہم چلائی جاتی ہے جس میں انہیں جسمانی تشدد اور سماجی تعصب کا نشانہ بنایا جاتا ہے۔ پاکستان میں مذہبی اقلیتوں کے خلاف تشدد کا سلسلہ گزشتہ کئی دہائیوں سے جاری ہے۔ انہی مسائل کے پیش نظر ہندوستان اور پاکستان سے امریکہ اور یورپ ہجرت کرنے والوں کی تعداد میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ سوال یہ ہے کہ کیا ممبئی، کراچی، لاہور اور دہلی نیویارک سے بہتر ہیں؟ کیا ان شہروں میں زہران ممدانی جیسے لوگ کھڑے نہیں ہو سکتے؟

پاک افغان تعلقات کا مستقبل ٹی ٹی پی سے نمٹنے پر منحصر

زاویہ نظر — عبدالباسط خان

30 اکتوبر کو ایک امید کی کرن اس وقت نمودار ہوئی جب افغانستان اور پاکستان نے استنبول میں ایک تین نکاتی اعلامیے پر اتفاق کیا، جس کے تحت دونوں ممالک چھ نومبر کو دوبارہ ملاقات کریں گے تاکہ کئی ہفتوں کی غیر معمولی کشیدگی کے بعد طے پائے گئے معاہدے کے نفاذ کے طریقہ کار پر غور کیا جاسکے۔ فریقین نے اس بات پر بھی اتفاق کیا کہ امن کے قیام کو یقینی بنانے اور خلاف ورزی کرنے والوں کو سزا دینے کے لیے ایک نگرانی اور جائزہ لینے کا نظام قائم کیا جائے گا۔ تاہم یہ مذاکرات بھی بے نتیجہ ختم ہوگئے، جس کے بعد حالات ایک بار پھر کشیدگی کا شکار ہو گئے ہیں۔ اس سے پہلے پاکستان نے کابل اور افغانستان کے دیگر حصوں میں فضائی حملے کیے جن میں تحریک طالبان پاکستان اور حافظ گل بہادر گروپ کے رہنماؤں اور ٹھکانوں کو نشانہ بنایا گیا۔ یہ وہ تنظیمیں ہیں جو پاکستان میں سرحد پار دہشت گردی میں ملوث رہی ہیں۔ جب طالبان کی جانب سے ٹی ٹی پی کے خلاف عدم کارروائی اور افغان سرزمین پر ان کی موجودگی کو تسلیم نہ کرنے پر پاکستان کی صبر کا پیمانہ لبریز ہو گیا تو پاکستان نے کابل میں ضرب لگانے کا بے مثال اقدام اٹھایا۔ طالبان حکومت کے خلاف پاکستانی جارحانہ موقف اور یہ دھمکیاں کہ اگر ٹی ٹی پی کا مسئلہ اطمینان بخش طور پر حل نہ ہوا تو کھلی جنگ کا اعلان بھی کیا جائے گا، پالیسی ساز حلقوں میں ایک بنیادی تبدیلی کی عکاسی کرتی ہیں۔ پاکستانی اسٹیبلشمنٹ نے طالبان حکومت کو یہ واضح اشارہ بھیج دیا ہے کہ اگر وہ افغانستان میں ٹی ٹی پی کی حفاظت اور حمایت کرے گی تو اسے قیمت ادا کرنی پڑے گی۔ پاکستان اب مزید حملے برداشت نہیں کرے گا، بلکہ جلد اور مناسب انداز میں جواب دے گا۔

ان تمام حقائق کو مدنظر رکھتے ہوئے، یہ امکان کم ہی ہے کہ افغانستان اور پاکستان اپنے تعلقات کو کابل پر فضائی حملے سے پہلے والی سطح پر واپس لا سکیں، خواہ دونوں ممالک 30 اکتوبر کے سمجھوتے پر عمل درآمد کے طریقہ کار پر اتفاق بھی کر لیں۔ سرحدی کشیدگی کے دوران، افغانستان پاکستان سرحد کے تمام گزرگاہ بند رہتی ہیں، جس سے تجارت بری طرح متاثر ہوتی ہے۔ نتیجہ خواہ مثبت ہو یا منفی، اگر طالبان نے ٹی ٹی پی کے خلاف عملی اقدامات نہ کیے تو کشیدگی برقرار رہنے کا امکان ہے۔ پاکستان طالبان حکومت کے لیے افغانستان میں ٹی ٹی پی کی میزبانی اور حمایت کی قیمت بڑھاتا رہے گا۔ حالیہ کشیدگی کے دوران افغانستان اور پاکستان کے درمیان جو صورت حال سامنے آئی ہے، وہ کوئی نئی بات نہیں۔ ماضی میں بھی ٹی ٹی پی کے حوالے سے کشیدگی اور مذاکرات کابل، اسلام آباد اور بیجنگ میں ہو چکے ہیں۔ تاہم، ان سب کے باوجود طالبان کے ٹی ٹی پی سے متعلق اسٹریٹجک موقف میں کوئی تبدیلی نہیں آئی۔ اکتوبر میں دیکھی گئی کشیدگی اور دوحہ و استنبول میں ہونے والی بات چیت کے درمیان واحد فرق یہ ہے کہ اگر پہلے حالات سلگ رہے تھے تو اب وہ بھڑک اٹھے ہیں۔ اس لیے ترک اور قطری سفارت کاری حالات کا درجہ حرارت تو کم کر سکتی ہے، لیکن وقت کو کابل پر فضائی حملے سے پہلے والی صورت حال تک واپس نہیں لے جاسکتی۔

جب استنبول میں مذاکرات جاری تھے، پاکستان نے باجوڑ ضلع میں ٹی ٹی پی کے نائب سربراہ مفتی مزاحم کو نشانہ بنا ڈالا۔ مفتی مزاحم کی موت، 2022 میں جماعت الاحرار کے سربراہ عمر خالد خراسانی کی موت کے بعد پاکستانی سیکیورٹی فورسز کی سب سے بڑی انسداد دہشت گردی کامیابی قرار دی جا رہی ہے۔ یہ کارروائی طالبان حکومت کو یہ واضح پیغام دینے کے لیے کی گئی ہے کہ اگر اس نے ٹی ٹی پی کے خلاف قدم نہ اٹھایا تو پاکستان خود کارروائی کرے گا، چاہے وہ افغانستان پاکستان سرحدی علاقوں میں ہوں یا افغانستان کے اندر گہرائی میں۔ اسی کے ساتھ پاکستان نے طالبان حکومت کو دوٹوک انداز میں واضح کر دیا ہے کہ وہ ٹی ٹی پی سے کسی بھی قسم کے مذاکرات نہیں کرے گا۔ پاکستان طالبان سے توقع رکھتا ہے کہ وہ 2020ء کے دوحہ معاہدے کے تحت اپنی ذمہ داریاں پوری کرے۔ مزید یہ کہ پاکستان کے نزدیک افغانستان پاکستان سرحد ایک طے شدہ معاملہ ہے اور طالبان قیادت کی کوئی بھی بیان بازی پاکستانی ریاست پر اثر انداز نہیں ہو سکتی۔ یہ بات قابل افسوس ہے کہ افغان شہری ایران یا وسطی ایشیائی ممالک میں بغیر ویزا داخلے کا مطالبہ نہیں کرتے، لیکن پاکستان کے معاملے میں ایسا رویہ اپنایا جاتا ہے۔ پاکستان ایک خودمختار ملک ہے، اور کوئی بھی غیر ملکی ویزا حاصل کیے بغیر اس کی سرزمین میں داخل نہیں ہو سکتا۔ پاکستان اس حقیقت سے بخوبی آگاہ ہے کہ طالبان کو تحریک طالبان پاکستان کے نیٹ ورک کو ختم کرنے میں کئی طرح کی عملی اور نظریاتی مشکلات کا سامنا ہے۔ طالبان کو یہ اندیشہ بھی لاحق ہے کہ اگر ٹی ٹی پی کے خلاف سخت عسکری کارروائی کی گئی تو اس کے ناراض عناصر داعش خراسان میں شامل ہو سکتے ہیں۔ پاکستان طالبان کے نظریاتی حساسیتوں اور اس خطرے کو بھی سمجھتا ہے کہ ٹی ٹی پی کے خلاف کسی بڑے کریک ڈاؤن سے تحریک کے اندرونی دھڑوں میں اختلافات اور کشیدگی پیدا ہو سکتی ہے۔ تاہم، ٹی ٹی پی کی موجودگی سے مکمل انکار نے پاکستان کے صبر کو آزما دیا ہے۔ اگر طالبان حکومت اخلاص کے ساتھ پاکستان کے جائز سیکیورٹی خدشات کو سمجھے اور ان کی قدر کرے تو اسلام آباد کابل کے ساتھ تعاون کرنے اور ہر طرح کی مدد فراہم کرنے کے لیے تیار ہے۔

پاک افغان تعلقات کے بگاڑ میں بھارت کا کردار

برملا — نصرت جاوید

گھر آئے اخبارات کے پلندے پر نگاہ ڈالوں یا ریموٹ ہاتھ میں لے کر ایک ٹی وی چینل سے دوسرے چینل پر جاؤں تو احساس ہوتا ہے کہ ہمارا نام نہاد مین سٹریم میڈیا افغانستان کے ساتھ ہماری کشیدگی کے بارے میں یقیناً متفکر نہیں۔ ہماری بے نیازی کے مقابلے میں افغانستان سے کہیں دور بیٹھا ہمارا برادر ملک ترکیہ ہے۔ اس کے تاریخی شہر اور تہذیبی مرکز استنبول میں پاک۔افغان معاملات کو سلجھانے ترکی کے علاوہ قطر کے نمائندوں کی معاونت سے مذاکرات کے کئی ادوار ہوئے۔ ثالثوں کی پرخلوص کاوشوں کے باوجود وہ ناکام ہو گئے۔ ترکی اس کے باوجود ہمت کھوتا دکھائی نہیں دے رہا۔ اس کے صدر رجب طیب اردوان نے آذربائیجان سے اپنے ملک پرواز کرتے ہوئے بین الاقوامی خبررساں ایجنسی رائٹر کے مطابق اپنے ہمراہ سفر کرنے والے صحافیوں کو یہ بتایا ہے کہ ان کے وزیر خارجہ اور وزیر دفاع ترکیہ کے انٹیلی جنس چیف سمیت جلد ہی اسلام آباد آئیں گے۔ پاکستان میں قیام کے دوران یہ تینوں اپنے پاکستانی ہم عصروں سے ملاقاتوں کے دوران پاک۔افغان مذاکرات جاری رکھنے کو یقینی بنانا چاہیں گے۔ صدر اردوان کے اعلان کے ساتھ ہی ہمارے ہمسایہ اور قریبی ملک ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے اتوار ہی کے روز پاکستان اور افغانستان کے وزرائے خارجہ کے ساتھ ٹیلی فون پر گفتگو کرتے ہوئے دونوں ممالک کے مابین مذاکرات جاری رکھنے کی خواہش کا اظہار کیا اور اس تناظر میں اپنی خدمات فراہم کرنے کا وعدہ بھی کیا۔

ترکیہ اور ایران کی پاک۔افغان تعلقات کے بارے میں فکرمندی عندیہ دے رہی ہے کہ کابل اور اسلام آباد کے مابین کشیدگی غالباً ایک دوسرے کے خلاف تند وتیز بیانات کے اجرا تک ہی محدود نہیں رہے گی۔ تاؤ اس جانب بھی مڑ سکتا ہے جہاں دونوں ممالک کے درمیان دوحہ میں ہوئی جنگ بندی برقرار رکھنا بھی مشکل ہو جائے۔ خدانخواستہ ایسا ہو گیا تو پاکستان اور افغانستان کے مابین کھلی جنگ یا سرحدوں پر مستقل جاری جھڑپوں کے اثرات سے ایران بھی محفوظ نہیں رہ پائے گا۔ پاک۔افغان کشیدگی کے تدارک کیلئے وہ لہٰذا کلیدی کردار ادا کرنے کا خواہش مند ہے۔

افغانستان سمندر سے دوری کی وجہ سے اپنی تجارت کے لئے پاکستان پر ضرورت سے زیادہ انحصار کرتا ہے۔ ایران کی بندرگاہیں اس کا متبادل فراہم کرتی ہیں۔ ان کی سکت میں مزید اضافے کے لئے بھارتی سرمایہ کار چاہ بہار بندرگاہ کو جدید ترین بنانے کی کاوشوں میں مصروف ہیں۔ امریکہ نے مگر ایران کا اقتصادی بائیکاٹ کر رکھا ہے۔ اسی باعث چاہ بہار کو کشادہ اور جدید تر بنانے میں مصروف بھارتی سرمایہ کاروں کو ٹرمپ انتظامیہ نے ممکنہ پابندیوں کے بارے میں متنبہ کیا۔ انتباہی پیغام کے بعد مگر بھارتی سرمایہ کاروں کو چاہ بہار بندرگاہ کی توسیع کے لئے 6 مہینوں کا استثنا، فراہم کر دیا گیا۔ مذکورہ استثنا ؎ کے ذریعے ٹرمپ انتظامیہ نے درحقیقت بھارت اور افغانستان کو سفارتکارانہ مکاری سے یہ پیغام دیا ہے کہ واشنگٹن دہلی اور کابل کے مابین سفارتی ہی نہیں کاروباری رشتوں کو بھی مضبوط تر دیکھنے کا خواہش مند ہے۔ پاکستان میں ہر موضوع پر ’’غزل‘‘ لکھنے کو دستیاب تبصرہ نگاروں کا ہجوم اس پہلو کو ابھی تک نظرانداز کئے ہوئے ہے۔ فقط یہ دیکھتے ہوئے جی بہلا لیتا ہے کہ صدر ٹرمپ ہر دوسرے روز بھارت کو پاکستان کے ساتھ رواں برس کے مئی میں ہوئی جنگ کی شکست یاد دلاتا رہتا ہے۔ سات طیاروں کی بربادی کا ورد مودی کا دل جلانے کی خاطر کئے چلے جا رہا ہے۔ ٹرمپ کے ہاتھوں مودی پر ہوئی طعنہ زنی کا لطف اٹھاتے ہوئے ہم یہ حقیقت نظرانداز کردیتے ہیں کہ وہ سیمابی طبیعت کا مالک ہوتے ہوئے بھی بنیادی طور پر ایک کاروباری آدمی ہے اور ایک انگریزی محاورے کے مطابق اپنے ’’تمام انڈے‘‘ پاکستان کے تھیلے میں رکھنا نہیں چاہے گا۔ جنوبی ایشیاء کے وسیع تر تناظر میں وہ بھارت کو حتمی طور پر نظرانداز نہیں کر سکتا۔ طالبان اس کی حکومت کے دوران دوحہ میں ہوئے ایک معاہدے کی بدولت فاتح بن کر کابل لوٹے ہیں۔ جو معاہدہ ان کی کابل واپسی کا باعث ہوا اس کی جزئیات افغان نژاد امریکی زلمے خلیل زاد نے تیار کی تھیں۔

جبلی طور پر موقعہ پرستی کا عادی زلمے خلیل زاد اپنا اکثر وقت ان دنوں کابل میں گزار رہا ہے۔ اس کی وہاں موجودگی اور میل ملاقاتیں مجھے یہ سوچنے کو آمادہ کرتی ہیں کہ دین سے مبینہ طور پر کامل محبت میں گرفتار طالبان نے اپنے ملک سے امریکہ جا کر آباد ہوئے اور وہاں کی ’’ڈیپ اسٹیٹ‘‘ کے پرانے سہولت کار کو خارجہ امور کے بارے میں اپنا معاون بنالیا ہے۔ ٹرمپ انتظامیہ نے ابھی تک زلمے کو خاطر خواہ گھاس نہیں ڈالی ہے۔ وہ مگر امریکی ’’سسٹم‘‘ کو شاید ٹرمپ سے بھی زیادہ بہتر انداز میں سمجھتے ہوئے کابل اور دوحہ میں وقت گزارتے ہوئے ’’اچھے دنوں‘‘ کا انتظار کررہا ہے۔ مجھے شبہ ہے کہ زلمے خلیل زاد ہی کے مشورے پر طالبان نے اپنے وزیر خارجہ امیر خان متقی کو بھارت بھیجنے کا فیصلہ کیا۔ مودی حکومت ویسے تو ’’ہندوتوا‘‘ کی پرچارک ہے۔ اس کے مشیر برائے قومی سلامتی اجیت دوول۔ نے مگر بھارتی خفیہ ایجنسیوں سے ریٹائر ہوتے ہی مختلف تھنک ٹینکوں کے سیمیناروں میں یہ خیال پھیلانا شروع کر دیا تھا کہ بھارت کو ’’وسیع تر قومی مفادات‘‘ کی خاطر دارالعلوم دیوبند کی وساطت سے طالبان کے ساتھ رشتے استوار کرنا ہوں گے۔ متقی کے دورہ بھارت کو میں نے اس کے بیان کردہ تناظر ہی میں سمجھنے کی کوشش کی۔ دارالعلوم دیوبند کے ذریعے بھارت کی طالبان کا دل موہ لینے کی خواہش اس وقت عملی صورت اختیار کرتی نظر آئی جب امیر خان متقی دارالعلوم دیوبند میں اپنے علم حدیث کا ’’امتحان‘‘ دینے سہارن پور پہنچا۔ اس کا وہاں والہانہ استقبال ہوا۔ ’’امتحان‘‘ میں کامیابی کے بعد امیر خان متقی پاکستان کے ساتھ تعلقات کو ’’طالبانی‘‘ نظر سے نہیں بلکہ وطن پرستی کے جذبات کے ساتھ دیکھنا شروع ہو گیا ہے۔ ’’وطنیت‘‘ اور مذہب کی بنیاد پر ’’قومیت‘‘ کے مابین فرق کو دارالعلوم دیوبند کے اکابرین قیام پاکستان کی تحریک کے دوران اجاگر کرنا شروع ہو گئے تھے۔ دو قومی نظریہ ان کی دانست میں ’’وطنیت‘‘ کی روگردانی تھی۔ طالبان پاکستان کے ساتھ اپنی مشکلات کو اب اسی سوچ کے تحت دیکھنا شروع ہو گئے ہیں۔ ’’طالبانی‘‘ سوچ میں وطنیت یا افغان قوم پرستی کا تڑکا لگاتے ہوئے امیر خان متقی جیسے افراد ان ہزاروں افغان افراد کے دل موہ لینے میں بھی کامیاب ہوئے جو طالبان کے کابل لوٹنے کے بعد ہجرت کرنے کو مجبور ہوئے۔ ان میں سے اکثر ان دنوں یورپ میں پناہ گزین ہیں اور وہاں کے کئی ملکوں میں تارکین وطن سے نفرت میں دن بدن اضافہ ہو رہا ہے۔

پاک افغان مذاکرات کا مستقبل

گردوپیش — ڈاکٹر رشید احمد خان



قطر کے دارالحکومت دوحہ اور ترکیہ کے شہر استنبول میں پاکستان اور افغانستان میں مذاکرات کے تین ادوار کی ناکامی کے بعد خطے میں امن کے خواہش مند حلقوں کی جانب سے اب یہ سوال اٹھایا جارہا ہے کہ پاک افغان تعلقات آئندہ کیا رخ اختیار کریں گے؟ اگرچہ فریقین کی طرف سے جنگ بندی پر عمل ہو رہا ہے مگر استنبول مذاکرات میں ڈیڈلاک برقرار رہنے کے بعد وفاقی وزیر دفاع خواجہ آصف کا کہنا تھا کہ اب دونوں ملکوں میں مذاکرات کے کسی اگلے پروگرام کا کوئی امکان نہیں۔ مذاکرات کے اس دور سے قبل خواجہ صاحب نے یہ بھی کہا تھا کہ اگر مذاکرات سے معاملات حل نہیں ہوتے تو افغانستان کے ساتھ ہماری کھلی جنگ ہے۔ لیکن جہاں پاکستان اور افغانستان کے مابین اختلافات کی وسیع خلیج مستقبل قریب میں ختم ہونے کے امکانات نظر نہیں آتے وہیں دونوں ملکوں میں کھلی جنگ کا بھی امکان بہت کم ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ جنوبی اور وسطی ایشیا میں تیزی سے بدلتی سیاسی صورتحال نے پاکستان اور افغانستان کے مابین امن اور جنگ کے مسئلے کو اب صرف ان دو ممالک تک محدود نہیں رہنے دیا۔ اگر پاکستان اور افغانستان میں بقول خواجہ آصف کھلی جنگ کا آغاز ہوتا ہے تو اس کے اثرات انہی دو ملکوں تک محدود نہیں رہیں گے بلکہ اس سے پورے خطہ متاثر ہو سکتا ہے۔ اس کا واضح اشارہ مذاکرات کی ناکامی کے بعد ایران اور ترکیہ کی طرف سے پاکستان اور افغانستان کے درمیان مصالحت کی پیشکش اور کوشش کی صورت میں مل رہا ہے۔ خبروں کے مطابق ترکیہ کے تین اہم ترین عہدیدار وزیر خارجہ حکان فیدان، وزیر دفاع یشار گولر اور خفیہ ایجنسی کے سربراہ ابراہیم کالن جلد ہی پاکستان کا دورہ کریں گے۔ ممکن ہے جب یہ کالم زیر مطالعہ ہو تو ترکیہ کا یہ اعلیٰ سطحی وفد پاکستان اور افغانستان کو ایک دفعہ پھر مذاکرات پر آمادہ کرنے کی کوششوں میں مصروف ہو۔ دوحہ اور استنبول میں پاکستان اور افغانستان کے درمیان مذاکرات کے جو تین ادوار ہوئے تھے ان کے انعقاد میں قطر کے علاوہ ترکیہ کا بھی بڑا اہم کردار تھا۔ ان مذاکرات میں جب بھی ڈیڈلاک پیدا ہوا قطر کے ہمراہ ترکیہ نے بھی اسے ختم کرانے کیلئے بھرپور کوشش کی۔ استنبول مذاکرات میں ڈیڈلاک کے بعد اگرچہ خواجہ آصف نے پاک افغان مذاکرات کی کہانی ختم ہونے کا اعلان کر دیا ہے مگر اطلاعات کے مطابق ترکیہ کو اسلام آباد اور کابل کے درمیان ڈیڈلاک پر بڑی تشویش ہے اور ترکیہ کسی صورت مصالحت کی کوششوں کو ترک کرنے پر آمادہ نظر نہیں آتا بلکہ دونوں ملکوں کے مابین مستقل جنگ بندی کیلئے کسی بھی حد تک جانے کو تیار دکھائی دیتا ہے۔ اعلیٰ سطحی ترک وفد کی پاکستان میں ممکنہ آمد ترکیہ کے پاکستان کے ساتھ خلوص اور دو ہمسایہ مسلم ملکوں میں مصالحت کیلئے مخلصانہ کوشش کی آئینہ دار ہے۔ ایران کی طرف سے بھی پاکستان اور افغانستان کے باہمی اختلافات ختم کرانے میں تعاون کی پیشکش اس سلسلے کی ایک اہم کڑی ہے کیونکہ پاکستان کی طرح ایران افغانستان کا بھی ہمسایہ ہے۔ افغانستان میں جنگ اور بدامنی کی وجہ سے افغان باشندوں نے پاکستان کے علاوہ ایران میں بھی پناہ حاصل کی تھی۔ پاکستان اور افغانستان میں جنگ کی صورت میں جو ممالک فوری طور پر اور سب سے زیادہ متاثر ہوں گے ان میں ایران بھی شامل ہوگا۔ اس بنا پر ایران کی طرف سے پاک افغان مذاکرات میں ڈیڈلاک اور سرحدی جھڑپوں کے دوبارہ شروع ہونے کے خدشات کا اظہار قدرتی اور قابل فہم ہے۔ اگرچہ اس وقت صرف روس نے طالبان کی حکومت کو باقاعدہ تسلیم کیا ہے لیکن امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے مطابق روس کی جانب سے طالبان کی حکومت کو افغانستان کی جائز اور قانونی حکومت تسلیم کرنے کا اقدام نہ صرف افغانستان بلکہ پورے خطے کیلئے اہم سیاسی، عسکری اور معاشی مضمرات کا حامل ہے۔ تاجکستان میں وسطی ایشیائی ممالک کے ساتھ ایک حالیہ کانفرنس کے دوران روس کے صدر ولادیمیر پوتن نے افغانستان میں امن اور استحکام کو وسطی ایشیائی ممالک کی سلامتی اور خوشحالی کیلئے اہم قرار دیا ہے۔ اس کے علاوہ انہوں نے یہ بھی کہا کہ روس کی معلومات کے مطابق طالبان حکومت اپنی سرزمین کو دوسرے ممالک کے خلاف دہشت گردی میں استعمال ہونے سے روکنے کیلئے کوشش کر رہی ہے۔ 2020ء میں دوحہ معاہدے میں افغان طالبان نے پوری دنیا کو تحریری طور پر یقین دہانی کرائی تھی کہ وہ اپنی سرزمین کو دوسرے ممالک کے خلاف دہشت گردی کی کارروائیوں کیلئے استعمال کرنے کی اجازت نہیں دیں گے مگر اگست 2021 میں کابل پر قبضے کے بعد سے چار سال سے زیادہ عرصہ گزر جانے کے باوجود افغان طالبان اپنا وعدہ پورا نہیں کر سکے اور افغان سرزمین بدستور پاکستان میں دہشت گردی کیلئے استعمال ہو رہی ہے۔ گزشتہ روز بھی اسلام آباد کی ایوان کچہری کے باہر بھارتی سپانسرڈ اور افغان طالبان کی پراکسی فتنہ الخوارج نے خودکش دھماکا کیا جس کے نتیجے میں 12 افراد شہید اور 27 زخمی ہوگئے۔ اس سے قبل پیر کے روز فتنہ خوارج کی جانب سے جنوبی وزیرستان میں وانا کیڈٹ کالج کو نشانہ بنانے کی مذموم کوشش کی گئی۔ یہ امر پوری دنیا پر روز روشن کی طرح عیاں ہو چکا ہے کہ افغان طالبان نے نہ صرف کالعدم ٹی ٹی پی اور دیگر دہشت گرد گروہوں کو اپنے ملک میں محفوظ پناہ گاہیں فراہم کر رکھی ہیں بلکہ اقوام متحدہ کی ایک رپورٹ کے مطابق طالبان رجیم کی جانب سے انہیں عسکری اور مالی امداد بھی فراہم کی جاتی ہے۔ دسمبر 2014 میں آرمی پبلک سکول پشاور پر حملے کے بعد افواج پاکستان نے جب دہشت گردوں کا قلع قمع کرنے کیلئے ملٹری آپریشن کا آغاز کیا تو ٹی ٹی پی کے جنگجوؤں نے بھاگ کر افغانستان میں پناہ حاصل کر لی اور وہاں افغان طالبان کی صفوں میں شمولیت اختیار کر لی تھی۔ افغان طالبان نہ صرف اس کا اعتراف کرتے ہیں بلکہ ٹی ٹی پی کو اپنا سب سے قریبی ساتھی قرار دیتے ہیں۔ اس لیے دوحہ اور استنبول میں ہونے والے مذاکرات میں افغان طالبان نے پاکستان کے خلاف ٹی ٹی پی کی دہشت گردی کو روکنے کیلئے ٹھوس اور موثر اقدامات سے صاف انکار کر دیا بلکہ یہاں تک کہہ دیا کہ وہ ٹی ٹی پی کو دہشت گرد تنظیم نہیں سمجھتے۔ طالبان رجیم پر واضح ہو جانا چاہیے کہ ان کا موقف نہ صرف پاکستان اس کے دیگر ہمسایہ ممالک بلکہ عالمی برادری کی رائے اور فیصلوں سے متصادم ہے کیونکہ اقوام متحدہ اور دیگر کئی ممالک کی طرف سے کالعدم ٹی ٹی پی کو دہشت گرد تنظیم قرار دیا جا چکا ہے۔ مگر افغان طالبان اپنے رویے میں تبدیلی لانے سے صاف انکاری ہیں۔ دوحہ اور استنبول مذاکرات بھی اسی وجہ سے بے نتیجہ رہے۔ اس کے باوجود ترکیہ اور ایران جیسے برادر مسلم ممالک پاکستان اور افغانستان کے درمیان تنازعات کا مستقل حل ڈھونڈنے کی خواہش رکھتے ہیں۔

ضمانت تو ہمیں بھی درکار ہے

اظہار خیال — ایاز امیر



ایک ضمانت نہیں کی ہوں تو بات بنے۔ عمر کا کافی عرصہ بیت چکا ہے لیکن اس دنیا سے رخصت ہونے کا جی نہیں کرتا۔ عمر خضر کی ضمانت نہ بھی ہو کہیں سے کچھ یقین تو آئے کہ اتنے سال اور جئیں گے۔ ویسے بھی عمر بیکار کی گزری ہے زاد راہ پر آنے کے لیے ایک اور عمر تو درکار ہوگی۔ وہی بات کہ آ ہی جاتا وہ راہ پر غالب کوئی دن اور بھی جیتے ہوتے۔ لیکن کہاں تمام [illegible]

تک کہہ جاتے ہیں کہ قیامت کی تمام نشانیاں موجود ہیں لیکن اگر قیامت نہیں آ رہی تو اس کی ایک وجہ [illegible]

یہ بھی میں کہے بغیر نہیں رہ سکتا کہ جس طرح سے سوائے جی غالب پر بات کرتے ہیں ایسا کسی اور کو نہیں سنا۔ اور صرف غالب پر نہیں بلکہ میر اور اقبال پر بھی۔ محسوس یوں ہوتا ہے کہ تمام اردو اور سنسکرت شاعری انہیں ازبر ہے۔ زندگی گزاری ہو تو ایسی راہوں پر گزاری ہو۔ علم کی کھوج میں دن گزر رہے ہوں کیا چاشنی ایسے میں پیدا ہو۔ اسی لیے بیکار کا لفظ کہا۔ کچھ دن گزریں فلاں جستجو میں اور پھر دھیان کہیں اور بکھر جائے۔ بکھرے دھیان سے گیان حاصل نہیں ہوتا۔ اپنے فن پر قادر ہو اور پھر اس بنا پر بولنے لگے اور شیریں زباں بھی ہو تو انسان سن کر محو حیرت ہو جاتا ہے۔ لیکن کہاں سے ضمانت ملے کہ اپنے کلام پر ہم ایسے قادر ہو جائیں۔

وہ ہندوستانی تہذیب جس کی مکاشی مغل دربار کرتا تھا اور جہاں اردو بولی جاتی تھی وہ 1857ء کے واقعات کی نذر ہوگئی۔ بادشاہت تو برائے نام رہ گئی تھی لیکن اس زوال میں بھی مغل بادشاہ کو قدرومنزلت کی نگاہ سے دیکھا جاتا تھا ہندو مسلم تفرقے سے بالاتر۔ 1857ء کے واقعات سے مغلوں کا دلی برباد ہو گیا۔ انگریزوں نے وسیع پیمانے پر لوگوں کو خاص طور پر مسلمانوں کو بندوق اور توپ کا نشانہ بنایا۔ تہذیب کا آمیزش لٹ کر رہ گیا اور آپس کا تفرقہ بڑھتا گیا۔ اب میں اگر اس تہذیب کی کوئی معراج ہے تو وہ غالب کی شاعری ہے۔ بہرحال ہم جیسے اس موضوع پر کچھ اور کہیں تو مناسب نہیں ہوگا کیونکہ اس موضوع پر جتنا علم ہونا چاہیے ہم حاصل نہ کر سکے۔ رونا یہ بھی ہے کہ اس موضوع کو زیادہ جاننے کی کوشش بھی نہ کر سکے۔ سینئر کیمبرج کا 1965ء میں امتحان دیا تو ہمارا مضمون لوئر اردو تھا۔ یعنی انگریزوں کا کمال دیکھئے کہ لوئر انگریزی تو بھی مضمون نہ رہا لیکن اردو کو لوئر اور اعلیٰ میں تقسیم کر دیا۔ ہم لوئر اردو والے ہم نے غالب یا اقبال کیا پڑھنا تھا۔ پھر اپنے ملک کا یہ مسئلہ بھی ہے کہ صحیح معنوں میں اردو کی یہاں کوئی وقعت نہیں۔ زبان اقتدار اور زبان طاقت انگریزی ہے۔ صحیح بولنا نہ بھی آئے تلفظ اتنے اعلیٰ معیار کا نہ ہو لیکن بولنا انگریزی میں ہی ہے چاہے انگریزی کا قتل عام ہو جائے۔

بات انگریزی یا اردو کی نہیں، جو کچھ یہاں پڑھایا جاتا ہے اس سے ہم ایک نیم خواندہ قوم بن گئے ہیں۔ اس نیم خواندگی کی وجہ سے جو ایک شعور ہونا چاہیے وہ اگر شروع کے سالوں میں تھا بھی تو وقت گزرنے کے ساتھ مدہم پڑ گیا ہے۔ اور حالت اب یہ ہے کہ قوم کے ساتھ جو کچھ بھی ہو بغیر چوں وچرا کے سہہ لیا جاتا ہے۔ جیسے گدھے پر جتنا بوجھ بھی لاد دیا جائے اس نے کیا کہنا ہے۔ اب تو یوں لگتا ہے کہ ہماری حالت ایسی ہی ہو گئی ہے۔ کتنا عرصہ سمجھتے رہے کہ حالات بہتر ہوں گے۔ جو کچھ ہو رہا ہے ہماری تقدیر نہیں۔ لیکن عمر کے اس حصے میں یہ راز افشا ہوا کہ نہیں یہی ہماری تقدیر ہے جو کچھ ہوتا رہا ہے ایسا ہی ہوتا رہے گا۔ وزن اٹھانے والا جانور احتجاج نہیں کرتا۔ احتجاج تو دور کی بات ہے اب تو لوگوں نے بولنا چھوڑ دیا ہے یہی سمجھ کر کہ بولیں بھی تو اس سے ہوگا کیا۔ مایوسی کی کیفیت قوم پر طاری ہو چکی ہے اور ایسے الفاظ کہ ’جھپٹنا پلٹنا لہو گرم رکھنے کا ہے ایک بہانہ‘ عجیب لگتے ہیں۔

پھر ہم جو کرتے ہیں ٹھیک ہی کرتے ہیں۔ اس موسم میں کچھ دھوپ سینک لی تھوڑی سی چہل قدمی کرلی، جدائی اور بیوفائی کے گزرے دنوں کے گانے سن لیے اور شاموں کے سایوں کو دیکھ کر دل بہلا لیا۔ غالب کا ہندوستان لٹ گیا اور اس بربادی میں وہ لافانی شاعری لکھی گئی۔ بربادی یہاں بھی لیکن نہ کوئی شاعری نہ موسیقی۔ [illegible]

عوامی اشتہارات — MASHRIQ CLASSIFIED

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں "ادارہ" کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔
☆ ادارہ ایڈیٹنگ اور مشکوک الفاظ والے مسودے کے شائع ہونے کی شکایات قابل قبول نہ ہوگی۔
☆ 2 فون نمبروں میں سے ایک غلط یا فون نمبر اور ایڈریس میں سے ایک اتفاقیہ غلط شائع ہونے کی صورت میں "ادارہ" ذمہ دارنہ ہوگا، اشتہار کو پہلے شائع ہونے کے بعد جانچ کر دوبارہ شائع نہیں ہوگا۔
☆ غلط اشتہار شائع ہونے کی صورت میں (3) دن میں ہمیں اپنی تحریری شکایت درج کرائیں ورنہ "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا۔
☆ اگر کسی وجہ سے کوئی اشتہار شائع ہونے سے رہ گیا ہو تو "ادارہ" اسکو دوسرے دن شائع کرنے کا مجاز ہوگا۔

اطلاع عام

پلاٹ نمبر CM-20 رقبہ 3100 فٹ واقع کریٹ بارودانہ مارکیٹ بازار گنجی اس وقت عبدالقادر ولد عبدالغفور کے نام ہے کی ٹرانسفر مسٹر کلیم ولد عبدالحکیم کے نام کروانا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں پندرہ یوم کے اندر کیو ڈی اے سے رابطہ کریں

R,NO......62340

لعل جان بلوچ کی وفد کے ہمراہ ڈی سی خضدار عبدالرزاق سے ملاقات

شہری صورتحال مختلف موضوعات سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال

خضدار (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی ایگزیکٹو کمیٹی ممبر چیئرمین میر لعل جان بلوچ مرکزی ایگزیکٹو کمیٹی کے ممبر وضلعی صدر شفیق الرحمن ساسولی کا وفد کے ہمراہ نئے تعینات ہونے والے ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی سے ملاقات۔ ڈپٹی کمشنر خضدار تعیناتی پر مبارکباد نیک خواہشات کا اظہار، ملاقات میں ملکی علاقائی مسائل شہری صورتحال مختلف موضوعات سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفد میں بی این پی خضدار کے سینئر نائب صدر میر سفر خان مینگل سینئر نائب صدر نور احمد میراجی ضلعی جنرل سیکرٹری عبدالنبی بلوچ ڈپٹی جنرل سیکرٹری ایڈووکیٹ غلام نبی مینگل بی این پی کے سوشل میڈیا ممبر رئیس اعجاز مینگل سابقہ پروفیشنل سیکرٹری حاجی ایوب عالیزئی یونس بابا بی و دیگر شامل تھے۔

لورالائی، ڈی سی میران بلوچ خسرہ اور روبیلا مہم کا افتتاح کر رہے ہیں

اوتھل میں مچھروں کی بہتات، شہری ملیریا موذی امراض میں مبتلا

اوتھل (یو این اے) اوتھل شہر اور گرد و نواح میں مچھروں کی بڑھتی ہوئی تعداد کے باعث شہری ملیریا اور دیگر موذی بیماریوں میں مبتلا ہونے لگے ہیں۔ شہری رات بھر جاگ کر گزارتے ہیں اور اسپرے کی عدم موجودگی کی وجہ سے معصوم بچے، بوڑھے اور بیمار افراد شدید مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں۔

بھاگ کو جرائم پیشہ عناصر کیلئے پناہ گاہ نہیں بننے دیں گے، ایس ایچ او

کسی کو بھی قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت نہیں دی جائے گی غلام سرور مینگل

بھاگ ناڑی (اے این این) ایس ایچ او بھاگ غلام سرور مینگل نے کہا ہے کہ بھاگ کو جرائم پیشہ عناصر کیلئے پناہ گاہ نہیں بننے دیں گے عوام کی جان و مال کی حفاظت کے لیے پولیس کے گشت میں مزید اضافہ کر دیا گیا ہے کسی کو بھی قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت نہیں دی جائے گی ان خیالات کا اظہار آل پارٹیز ایکشن کمیٹی بھاگ کے وفد سے پولیس تھانہ بھاگ میں بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر سی آئی اے انچارج بھاگ عبدالعزیز سونگی بھی موجود تھے۔ ملاقات میں تمام سیاسی و سماجی پارٹیوں، جماعتوں اور تنظیموں کے نمائندگان شامل تھے۔ ملاقات میں علاقائی امن و امان کی صورتحال، جرائم کی روک تھام، پولیس کی کارکردگی اور عوامی مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ آل پارٹیز ایکشن کمیٹی بھاگ کے رہنماؤں نے شہید ایس ایچ او بھاگ لطف علی کھوسہ کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے جس طرح امن و امان کو برقرار رکھا اور سیکیورٹی کے بہترین انتظامات کیے وہ قابل تحسین ہیں۔ رہنماؤں نے امید ظاہر کی کہ نئے تعینات ہونے والے ایس ایچ او بھی شہید لطف علی کھوسہ کی طرح امن و امان کی بحالی اور عوام کے تحفظ کے لیے اہم کردار ادا کریں گے اور ان کی ٹیم شہر میں امن و امان کے قیام کے لیے بھرپور اقدامات کرے گی۔ اس موقع پر ایس ایچ او بھاگ غلام سرور مینگل نے کہا کہ پولیس عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے ہر وقت سرگرم ہے۔ قانون کی بالادستی اور انصاف کی فراہمی ہماری اولین ترجیح ہے۔ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی اور کسی سیاسی دباؤ کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ بھاگ شہر میں پولیس گشت کو بڑھایا جائے گا جبکہ مختلف چوکیوں پر بھی نفری میں اضافہ کر کے سیکیورٹی کے بہترین انتظامات کیے جائیں گے۔ پولیس نے ماضی میں بھی عوام کے تحفظ کے لیے قربانیاں دی ہیں اور آئندہ بھی کسی قربانی سے دریغ نہیں کرے گی۔

بلوچستان حکومت کی کوشش ہے عوام کے مسائل انکی دہلیز پر حل ہوں، سردار کوہیار ڈومکی

سبی میں پینے کے صاف پانی بجلی اور گیس کا مسئلہ ہے تعلیمی اداروں میں فلٹر پلانٹ کی تنصیبات ضلعی انتظامیہ کا بہترین اقدام ہے، میڈیا سے موقع پر گفتگو

حکومت طلباء و طالبات کو تعلیمی اداروں میں بہترین سہولیات فراہم کر رہی ہے تاکہ بلوچستان کے نوجوانوں کا مستقبل بھی تابناک ہو، وزیر صنعت و تجارت

سبی (نمائندہ مشرق) صوبائی وزیر صنعت و تجارت چیف آف ڈومکی سردار کوہیار خان ڈومکی نے کہا ہے کہ میری اولین کوشش ہے کہ اپنے حلقہ انتخاب کے لوگوں کے مسائل حل ہوں ان خیالات کا اظہار انہوں نے گرلز ڈگری کالج اور بوائز پوسٹ گریجویٹ کالج، نرسنگ سکول میں پینے کے صاف پانی کے فلٹر پلانٹ کا افتتاح کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر میجر (ر) الیاس کبزئی، اسسٹنٹ کمشنر سبی سید منصور علی شاہ، اسسٹنٹ کمشنر بختیار آباد میر بہادر ڈنگو، تحصیلدار سبی میر ضابطہ ڈومکی، ایکسین پی ایچ ای شہزادہ فرخ، ایکسین اربن پلاننگ رازق مری، سپرنٹنڈنٹ اکاؤنس میر عبدالصمد منگوکی، سپرنٹنڈنٹ لیویز غلام حیدر رند کے علاوہ دیگر ... بھی موجود تھے ... جو اسکیمات بنائی ہیں وہ قابل تعریف ہیں اس سلسلے میں ڈپٹی کمشنر سبی اور ایکسین اربن پلاننگ، ایکسین پی ایچ ای، ایکسین بی اینڈ آر، اوران کی پوری ٹیم کو مبارکباد دیتا ہوں کہ انہوں نے کھلی کچہری میں عوامی مسائل سنے اور پھر عوام کی خواہشات کا احترام بھی کیا سردار کوہیار ڈومکی ... پہلی مرتبہ ہر ڈسٹرکٹ کے ڈپٹی کمشنر کو ایک ارب روپے کے فنڈ ز جاری کیے اور یہ حکومت بلوچستان کا بہترین فیصلہ ہے مستقبل قریب میں اس سلسلے کو جاری رہنا چاہیے تاکہ ہر ڈسٹرکٹ کا ڈپٹی کمشنر کھلی کچہری لگا کر پہلے عوام کے مسائل سنے پھر وہ مسائل ڈسٹرکٹ کی سطح پر حل ہوں صوبائی وزیر نے کہا کہ سبی میں پینے کے صاف پانی بجلی اور گیس کا مسئلہ ہے تعلیمی اداروں میں فلٹر پلانٹ کی تنصیبات ضلعی انتظامیہ کا بہترین اقدام ہے خوشی کی بات ہے کہ تعلیمی اداروں میں طلباء و طالبات کو تعلیمی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ پینے کا صاف پانی بھی میسر ہوگا جبکہ سبی میں 70 فیصد تعلیمی اداروں کو سولر سسٹم پر منتقل کر دیا گیا اب حکومت بلوچستان طلباء و طالبات کو تعلیمی اداروں میں بہترین سہولیات فراہم کر رہی ہے اب اساتذہ و طلباء و طالبات پر بھی فرض ہے کہ وہ دل لگا کر تعلیم حاصل کریں تاکہ بلوچستان کے نوجوانوں کا مستقبل بھی تابناک ہو سکے۔

قلعہ سیف اللہ، ڈی سی ساگر کمار خسرہ اور روبیلا سے بچاؤ مہم کا افتتاح کر رہے ہیں

ڈیرہ بگٹی ڈگری کالج کی واحد بس خراب، طلبہ وطالبات کو مشکلات

ڈیرہ بگٹی (این این آئی) ڈیرہ بگٹی ڈگری کالج کی واحد بس جو صبح میل اور شام فیمیل طلبہ وطالبات کو گھروں تک پہنچانے کے لیے استعمال ہوتی تھی، گزشتہ دو ماہ سے خراب ہے۔ ذرائع کے مطابق بس کی خرابی کے باعث درجنوں طلبہ وطالبات کو روزانہ آنے جانے میں شدید دشواری کا سامنا ہے۔ والدین اور شہریوں نے ڈائریکٹر کالجز بلوچستان اور وزیر اعلیٰ بلوچستان سے اپیل کی ہے کہ ڈگری کالج ڈیرہ بگٹی کی پرانی بس کی فوری مرمت کے ساتھ ساتھ ایک نئی منی ویگن بھی فراہم کی جائے۔ علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ چونکہ ڈیرہ بگٹی شہر کی گلیاں تنگ اور چھوٹی ہیں، اس لیے فیمیل اسٹوڈنٹس کے لیے منی ویگن زیادہ موزوں سواری ...

اوستہ محمد، میر جان محمد خان جمالی مختلف عمائدین علاقہ سے عوامی مسائل سن رہے ہیں

خسرہ اور روبیلا کیخلاف مہم کا آغاز 17 نومبر سے کیا جارہا ہے، ڈی سی لورالائی

ضلعی انتظامیہ ہر ممکن تعاون فراہم کرے گی، کونسلرز اور محکمہ تعلیم کے افسران مہم کی کامیابی کے لیے سہولت فراہم کریں

یہ ایک قومی ویکسینیشن مہم ہے جس میں تمام لائن ڈیپارٹمنٹس، یونین کونسلز کے نمائندوں کو محکمہ صحت کا ساتھ دینا ہوگا

لورالائی (ح ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی میران بلوچ کی زیر صدارت خسرہ اور روبیلا (Measles & Rubella) ویکسینیشن مہم کے حوالے سے ایک اہم اجلاس ڈی سی آفس لورالائی میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر بوری ندیم اکرم، ڈپٹی ڈی ایچ او ڈاکٹر عبدالحلیم اوتمانخیل، ڈپٹی ڈی ایچ او ڈاکٹر زمان حمزہ زئی، ڈبلیو ایچ او ڈاکٹر زرک خان، PPHI کے ڈاکٹر فرحان کاکڑ، ایم ایم ایس ڈاکٹر ڈاکٹر انور مندوخیل، این ساف ڈاکٹر فرحان CCO محمد ہاشم فوکل پرسن مختیار احمد نماشندے اور مختلف لائن ڈیپارٹمنٹس کے سربراہان نے شرکت کی۔ اس موقع پر ڈبلیو ایچ او کے ڈاکٹر زرک خان نے کہا کہ ملک کے دیگر حصوں کی طرح ضلع لورالائی میں بھی خسرہ اور روبیلا کے خلاف مہم کا آغاز 17 نومبر 2025 کو کیا جارہا ہے جو 29 نومبر 2025 تک جاری رہے گی تاکہ ٹیکے لگا کر بچوں کو ان مہلک بیماریوں سے محفوظ بنایا جا سکے۔ انہوں نے بتایا کہ یہ ویکسین 6 مہینے سے لیکر 4 سال 11 ماہ تک کے بچوں کو دی جارہی ہے ...

نیشنل پارٹی قومی جمہوری سیاست سے دستبردار نہیں ہوگی، سردار کمال بنگلزئی

معصوم افراد کا خون بہانے والوں کو عبرت کا نشانہ بنانا ہوگا، سردار یعقوب ناصر

ملک کے پر امن ماحول کو خراب ہونے نہیں دیں گے، سردار یعقوب ناصر

ڈاکٹر عبدالرزاق پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن سبیلہ کے صدر منتخب

سابقہ لیویز افسران کے ساتھ ایس پی آفس بولان میں دربار کا انعقاد

محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ خضدار ڈویژن کا اعلامیہ

دشت، نیشنل پارٹی کے اجلاس کی صدارت مرکزی سینئر نائب صدر سردار کمال خان بنگلزئی کر رہے ہیں

لورالائی، ایس ایس پی ملک اصغر خان سے آل پارٹیز کا وفد ملاقات کر رہا ہے

گمشدگی حفظ سند

میری حفظ سند جاری کردہ وفاق المدارس بنام محمد طیب ولد مولوی فیض محمد کہیں گم ہوگئی ہے ملنے پر فون نمبر 03218172557 پر مطلع کریں

R,NO......

معیاری تعلیم کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے، ڈپٹی کمشنر جعفرآباد

غیر حاضر اساتذہ، عملے کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے گی ان کی غفلت کا خمیازہ معصوم طلبا و طالبات بھگتتے ہیں

تعلیم کے فروغ کے لیے ضلعی انتظامیہ محکمہ تعلیم کے ساتھ مکمل ہم آہنگی کے ساتھ عملی اقدامات کر رہی ہے، خالد خان

نصیرآباد (آن لائن) ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان نے کہا ہے کہ تعلیم کسی بھی معاشرے کی ترقی، استحکام اور نئی نسل کی بقا کا بنیادی ستون ہے ... ترقی یافتہ قوم کی ضمانت ہوتا ہے، لہٰذا اس مقصد کے حصول کے لیے ہر فرد کو اپنی ذمہ داری پوری ایمانداری کے ساتھ نبھانی ہوگی۔

مستونگ، لہڑی، شاہوانی اقوام کے درمیان دیرینہ تنازعہ کا تصفیہ

شاہوانی ہاؤس میں میٹرھ، قبائلی عمائدین اور معززین کی کثیر تعداد شریک

مستونگ (یو این اے) لہڑی اور شاہوانی اقوام کے درمیان طویل عرصہ سے جاری تنازعہ کا مکمل اور حتمی تصفیہ کر دیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں شاہوانی ہاؤس کلی رودوریس، بڑینگ آباد مستونگ میں ایک بڑے میٹرھ کا انعقاد کیا گیا، جس میں معزز قبائلی عمائدین اور مختلف اقوام کے سرکردہ افراد نے شرکت کی۔ میٹرھ میں سردارزادہ جاوید عزیز لہڑی، سردار شاہ زمان خان علیزئی، سردار علی احمد برکانی سمیت دیگر معززین کی بڑی تعداد شریک ہوئی۔ حاجی میر محمد ہاشم شاہوانی، میر عبدالرحیم شاہوانی اور شاہوانی قبیلے کے بزرگوں و نوجوانوں نے میٹرھ کے شرکا کا پرتپاک استقبال کیا۔ تقریب کے دوران تمام فریقین نے باہمی اتفاق رائے سے تنازعے کے ابدی حل پر رضامندی کا اظہار کیا اور امن و بھائی چارے کے فروغ کے لیے دعا کی گئی۔ سردارزادہ جاوید عزیز لہڑی نے کہا کہ تمام فریقین پر فرض ہے کہ باہمی مسائل کو گفت و شنید سے حل کریں تاکہ بلوچستان کی تمام اقوام امن و وحدت کے ماحول میں زندگی گزار سکیں۔

غیر معیاری زرعی بیج کا کاروبار کرنے والے ڈیلرز، کمپنیوں کیخلاف کارروائی عمل میں ہوگی، منصور قاضی

ضلع پشین میں بھی مذکورہ ایکٹ کے تحت زرعی انکم ٹیکس کی وصولی کے لیے اقدامات کئے جائیں گے، ڈی سی پشین

زرعی انکم ٹیکس ایکٹ 2025 کو صوبہ بھر میں یکم جنوری 2025 سے موثر بنانے کے لیے اقدامات کئے گئے ہیں

پشین (ح ن) ڈپٹی کمشنر منصور احمد قاضی کی زیر صدارت زمین اور زرعی آمدنی پر ٹیکس سے متعلق محکمہ زراعت اور محکمہ ریونیو کا مشترکہ اجلاس منعقد کیا گیا، اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) عبدالوہاب خان ناصر، محکمہ زراعت کے ضلعی آفیسر منظور احمد خان، تحصیلداران و پٹواران و دیگر ممبران نے بھرپور شرکت کی ... حکومت کی جانب سے زرعی انکم ٹیکس ایکٹ 2025 کو صوبہ بھر میں یکم جنوری 2025 سے موثر بنانے کے لیے اقدامات کئے گئے ہیں، جبکہ ضلع پشین میں بھی مذکورہ ایکٹ کے تحت زرعی انکم ٹیکس کی وصولی کے لیے اقدامات کئے جائیں گے ...

وفاقی محتسب آفس خضدار شہریوں کے مسائل دہلیز پر حل کر رہا ہے، محمد اسحاق

عوامی شکایات کے فوری ازالے کے لیے محتسب آفس نے عملی اقدامات اٹھائے ہیں

موسیٰ خیل شہر میں خصوصی صفائی مہم زور و شور سے جاری ہے

مختلف علاقوں میں نالیوں کی صفائی، جھاڑ پونچھ، کچرا اٹھانے کا عمل مکمل

تعلیم اور صحت کے مسائل کا حل اولین ترجیح ہے، اعجاز سنجرانی

تعلیمی معیار کی بہتری کیلئے ہر ممکن اقدامات کئے جائیں گے

چاغی (نامہ نگار خصوصی) ... میں اساتذہ کی کمی کا مسئلہ کسی حد تک حل ہو سکے گا ... نئے اساتذہ اپنے فرائض پوری ایمانداری اور لگن سے سرانجام دیں میر اعجاز خان سنجرانی نے کہا کہ قوموں کی ترقی و خوشحالی تعلیم و شعور سے وابستہ ہے ضلع چاغی سے تعلیمی پسماندگی کے خاتمے کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے

ایجوکیشن پالیسی کمیٹی کا اجلاس

... اداروں پر زور دیا کہ باہمی تعاون اور موثر حکمت عملی کے ذریعے ضلع میں معیاری تعلیم کے فروغ کو یقینی بنایا جائے۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر واشک دین محیب الرحمن ساسکزئی اور محکمہ تعلیم کے دیگر افسران بھی موجود تھے۔

چاغی، ڈی سی حبیب احمد بنگلزئی منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

خضدار، خسرہ اور روبیلا سے بچاؤ کے لیے قومی مہم 17 سے شروع ہوگی

اوستہ محمد شہر میں باؤلے کتے نے 3 بچوں کو کاٹ لیا

آل پارٹیز کی بجلی کی بندش لوڈشیڈنگ کیخلاف ڈی سی قلات سے ملاقات

CORRIGENDUM

Reference to advertisement AB No.416/28-10-2025 published in daily newspapers dated 28-10-2025 regarding "Tender Notice" having TSE-252610902413, TSE-252610902613 wherein the eligibility criteria and the evaluation criteria has been revised the last date for bid submission is same 20-11-2025 at 10:30 AM. The other terms and conditions and ToRs shall remain the same. For other details please visit download the revised bidding documents from BPPRA official website https://bppra.gob.pk

AB No.458/12-11-2025

DIRECTOR WORKS
QUETTA DEVELOPMENT
AUTHORITY

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

CORRIGENDUM

No. DG(S)/ED/2025/919. Reference to PRQ No.1682/02-10-2025 published in Daily newspapers Quetta dated 3rd October 2025 under TSE-No.252609882833. Now the last date of bid submission has been extended upto 17th November 2025 at 2:00 PM. The bids will be opened electronically on the same day at 3:00PM on EPPS. Furthermore, the following necessary amendment is hereby made in the biding document of above mentioned TSE No.

I. Number of JV consortium has been allowed upto 3.
ii. The bidder must submit valid and verifiable OEM partnership and authorization certificates for the use of key components i.e. Solar Charge Controller, battery management system BMS Battery Cells life LifePO4, MCPCB in their specific solar street lights.
iii. Completed one similar nature of assignment i.e. solar street light and complexity i.e. Rs. 170,000,000.
iv. In the bidding documents at 1.1.1, Similar Nature for each completed work (i.e. Installation of solar street lights) may be read as worth Rs.170,000,000 and above instead of Rs. 250,000,000.
v. In the bidding documents at 1.1.2, Work in Hand for each of the same nature of work (i.e. Installation of Solar Street Lights) may be read as worth Rs. 150,000,000 and above instead of Rs. 250,000,000.

The bidders who have downloaded Bidding Document(s) before 10th November 2025 are required to download the amended Bidding Document(s). The other terms & conditions shall remain same.

PRQ No.2388/12-11-2025

Director General (South)
Energy Department

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

دفتر کنٹونمنٹ بورڈ کوئٹہ چھاؤنی

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مکان نمبر A-35 شہباز ٹاؤن فیز-II کوئٹہ کینٹ ہمارے ریکارڈ کے مطابق حسن آرا دختر خلیل الرحمان اور عزیز الرحمان ولد خلیل الرحمان کی ملکیت ہے اور مسمی معظم علی ولد حشمت علی اس کا اٹارنی ہے جو مذکورہ جائیداد کو بذریعہ سیل ڈیڈ بنام ریحان عزیز ولد عزیز الرحمان کو فروخت کرنے کیلئے درخواست دفتر ہذا میں جمع کروائی ہے اس پراپرٹی کے بارے میں کسی شخص یا ادارے کو کسی قسم کا کوئی اعتراض ہو تو دفتر کنٹونمنٹ بورڈ کوئٹہ میں 15 یوم کے اندر تحریری طور پر درخواست دے معیاد گزرنے کے بعد دفتر کنٹونمنٹ بورڈ کوئی اعتراض قبول نہیں کریگا

المشتہر: کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر کوئٹہ چھاؤنی

62339

بعدالت نائب تحصیلدار/صدر/اسسٹنٹ کلکٹر کوئٹہ

62342

بعدالت جناب سول جج IV تا اختیارات جناب ڈسٹرکٹ جج صاحب کوئٹہ

17/11/2025

پاکستان بمقابلہ سری لنکا دوسرا ون ڈے کرکٹ میچ آج کھیلا جائیگا

میچ دوپہر ڈیڑھ بجے شروع ہوگا'پہلے ون ڈے میں پاکستان نے سنسنی خیز مقابلے کے بعد سری لنکا کو 6 رنز سے شکست دی تھی

پاکستانی ٹیم کی قیادت فاسٹ باؤلر شاہین شاہ آفریدی کریں گے جبکہ سری لنکن ٹیم چارتھ اسالنکا کی قیادت میں میدان میں اترے گی

راولپنڈی (یو این پی) پاکستان اور سری لنکا کی کرکٹ ٹیموں کے درمیان تین ون ڈے انٹرنیشنل میچوں کی سیریز کا دوسرا میچ (آج) جمعرات کو راولپنڈی کرکٹ سٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔ قومی ٹیم کو سیریز میں 0-1 کی برتری حاصل ہے۔ پہلے ون ڈے میں پاکستان نے سنسنی خیز مقابلے کے بعد سری لنکا کو 6 رنز سے شکست دی تھی۔ پاکستانی ٹیم کی قیادت فاسٹ باؤلر شاہین شاہ آفریدی کریں گے جبکہ سری لنکن ٹیم چارتھ اسالنکا کی قیادت میں میدان میں اترے گی۔ میچ مقامی وقت کے مطابق دوپہر ڈیڑھ بجے شروع ہوگا۔ سیریز کا تیسرا اور آخری ون ڈے میچ 15 نومبر کو اسی مقام پر کھیلا جائے گا۔ راولپنڈی پولیس کی جانب سے دوسرے ون ڈے کے موقع پر فول پروف سکیورٹی اور ٹریفک انتظامات مکمل کر لئے گئے ہیں تاکہ ٹیموں کو محفوظ اور پرامن ماحول فراہم کیا جا سکے۔ پولیس ترجمان کے مطابق سکیورٹی ڈیوٹی کے لئے 5500 سے زائد پولیس افسران و اہلکار تعینات کئے گئے ہیں جبکہ 350 سے زیادہ ٹریفک وارڈنز اور افسران ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنے کے لیے فرائض انجام دے رہے ہیں۔ سٹیڈیم کے اطراف اور قریبی بلند عمارتوں پر سنائپرز تعینات کئے گئے ہیں تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال سے بروقت نمٹا جا سکے۔

پرتھ، انگلش بلے باز بین سٹوک پریکٹس سیشن میں مصروف ہے

سری لنکن ہائی کمشنر کا ٹیم کے سکیورٹی انتظامات پر اطمینان کا اظہار

محسن نقوی سے سری لنکا کے ہائی کمشنر ریئر ایڈمرل (ر) فریڈ سری ویراتنے کی ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ و چیئرمین پی سی بی محسن نقوی سے سری لنکا کے ہائی کمشنر ریئر ایڈمرل (ر) فریڈ سری ویراتنے نے ملاقات کی۔ سری لنکا اور پاکستان کرکٹ ٹیمز کے منیجرز، چیف آپریٹنگ آفیسر پی سی بی سمیر احمد، چیف کمشنر اسلام آباد، آئی جی اسلام آباد پولیس بھی اس موقع پر موجود تھے۔ ملاقات میں چیف کمشنر اسلام آباد اور آئی جی اسلام آباد پولیس کی جانب سے سری لنکا ٹیم کو فراہم کردہ سکیورٹی پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ سری لنکا کے ہائی کمشنر نے اسلام آباد میں دہشت گرد حملے میں قیمتی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ کا اظہار کیا۔ سری لنکا کے ہائی کمشنر نے متاثرہ خاندانوں سے دلی ہمدردی اور حکومت پاکستان سے یکجہتی کا اظہار کیا۔

پی سی بی نے بنگلا دیش کی دسمبر میں ٹرائی سیریز کی پیشکش مسترد کردی

لاہور (آن لائن) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے بنگلا دیش کی دسمبر میں ٹرائی سیریز کی پیشکش قبول کرنے سے انکار کردیا۔ ذرائع کے مطابق ٹی ٹونٹی ٹرائی سیریز کے پلان میں سری لنکن کرکٹ ٹیم کو شامل کیا گیا تھا۔ ذرائع نے بتایا کہ پی سی بی نے کھلاڑیوں کے ورک لوڈ کو مدنظر رکھتے ہوئے درخواست قبول نہیں کی۔

بنگلہ دیش اور آئرلینڈ کے درمیان ٹیسٹ میچ میں بنگلہ دیشی بلے باز شاٹ لگا رہے ہیں

بابر اعظم کا ناقابل یقین کیچ، آئی سی سی کا بھی خراج تحسین پیش

راولپنڈی (آن لائن) قومی کرکٹ ٹیم کے اسٹار بلے باز بابر اعظم کے ناقابل یقین کیچ پر آئی سی سی نے بھی انہیں خراج تحسین پیش کردیا۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان اور سری لنکا کے درمیان تین ون ڈے میچز کی سیریز کا پہلا میچ گزشتہ روز راولپنڈی میں کھیلا گیا جس میں پاکستان کو 6 رنز سے فتح حاصل ہوئی۔ میچ کی خاص بات بابر اعظم کا سلپ پر سدیرا سماراوکرما کا شاندار کیچ تھا جو انہوں نے حارث رؤف کی گیند پر پکڑا جس کے بعد پاکستان کی میچ میں واپسی ہوئی۔ بابر اعظم کے اس شاندار کیچ پر جہاں شائقین کی جانب سے ان کی خوب پذیرائی کی گئی وہیں۔

تین ملکی ٹی ٹوئنٹی سیریز کے لیے آفیشلز کا اعلان ہوگیا

سابق ویسٹ انڈیز فاسٹ بولر ریون کنگ کو تین ملکی ٹی ٹوئنٹی سیریز کے میچ ریفری کے طور پر مقرر کردیا گیا

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان کرکٹ بورڈ نے تین ملکی ٹی ٹوئنٹی سیریز کے لیے آفیشلز کا اعلان کردیا۔ سابق ویسٹ انڈیز فاسٹ بولر ریون کنگ کو تین ملکی ٹی ٹوئنٹی سیریز کے میچ ریفری کے طور پر مقرر کردیا گیا ہے۔ تین ملکی ٹورنامنٹ 17 سے 29 نومبر تک راولپنڈی اور لاہور میں کھیلا جائے گا، جس میں پاکستان، سری لنکا اور زمبابوے کی ٹیمیں حصہ لیں گی۔

لوگ ہر میچ میں پرفارمنس چاہتے، ہم روبوٹ نہیں، حارث رؤف

ایک پلان آپ بناتے ایک دوسرے کا ہوتا ہے اور ایک پلان اللہ کا ہوتا جو سب سے زیادہ درست ہوتا ہے میڈیا گفتگو

راولپنڈی (آن لائن) پاکستانی فاسٹ باؤلر حارث رؤف نے کہا ہے کہ لوگ ہر میچ میں پرفارمنس کی توقع رکھتے ہیں، ہم روبوٹ نہیں، ہم سے بھی غلطیاں ہوتی ہیں۔ پہلے ون ڈے میں سری لنکا کو دلچسپ مقابلے میں شکست دینے کے بعد حارث رؤف نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ سرد موسم میں بولنگ کرنا مشکل ہوتا ہے۔ حارث رؤف نے شکوہ کیا کہ لوگ 10 اچھے میچز کو بھول کر ایک برے میچ کو یاد رکھتے ہیں، لوگ چاہتے ہیں کھلاڑی ہر میچ میں پرفارمنس دیں۔

ایشیز سے قبل مزید 2 آسٹریلوی فاسٹ بولرز کو انجری نے گھیر لیا

فاسٹ بولر جوش ہیزل ووڈ اور شین ایبٹ انجری کے خطرے سے دوچار، فاسٹ بولر برینڈن ڈوجیٹ کیلئے دروازے کھل سکتے

پرتھ (آن لائن) ایشیز سیریز سے چند دن قبل مزید 2 آسٹریلوی فاسٹ بولرز انجری کا شکار ہوگئے۔ آسٹریلوی میڈیا کے مطابق فاسٹ بولر جوش ہیزل ووڈ اور شین ایبٹ انجری کے خطرے سے دوچار ہیں، 9 دن بعد ایشیز سیریز کا آغاز ہے تاہم اس صورتحال میں آسٹریلیا کو فاسٹ بولرز کی عدم دستیابی کا خدشہ ہے۔ آسٹریلوی میڈیا کے مطابق جوش ہیزل ووڈ اور شین ایبٹ کی غیر موجودگی میں فاسٹ بولر برینڈن ڈوجیٹ کیلئے آسٹریلوی ٹیم کے دروازے کھل سکتے ہیں۔ واضح رہے کہ دونوں فاسٹ بولرز کو سڈنی میں شیفلڈ شیلڈ میچ میں فٹنس مسائل کا سامنا کرنا پڑا تھا، دونوں فاسٹ بولر کھانے کے وقفے کے بعد فیلڈنگ کے لیے نہیں آئے تھے، بعد ازاں کرکٹ نیو ساؤتھ ویلز نے تصدیق کی تھی کہ فاسٹ بولرز کا معائنہ جاری ہے۔

آئی سی سی نئی رینکنگ جاری، صائم ایوب بہترین آل راؤنڈر برقرار

بھارت کے روہت شرما کی پہلی پوزیشن برقرار، ویرات کوہلی ایک درجہ بہتری کے بعد پانچویں نمبر پر پہنچ گئے' بابر اعظم 2 درجہ تنزلی کے بعد 7 ویں نمبر پر چلے گئے

آئی سی سی ٹی ٹوئنٹی بیٹرز میں بھارت کے ابھیشیک شرما کا پہلا نمبر برقرار ہے' پاکستان کے صاحبزادہ فرحان 11 ویں پوزیشن پر پہنچ گئے' رپورٹ

لندن (آن لائن) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) نے مینز پلیئرز رینکنگ جاری کردی۔ آئی سی سی ٹی ٹوئنٹی بیٹرز میں بھارت کے ابھیشیک شرما کا پہلا نمبر برقرار ہے، جبکہ سری لنکا کے نسال پریرا 2 درجے ترقی کے بعد 7 ویں نمبر موجود ہیں۔ جنوبی افریقہ کے ڈیوالڈ بریوس 2 درجے ترقی کے بعد 12 ویں نمبر پر آ گئے۔ پاکستان کے صاحبزادہ فرحان 11 ویں پوزیشن پر پہنچ گئے۔ بھارت کے شبمن گل 8 درجے ترقی کے بعد 22 ویں نمبر پر براجمان ہیں۔ نیوزی لینڈ کے ٹم رابنسن 18 درجے ترقی کے بعد 23 ویں نمبر پر موجود ہیں۔ مینز ٹی ٹوئنٹی آل راؤنڈرز میں پاکستان کے صائم ایوب کا پہلا نمبر برقرار ہے۔ مینز ٹی ٹوئنٹی بولرز میں بھارت کے ورون چکرورتھی کا پہلا نمبر برقرار جبکہ افغانستان کے راشد خان ایک درجے ترقی کے بعد دوسرے نمبر پر آ گئے۔ نیوزی لینڈ کے جیکب ڈفی 6 درجے ترقی کے بعد تیسرے نمبر پر آ گئے، پاکستان کے ابرار احمد 8 ویں نمبر پر موجود ہیں۔ آئی سی سی کی مینز پلیئرز رینکنگ میں پاکستانی کھلاڑی شاہین آفریدی کا 13 ویں پوزیشن پر پہنچ گئے۔

بوسٹن، ورلڈ ریسلنگ انٹرٹینمنٹ WWE میں جان سینا نے انٹرکانٹیننٹل چیمپئن شپ جیت کر بیلٹ کو اٹھائے خوشی کا اظہار کر رہے ہیں

مسلم کرکٹ کلب چمن کا اجلاس صدر حاجی محمد اصغر منتخب

نائب صدر جعفر خان اچکزئی سیکریٹری محمد قاسم جوائنٹ سیکریٹری عبدالعلیم اور خزانچی طارق شاہ منتخب ہوگئے

چمن (نامہ نگار) مسلم کرکٹ کلب چمن کا اجلاس صدر حاجی محمد اصغر منتخب، تفصیلات کے مطابق مسلم کرکٹ کلب چمن کے جنرل باڈی کا اجلاس ہوا اجلاس کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا، اجلاس میں جنرل باڈی ٹیم آفیشلز اور کھلاڑیوں نے شرکت کی اجلاس میں ٹیم کے آفس بیریرز کا انتخاب ہوا جس کے مطابق ٹیم کے صدر حاجی محمد اصغر اچکزئی منتخب ہوئے جبکہ دیگر عہدیداروں میں نائب صدر جعفر خان اچکزئی، سیکریٹری محمد قاسم جوائنٹ سیکریٹری عبدالعلیم اور خزانچی طارق شاہ منتخب ہوگئے۔

بابر اعظم نے ویرات کوہلی کا ریکارڈ برابر کردیا

بابر اعظم 29 رنز بنا کر کلین بولڈ ہوگئے جس سے وہ ویرات کوہلی کے منفی ریکارڈ میں ساجھے دار بن گئے

لاہور (آن لائن) پاکستان کے سٹار بیٹر بابر اعظم نے بھارت کے ویرات کوہلی کا ریکارڈ برابر کردیا۔ سری لنکا کے خلاف ون ڈے ہوم سیریز کے پہلے میچ میں بابر اعظم 29 رنز بنا کر حسارنگا کی گیند پر کلین بولڈ ہوگئے جس سے وہ ویرات کوہلی کے منفی ریکارڈ میں ساجھے دار بن گئے ہیں۔ بابر اعظم کو انٹرنیشنل سنچری بنائے ہوئے 83 اننگز گزر چکی ہیں، کوہلی نے بھی 2023 میں 83 اننگز بعد سنچری بنائی تھی، سری لنکن ٹیم کے موجودہ ہیڈ کوچ سنتھ جے سوریا اس معاملے میں سرفہرست ہیں۔

ٹیسٹ کرکٹ کو 2 درجوں میں تقسیم کرنے کی تجویز مسترد کردی گئی

آئی سی سی اجلاس میں فنڈنگ سے متعلق پیچیدگیوں کے باعث ٹیسٹ کرکٹ میں درجہ بندی کی تجویز مسترد کیا گیا' ون ڈے سپر لیگ کو بحال کرنے کی تجویز زیر غور

2027 سے ٹیسٹ چیمپئن شپ میں تمام 12 فل ممبرز کو چیمپئن شپ میں شامل کیا جاسکتا ہے' کرکٹ ورلڈ کپ 2027 میں 14 ٹیمیں حصہ لیں گی

دبئی (آن لائن) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) نے ٹیسٹ کرکٹ کو 2 درجوں میں تقسیم کرنے کی تجویز مسترد کردی۔ کرکٹ ویب سائٹ کے مطابق آئی سی سی اجلاس میں فنڈنگ سے متعلق پیچیدگیوں کے باعث ٹیسٹ کرکٹ میں درجہ بندی کی تجویز مسترد کیا گیا۔ ویب سائٹ کے مطابق 2027 سے ٹیسٹ چیمپئن شپ میں 12 ٹیموں کی شمولیت کا امکان ہے، تمام 12 فل ممبرز کو ٹیسٹ چیمپئن شپ میں شامل کیا جاسکتا ہے۔ کرکٹ ورلڈ کپ 2027 میں 14 ٹیمیں حصہ لیں گی جبکہ ٹی 20 ورلڈ کپ میں ٹیموں کی تعداد 20 ہی رہے گی، ون ڈے سپر لیگ کو بحال کرنے کی تجویز زیر غور ہے۔

اوتھل میں کھیلوں کے فروغ کے لیے عاطف امیر کا کردار قابل تحسین ہے، جاوید عظیم بلوچ

ایس ایس پی لسبیلہ عاطف امیر کی کھیل دوست کاوش، اسپورٹس دوستی کی مثال ہمیشہ یاد رکھی جائے گی آرگنائزنگ کمیٹی

اوتھل (یو این اے) وڈیرہ عبدالحمید میموریل کرکٹ ٹورنامنٹ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین جاوید عظیم بلوچ، راشد بٹ، شہباز احمد، وقار ظفر و دیگر نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ گراؤنڈ میں جاری کام کو بہتر بنانے کے لیے فیلڈ کے خراب حصوں میں مٹی کی بھرائی درکار تھی، جس کے لیے کمیٹی کی درخواست پر ایس ایس پی لسبیلہ عاطف امیر نے فوری اقدامات کیے۔ انہوں نے کہا کہ ایس ایس پی عاطف امیر کی کھیلوں کے فروغ کے لیے عملی دلچسپی اور تعاون قابل تحسین ہے۔ کمیٹی نے کہا کہ ان کی اسپورٹس دوستی کی یہ مثال ہمیشہ یاد رکھی جائے گی اور اوتھل میں کھیلوں کے فروغ میں ان کا کردار نمایاں رہے گا۔

لسبیلہ یونیورسٹی آف ایگریکلچر واٹر اینڈ میرین سائنسز میں منعقدہ اسپورٹس گالا اختتام پذیر

طلباء و طالبات کی بڑی تعداد میں شرکت' پرو وائس چانسلر نے کھلاڑیوں میں ٹرافی، میڈلز اور شیلڈ تقسیم کیے

اوتھل (نامہ نگار) لسبیلہ یونیورسٹی آف ایگریکلچر واٹر اینڈ میرین سائنسز میں منعقدہ اسپورٹس گالا اختتام پذیر ہوا۔ آج فائنل میں فٹ بال اور کرکٹ کے میچز کھیلے گئے۔ فٹ بال کا فائنل میچ لوامز گرین اور شاہین اقبال کلب اوتھل کے درمیان کھیلا گیا۔ دونوں ٹیموں نے شاندار کھیل کا مظاہرہ پیش کیا۔ میچ کے پہلے ہاف میں شاہین اقبال کلب نے ایک گول کر کے اپنی ٹیم کو برتری دلادی جبکہ دوسرے ہاف میں لوامز گرین نے دو گول کر کے میچ 1-2 سے جیت لیا۔ میچ انتہائی دلچسپ رہا، شائقین کی بڑی تعداد گراؤنڈ میں موجود تھی۔ علاوہ ازیں کرکٹ کا فائنل میچ ڈی وی ایم A اور ایجوکیشن A کے درمیان کھیلا گیا۔

سری لنکن کھلاڑیوں کی وطن واپسی کی درخواست' بورڈ کی دورہ مکمل کرنے کی ہدایت

دورہ ادھورا چھوڑنے والے کھلاڑی پر دو سال کی پابندی عائد کی جائے گی' پاکستان اور سری لنکا کے درمیان سیریز کا دوسرا ون ڈے آج راولپنڈی میں کھیلا جائیگا

سیکورٹی خدشات کو دور کرنے کے لیے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے سری لنکن ہائی کمشنر اور ٹیم منیجر سے ملاقات کی اور فول پروف سیکورٹی کی ضمانت دی

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) سری لنکن کرکٹ بورڈ نے کھلاڑیوں کو دورہ پاکستان مکمل کرنے کی ہدایت کردی۔ ایک روزہ سیریز اور سہ ملکی ٹی ٹوئنٹی سیریز کے لیے پاکستان آئی سری لنکن کرکٹ ٹیم نے دورہ ادھورا چھوڑ کر وطن واپسی کی درخواست کی تھی۔ تاہم، سری لنکن کرکٹ بورڈ نے کھلاڑیوں کو دورہ مکمل کرنے کی ہدایت کردی۔ سری لنکن بورڈ کے ذرائع کے مطابق دورہ ادھورا چھوڑنے والے کھلاڑی پر دو سال کی پابندی عائد کی جائے گی۔ سیکیورٹی خدشات کو دور کرنے کے لیے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے سری لنکن ہائی کمشنر اور ٹیم منیجر سے ملاقات کی اور فول پروف سیکیورٹی کی ضمانت دی۔ پاکستان اور سری لنکا کے درمیان تین میچز کی سیریز کا دوسرا ون ڈے آج راولپنڈی میں کھیلا جائیگا۔ جس کے بعد پاکستان، سری لنکا اور زمبابوے کی ٹیموں کے درمیان ٹرائی سیریز بھی شیڈول ہے۔

قومی کرکٹر اعظم خان نے 2 ماہ میں 15 کلو وزن کم کرلیا

کراچی (آئی این پی) نوجوان وکٹ کیپر بیٹر اعظم خان نے انکشاف کیا ہے کہ انہوں نے گزشتہ 2 ماہ میں 15 کلو وزن کم کیا ہے۔ اعظم خان، جو طویل عرصے سے موٹاپے کے باعث تنقید کی زد میں رہے، نے سماجی رابطوں کی ویب سائٹ پر اپنی تصویر شیئر کی ہے۔ اعظم خان نے بتایا کہ انہوں نے گزشتہ 2 ماہ میں 15 کلو وزن کم کیا ہے اور وہ مزید وزن میں کمی اور جسمانی فٹنس بہتر بنانے کے لیے مسلسل محنت کر رہے ہیں۔ انہوں نے لکھا، 15 ہزار گرام ہلکا ہوگیا ہوں، ابھی مزید وزن گرانا ہے، ان شاء اللہ۔ اعظم خان نے 2021 میں پاکستان کی جانب سے ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل ڈیبیو کیا تھا، تاہم انہیں مواقع محدود ملے۔ فاسٹ بالرز کے خلاف مشکلات اور غیر تسلی بخش کارکردگی کے باعث کئی بار ٹیم سے باہر کیے گئے۔ اگرچہ ان کا وزن اور کمزور وکٹ کیپنگ ہمیشہ سے عوامی بحث کا موضوع بنی رہی ہے، لیکن ڈومیسٹک اور فرنچائز کرکٹ میں اعظم نے خود کو ایک پاور ہٹنگ مڈل آرڈر بلے باز کے طور پر منوایا ہے۔

13 سالہ چینی تیراک یوزیدی کا ایک اور کارنامہ، نیشنل گیمز میں ایشیائی ریکارڈ قائم

200 میٹر انفرادی میڈلے میں 2 منٹ 7 اعشاریہ 41 سیکنڈز کے ٹائم کے ساتھ سونے کا تمغہ اپنے نام کیا

بیجنگ (آن لائن) کم عمر اسٹار یوزیدی نے چین کے نیشنل گیمز، شینزن میں شاندار تیراکی کے ساتھ ایشین ریکارڈ قائم کرکے دنیا بھر کے تیراکی کے شائقین کو حیران کر دیا ہے۔ خبر رساں اداروں اے ایف پی اور رائٹرز کے مطابق 13 سالہ یوزیدی نے 11 نومبر کو خواتین کے 200 میٹر انفرادی میڈلے میں 2 منٹ 7 اعشاریہ 41 سیکنڈز کے ٹائم کے ساتھ سونے کا تمغہ اپنے نام کیا۔ شانی صوبہ ہیبئی سے تعلق رکھنے والی اسکول طالبہ نے اپنی ہم وطن تیراک یے شی وین کا 2012 کے لندن اولمپکس میں بنایا ہوا 2 منٹ 8 اعشاریہ 57 سیکنڈز کا ریکارڈ بھی توڑ دیا۔

بابر اعظم نے ویرات کوہلی کا ناپسندیدہ ریکارڈ برابر کردیا

بابر اعظم 83 اننگز میں بھی سنچری اسکور نہ کرکے ویرات کوہلی کے برابر آگئے

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان کے اسٹار بیٹر بابر اعظم نے سری لنکا کے خلاف پہلے ون ڈے میچ میں ویرات کوہلی کا ناپسندیدہ ریکارڈ برابر کردیا۔ بابر اعظم نے 2023 میں نیپال کے خلاف آخری سنچری اسکور کی تھی اور سری لنکا کے خلاف پہلے ون ڈے میچ میں وہ 24 ویں اوورز میں 29 رنز بنا کر وینندو ہسارنگا کی گگلی پر آؤٹ ہوئے۔ مڈل آرڈر بیٹر نے 29 رنز پر آؤٹ ہو کر سنچری کا انتظار مزید بڑھا دیا ہے۔

ترکیہ میں جوا اسکینڈل تحقیقات، ایک ہزار 24 فٹبالر معطل

پروفیشنل فٹ بال بورڈ کی ڈسپلنری کمیٹی کی نشاندہی پر ایک ہزار سے زائد فٹ بالرز کو معطل کیا گیا، رپورٹ

انقرہ (این این آئی) ترکش فٹ بال فیڈریشن نے جوا اسکینڈل تحقیقات کے سلسلے میں کریک ڈاؤن تیز کرتے ہوئے ایک ہزار 24 فٹبالر معطل ہوگئے۔ فیڈریشن نے جوا اسکینڈل تحقیقات کے سلسلے میں 1 ہزار 24 فٹ بالروں کو معطل کیا ہے۔ ترکش فٹ بال فیڈریشن کے اعلان کے مطابق پروفیشنل فٹ بال بورڈ کی ڈسپلنری کمیٹی کی نشاندہی پر 1 ہزار سے زائد فٹ بالرز کو معطل کیا گیا ہے۔ اعلامیے کے مطابق 27 فٹ بالروں کا تعلق ٹاپ ڈویژن کلبوں سے ہے، اس اقدام کے بعد تھرڈ اور فورتھ ڈویژن کے میچز بھی 2 ہفتے کیلئے معطل کیے گئے ہیں۔ ترکش فٹ بال فیڈریشن کے مطابق جن کھلاڑیوں کو معطل کیا گیا ہے، وہ کھیل میں شرط لگانے والوں میں شامل تھے۔

عوام کے مسائل کا حل ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے، ذوالفقار علی کرار

اس مقصد کے حصول کے لیے ڈی سی آفس میں سائلین کے مسائل کو سنجیدگی سے سنا اور ازالے کے لیے عملہ متحرک کردار ادا کرے

سرکار نے جو ذمہ داری ہم پر عائد کی ہے اسے احسن طریقے سے نبھانا ہم سب کا فرض ہے تاکہ عوامی مشکلات میں واضح کمی واقع ہو

نصیرآباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیرآباد کیپٹن ریٹائرڈ ذوالفقار علی کرار نے کہا ہے کہ عوام کے مسائل کا حل اور ان کی شکایات کا فوری تدارک ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے، اس مقصد کے حصول کے لیے ڈپٹی کمشنر آفس میں آنے والے تمام سائلین کے مسائل کو سنجیدگی سے سنا جائے اور ان کے ازالے کے لیے تمام عملہ متحرک کردار ادا کرے۔ سرکار نے جو ذمہ داری ہم پر عائد کی ہے اسے احسن طریقے سے نبھانا ہم سب کا فرض ہے تاکہ عوامی مشکلات میں واضح کمی واقع ہو۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے عہدے کا چارج سنبھالنے کے اگلے روز ڈپٹی کمشنر آفس کے عملے سے ملاقات کے دوران کیا۔ ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ذوالفقار علی کرار نے مزید کہا کہ تمام برانچز میں عملے کی حاضری یقینی بنائی جائے، سرکاری کاموں میں تیزی لائی جائے اور مفاد عامہ کے اقدامات کو مزید مؤثر بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ڈپٹی کمشنر آفس ایک ایسا ادارہ ہے جہاں روزانہ عوام اپنے مسائل کے حل کے لیے رجوع کرتے ہیں، لہٰذا ہر افسر اور اہلکار پر لازم ہے کہ وہ وقت کی پابندی کو یقینی بنائے اور اپنے فرائض منصبی دیانتداری اور لگن سے سرانجام دے۔ انہوں نے واضح کیا کہ بطور ٹیم ہمیں متحد ہو کر عوامی خدمت کے جذبے سے کام کرنا ہوگا، سرکاری پالیسیوں اور اقدامات کو عملی جامہ پہنانا ہمارا بنیادی فریضہ ہے، اس ضمن میں کسی قسم کی غفلت یا لاپروائی برداشت نہیں کی جائے گی۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر عبداللطیف کاکڑ، ڈپٹی کمشنر آفس کے سپرنٹنڈنٹ بابو محمد قاسم ڈوکی، حسین بخش جونیجو، ڈپٹی کمشنر کے پی ایس منظور شیرازی، ایپکا کے صدر عبداللہ رند، بابو شنکر دین تنیہ، بابو محمد یعقوب سمیت دیگر اسٹاف موجود تھا۔

سینئر صحافی علی جان منگی کا چوری شدہ موٹر سائیکل برآمد نہ ہو سکا

نصیرآباد (نامہ نگار) نصیرآباد کے سینئر صحافی علی جان منگی کا چوری شدہ موٹر سائیکل برآمد نہ ہو سکا، سٹی پولیس ڈیرہ مراد جمالی موٹر سائیکل برآمدگی کو یقینی بنائے یونین آف جرنلسٹس نصیرآباد ڈویژن کے صدر دھنی بخش مگسی کا نصیرآباد پولیس سے مطالبہ یونین آف جرنلسٹس نصیرآباد ڈویژن و جعفرآباد پریس کلب کے صدر سینئر صحافی دھنی بخش مگسی نے اپنے جاری کردہ مذمتی بیان میں سخت تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ شہید محترمہ بینظیر بھٹو ڈسٹرکٹ پریس کلب نصیرآباد کے سینئر نائب صدر و سینئر صحافی علی جان منگی کے موٹر سائیکل چوری کی واردات کو آج 20 روز گزر گئے لیکن سٹی پولیس ڈیرہ مراد جمالی برآمدگی میں ناکام نظر آرہی ہے، دھنی بخش مگسی نے کہا کہ ڈیرہ مراد جمالی نصیرآباد ڈویژن و ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر شہر ہے آئے روز موٹر سائیکل چھیننے و چوری کی وارداتوں میں مزید اضافہ ہوگیا

جعفرآباد، ڈی سی خالد خان ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ملک میں جبری طور پر آئین پاس کروایا گیا، مولانا عبداللہ جنگ

اوستہ محمد (آن لائن) ملک میں جبری طور پر آئین پاس کروایا گیا یہ آئین اپنے حفاظت کے لیے تیار کیا گیا۔ جج صاحبان کو بھی بلیک میل کیا گیا۔ تمام صوبے موجودہ حکومت نے یرغمال کر رکھا جس کی جس ضلع میں طاقت ہے وہ وہاں کا بادشاہ ہے بلوچستان کے ساتھ زیادتی زیادہ ہے۔ ہر جماعت میں کوئی نہ کوئی غدار ہوتا ہے ان کو جماعت نے نکال دے گا ان خیالات کا اظہار جمعیت علماء اسلام کیسپریم کونسل کے ممبر قائد نصیرآباد مولانا عبداللہ جنگ نے "آن لائن" گفتگو کرتے ہوئے کہیں کہ 27 ویں ترمیم کی جمعیت علماء اسلام نے مخالفت کی اور کرے گی آئین کو توڑنا جرم ہے کوئی بھی سزا سے استثنا نہیں سوائے شیطان کے اس نے اللہ پاک کو کہا کہ مجھے سزا نہ دیں تاکہ میں شیطانی کروں انہوں نے کہا کہ اس ترمیم سے فرد واحد اپنے کو بچانے کے لیے یہ بل لے آئے اور جج صاحبان کو بلیک میل کیا عوام تو ویسے بھی پریشان ہیں اپنے آقاؤں کو خوش کیا لیکن یہ انتہائی غلط ہوا ہے ملک میں جو جس ضلع میں ہیں وہ وہاں کے طاقت ور ہیں ان کی مرضی چلتی ہے غریب عوام سے ہر سطح پر زیادتی ہے ایک سوال کے جواب میں مولانا عبداللہ جنگ نے کہا کہ ہر جماعت یا پارٹی میں کوئی نہ کوئی غدار ہوتا ہے جس وقت اسے ٹکٹ مل رہا تھا ہم سب نے مخالفت کی لیکن صوبائی امیر نے ان کی حمایت کی جو آج بھگت رہے ہیں جماعت اس کے خلاف کارروائی کرے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ بلوچستان حکومت مکمل طور پر ناکام ہے کوئی ضلع محفوظ نہیں بھاگ تھانہ پر حملے کی اطلاع ایس ایچ او نے حکام کو کیا لیکن کسی نے توجہ نہیں دی اب بھی وقت ہے جو صوبے میں جس پارٹی کی اکثریت ہے اسے حکومت کرنے دیا جائے لیکن ایسا ہونے نہیں دیا جا رہا ہے

ماشکیل، عوامی و علاقائی خدمت میرا مشن ہے، میر زابد علی ریکی

ماشکیل (این این آئی) ایم پی اے و خادم واشک حاجی میر زابد علی ریکی نے کہا ہے کہ عوامی و علاقائی خدمت میرا مشن ہے اور ضلع واشک کی پسماندگی کے خاتمے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ضلع میں تعلیمی اداروں، بنیادی صحت کے مراکز اور ذرائع آب نوشی کو بہتر بنانے کے لیے عملی اقدامات جاری ہیں اور عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی میں نمایاں بہتری آئی ہے۔ وہ پاک ایران سرحد پر واقع تحصیل ماشکیل میں مختلف اداروں کے دوروں کے موقع پر گفتگو کر رہے تھے۔ ایم پی اے حاجی میر زابد علی ریکی نے بینظیر انکم سپورٹ پروگرام آفس کا دورہ کیا، بعد ازاں گرلز ہائی اسکول ماشکیل پہنچے جہاں انہوں نے اسکول کو سولر سسٹم سے منسلک کرنے، کمروں کی رنگ و روغن، اور طالبات کے لیے ٹیبل و کرسیاں فراہم کرنے کا اعلان کیا۔ ایم پی اے نے بی ایچ یو سوگان ماشکیل کے لیے مکمل سولرائزیشن سسٹم کی منظوری بھی دے دی، جبکہ اپنے فنڈز سے تعمیر شدہ بی ایچ یو لنڈشت ماشکیل کا باقاعدہ افتتاح کردیا۔ اس موقع پر سردار حاجی دولت خان ریکی، حاجی اسرار ریکی، وائس چیئرمین میر ملک داد ملازئی، حاجی وسیم ریکی، حاجی بلند خان ریکی، میر نغدی ریکی، قادر بخش ریکی، شیر احمد زئی اور حاجی مراد و یہانی بھی موجود تھے۔

ضلعی انتظامیہ امن و امان کی بحالی کیلئے ہر وقت چوکس ہے، ڈی سی پنجگور

قانون کی عملداری، شہریوں کے جان و مال کا تحفظ اور غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام ضلعی انتظامیہ کی ترجیح ہے

متعلقہ ادارے باہمی تعاون کو مضبوط بنائیں کسی بھی مشتبہ سرگرمی کی فوری اطلاع متعلقہ اداروں کو دیں، عبدالکبیر زرکون

پنجگور (خ ن) ڈپٹی کمشنر پنجگور عبدالکبیر زرکون کی صدارت میں ڈسٹرکٹ انٹیلیجنس کوآرڈینیشن کمیٹی (ڈی آئی سی سی) کا اہم اجلاس ڈپٹی کمشنر آفس پنجگور میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں مختلف ایجنسیز اداروں اور قانون نافذ کرنے والے محکموں کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اجلاس کا مقصد ضلع پنجگور میں امن و امان کی مجموعی صورتحال کا جائزہ لینا، علاقائی سکیورٹی کو مزید مؤثر بنانا، اور افغان شہریوں کی ملک بدری کے عمل کو مربوط طریقے سے آگے بڑھانا تھا۔ اس موقع پر شرکا نے ضلع میں موجود چیلنجز اور ان کے حل سے متعلق مختلف تجاویز پیش کیں۔ ڈپٹی کمشنر عبدالکبیر زرکون نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ضلعی انتظامیہ امن و امان کی بحالی کے لیے ہر وقت چوکس ہے اور تمام ادارے باہمی رابطے کے ذریعے بہتر نتائج کے لیے کام کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قانون کی عملداری، شہریوں کے جان و مال کا تحفظ اور غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ آخر میں ڈپٹی کمشنر نے تمام متعلقہ اداروں کے افسران کو ہدایت کی کہ باہمی تعاون کو مزید مضبوط بنایا جائے اور کسی بھی مشتبہ سرگرمی کی فوری اطلاع متعلقہ اداروں کو دی جائے تاکہ ضلع پنجگور میں دیرپا امن و استحکام کو یقینی بنایا جا سکے۔

گورنمنٹ بوائز پرائمری سکول نور خان بگٹی سہولیات سے محروم

فرید آباد (اے این این) گورنمنٹ بوائز پرائمری سکول نور خان بگٹی اس جدید دور میں بھی سہولیات سے محروم ہیں حکومت بلوچستان کے دعوے دھرے کے دھرے رہ گئے ہیں پڑھے گا بلوچستان تو بڑھے گا بلوچستان کا نعرہ تک محدود ہو کر رہ گیا ہے ان خیالات کا اظہار سلیم خان بگٹی نے صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا کہ گورنمنٹ بوائز پرائمری سکول نور خان بگٹی سال 1987 میں قائم ہوا ہے اس سائنسی دور میں اسکول تمام تر بنیادی سہولیات سے محروم ہیں اسکول کی بلڈنگ خستہ حال ہے کسی بھی وقت بلڈنگ زمین بوس ہو سکتی ہے اسکے علاوہ میں چار دیواری بھی نہیں ہے چار دیواری نہ ہونے کی وجہ سے جانور اسکول کے اندر آتے ہیں بچوں کی تعلیم متاثر ہوتا ہے

لورالائی، صفائی مہم، عوامی مقامات، گلی محلوں میں صفائی کی صورتحال ابتر

لورالائی (آن لائن) کمشنر لورالائی کی ہدایت پر شہر میں صفائی مہم جاری سرکاری دفاتر، عوامی مقامات اور گلی محلوں میں صفائی کا عمل تیز کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ کی خصوصی ہدایت پر لورالائی شہر میں دو ہفتوں پر مشتمل خصوصی صفائی مہم زور و شور سے جاری ہے۔ اس مہم کی براہ راست نگرانی "چیف آفیسر میونسپل کمیٹی حبیب اللہ بلوچ کر رہے ہیں، جن کی قیادت میں میونسپل کمیٹی کا عملہ روزانہ کی بنیاد پر متحرک ہے۔ اتوار کے روز بھی مہم کے تسلسل کو برقرار رکھتے ہوئے "ڈپٹی کمشنر آفس کے کمپاؤنڈ" اور ملحقہ علاقوں میں صفائی کے کام انجام دیے گئے۔ اس دوران جھاڑیاں، کوڑا کرکٹ اور دیگر فضلہ ہٹا کر اردگرد کے ماحول کو صاف ستھرا بنایا گیا۔ یہ صفائی مہم صرف صفائی تک محدود نہیں، بلکہ اس کا مقصد شہریوں کو "صحت مند، خوشگوار اور آلودگی سے پاک ماحول" فراہم کرنا ہے۔ شہر کے مختلف علاقوں، سرکاری دفاتر، عوامی مقامات اور گلی محلوں میں صفائی کے عمل کو روزانہ کی بنیاد پر انجام دیا جا رہا ہے۔ "میونسپل کمیٹی لورالائی" نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ صفائی کے اس عمل میں اپنا کردار ادا کریں، کچرا مقررہ مقامات پر ڈالیں اور صفائی عملے سے تعاون کریں

گوادر یونیورسٹی تحقیق، تعلیم میں مصنوعی ذہانت پر مبنی مضبوط بنیاد قائم کرنے کیلئے کوشاں ہے، وائس چانسلر

مصنوعی ذہانت اب مستقبل کا تصور نہیں رہی بلکہ یہ جدت، اقتصادی ترقی اور قومی مسابقت کی محرک قوت بن چکی ہے

ایسے گریجویٹس تیار کرنے کیلئے پرعزم ہیں جو مصنوعی ذہانت کو موثر آلے کے طور پر استعمال کریں، ڈاکٹر عبدالرزاق

گوادر (خ ن) یونیورسٹی آف گوادر میں بی ایس کمپیوٹر سائنس پروگرام AI (میں اسپیشلائزیشن) کا آغاز جنوری 2026 سے ہوگا۔ یونیورسٹی آف گوادر بیچلر آف سائنس ان کمپیوٹر سائنس (BS CS) پروگرام کا آغاز اسپرنگ 2026 سمسٹر سے کر رہی ہے، جس میں دو اہم تخصصات شامل ہیں جس میں مصنوعی ذہانت (Artificial Intelligence) اور انفارمیشن ٹیکنالوجی (Information Technology) شامل ہیں۔ یہ پروگرام ہائر ایجوکیشن کمیشن (HEC) کے نئے نصاب BS Computer Science Curriculum 2025 کے مطابق تشکیل دیا گیا ہے۔ نئے نصاب کے تحت تمام کمپیوٹنگ ڈگری پروگرامز بشمول بی ایس انفارمیشن ٹیکنالوجی، بی ایس ڈیٹا سائنس اور بی ایس آرٹیفیشل انٹیلیجنس کو ایک جامع پروگرام بی ایس کمپیوٹر سائنس میں ضم کیا گیا ہے۔ اس نئے ڈھانچے کے تحت طلبا اپنی دلچسپی اور مہارت کے مطابق مختلف تخصصات، جیسے "مصنوعی ذہانت اور انفارمیشن ٹیکنالوجی"، کا انتخاب کر سکیں گے۔ یونیورسٹی آف گوادر کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر نے مصنوعی ذہانت کی انقلابی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا: مصنوعی ذہانت اب مستقبل کا تصور نہیں رہی بلکہ یہ جدت، اقتصادی ترقی اور قومی مسابقت کی محرک قوت بن چکی ہے۔ یونیورسٹی آف گوادر میں ہم ایسے گریجویٹس تیار کرنے کے لیے پرعزم ہیں جو مصنوعی ذہانت کو صرف ایک ٹیکنالوجی کے طور پر نہیں بلکہ ایک مؤثر آلے کے طور پر استعمال کریں۔ ایسے پائیدار حل تخلیق کرنے کے لیے جو عالمی، قومی اور علاقائی چیلنجز، خصوصاً گوادر ریجن اور سی پیک سے متعلق مسائل، جیسے بندرگاہی نظام کی بہتری، سمندری ماحولیاتی نظام کی نگرانی، حیاتیاتی تنوع کے تحفظ، اور ساحلی آبادیوں کے معاشی حالات کو بہتر بنانے میں مددگار ثابت ہوں۔

خضدار، خسرہ اور روبیلا سے بچاؤ کی قومی مہم 17 نومبر سے 29 نومبر تک جاری رہے گی

خضدار (خ ن) خسرہ اور روبیلا سے بچاؤ کی قومی مہم 17 نومبر سے 29 نومبر تک جاری رہے گی خسرہ اور روبیلا سے بچاؤ کے لیے قومی سطح پر خصوصی مہم 17 نومبر سے 29 نومبر 2025 تک ضلع خضدار میں بھرپور انداز میں جاری رہے گی۔ اس مہم کے دوران 6 ماہ سے 5 سال تک کی عمر کے تمام بچوں کو خسرہ اور روبیلا سے بچاؤ کی ویکسین بالکل مفت فراہم کی جائے گی۔ محکمہ صحت کے مطابق مہم کے دوران ضلع بھر میں بچوں کو پولیو کے قطرے بھی پلائے جائیں گے تاکہ انہیں عمر بھر کی معذوری سے محفوظ رکھا جا سکے۔ شہریوں سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ اپنی قومی ذمہ داری نبھاتے ہوئے اس بات کو یقینی بنائیں کہ پیدائش سے پانچ سال تک کی عمر کے تمام بچے پولیو کے دو قطرے ضرور پئیں۔ ضلع خضدار میں مہم کے دوران 1,50,256 بچوں کو ویکسین لگانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے، جس کے لیے 49 یونین کونسلوں میں 227 ٹیمیں اپنی خدمات سرانجام دیں گی۔ محکمہ صحت کے ترجمان نے واضح کیا ہے کہ اگر کسی بچے کو پہلے ہی خسرہ اور روبیلا کی ویکسین لگ چکی ہے تو بھی قومی مہم کے دوران دوبارہ ویکسین ضرور لگوائی جائے، کیونکہ اس سے بچوں کی قوت مدافعت مزید مضبوط ہو جاتی ہے۔ عوام سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ اس قومی مہم میں بھرپور تعاون کریں

اوستہ محمد، سردار زادہ ریحان خان بلیدی فاروق خان جمالی و دیگر تبادلہ خیال کر رہے ہیں

لورالائی، ڈی سی میران بلوچ خسرہ اور روبیلا مہم کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اے ڈی سی کی زیر صدارت اجلاس کاروباری حضرات، گاڑی مالکان، متعلقہ افراد کی بڑی تعداد میں شرکت

شرکاء اجلاس کا بارڈر کی طویل بندش پر اپنے تحفظات کا اظہار کیا اور انتظامیہ سے مطالبہ کیا کہ سرحدی کاروبار کو جلد بحال کیا جائے

تابش بلوچ نے شرکاء کو یقین دلایا کہ ضلعی انتظامیہ مسئلے پر سنجیدگی سے کام کر رہی ہے، تمام متعلقہ اداروں سے مسلسل رابطے میں ہے

تربت (خ ن) ڈپٹی کمشنر کیچ ریٹائرڈ میجر بشیر احمد بڑیچ کی ہدایت پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کیچ تابش بلوچ کی صدارت میں سرحدی تجارت سے متعلق ایک اہم اجلاس ڈپٹی کمشنر آفس تربت میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر تربت محمد جان بلوچ، بارڈر سے وابستہ کاروباری حضرات، گاڑی مالکان اور دیگر متعلقہ افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ شرکاء نے اجلاس کے دوران بارڈر کی طویل بندش پر اپنے تحفظات کا اظہار کیا اور انتظامیہ سے مطالبہ کیا کہ سرحدی کاروبار کو جلد بحال کیا جائے تاکہ مقامی آبادی کے روزگار کے مسائل میں کمی لائی جا سکے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر تابش بلوچ نے شرکاء کو یقین دلایا کہ ضلعی انتظامیہ اس مسئلے پر سنجیدگی سے کام کر رہی ہے اور تمام متعلقہ اداروں سے مسلسل رابطے میں ہے۔ انہوں نے بتایا کہ 11 نومبر کو ایرانی حکام کے ساتھ ایک اہم ملاقات طے ہے جس میں بارڈر کی بندش اور اس کے اثرات پر تفصیلی گفتگو کی جائے گی۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ اس ملاقات کے بعد بارڈر کھولنے کے حوالے سے مثبت پیش رفت متوقع ہے۔ اجلاس میں مزید بتایا گیا کہ ڈپٹی کمشنر کیچ بشیر احمد بڑیچ کی کوششیں اس سلسلے میں جاری ہیں اور وہ اعلیٰ حکام سے مسلسل رابطے میں ہیں تاکہ عوام کو درپیش مشکلات کا جلد از جلد حل نکالا جا سکے۔

اوستہ محمد، صوبائی وزیر سردار زادہ فیصل خان جمالی کے ہمراہ احسان علی جمالی غلام علی رند و دیگر کا گروپ فوٹو

خانہ بدوش خاندانوں کو محفوظ مقام پر منتقل کرنے کے انتظامات کیے جائیں، ڈی سی سبی

بڑھتی ہوئی بھیک مانگنے کی سرگرمیوں پر قابو پانے کے لیے اقدامات کیے جائیں، تاکہ شہر کا سماجی ماحول بہتر پرامن رہے

خانہ بدوشوں کی نقل و حرکت پر نظر رکھی جائے ان کی آڑ میں افغان مہاجرین کے قیام کے امکانات نظر انداز نہیں کیا جا سکتا

سبی (خ ن) ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) الیاس کبزئی کی صدارت میں ضلعی کوآرڈینیشن کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ونگ کمانڈر سبی سکاؤٹس کرنل شہریار، ایس ایس پی شاہنواز چاچڑ، اسسٹنٹ کمشنر سبی منصور علی شاہ، چیئرمین میونسپل کمیٹی سردار محمد خان تھگ سمیت ضلعی افسران اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلعی نظم و نسق اور امن و امان کی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر سبی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ خانہ بدوشوں کی نقل و حرکت پر خصوصی نظر رکھی جائے کیونکہ ان کی آڑ میں افغان مہاجرین کے قیام کے امکانات کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ ریلوے ٹریک کے قریب یا اس کے اطراف موجود خانہ بدوش خاندانوں کو کسی محفوظ اور متبادل مقام پر منتقل کرنے کے لیے مناسب انتظامات کیے جائیں۔ ڈی سی سبی نے مزید کہا کہ شہر میں بڑھتی ہوئی بھیک مانگنے کی سرگرمیوں پر قابو پانے کے لیے بھی مؤثر اقدامات کیے جائیں تاکہ شہر کا سماجی ماحول بہتر اور پرامن رہے۔ انہوں نے تمام متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ ضلعی سطح پر مربوط حکمت عملی کے تحت ان مسائل کے تدارک کے لیے فوری عملی اقدامات کیے جائیں۔

بقیہ 1 — میر سرفراز بگٹی

فتنہ انگیزی کے ذریعے کبھی مذہبی منافرت اور کبھی لسانی بنیادوں پر پاکستان کو نقصان پہنچانے کی کوشش کی گئی مگر پاکستانی عوام نے ہمیشہ دشمن کے عزائم ناکام بنائے اور دہشت گردی کے خلاف ڈٹ کر مقابلہ کیا وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں تعلیمی ترقی کے لئے عملی اقدامات کر رہے ہیں ہم نے حکومت سنبھالی تو تنخواہوں کے لئے اساتذہ سڑکوں پر احتجاج کر رہے تھے ہم نے بلوچستان کے طالب علموں کے لیے دنیا کی دو سو جامعات کے دروازے کھولے، انہوں نے اعلان کیا کہ سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی کی لائبریری میں کتابوں کی فراہمی کے لیے ایک کروڑ روپے دیے جائیں گے یونیورسٹی کو مکمل سولرائزیشن پر منتقل کیا جائے گا اسکوٹیز چلائیں اگر کوئی ہراساں کرتا ہے تو اس کے خلاف رپورٹ کریں حکومت ایسے افراد سے بہتر طور پر نمٹے گی اور انہیں سزا دی جائے گی وزیراعلیٰ نے اپنے خطاب میں کہا کہ بلوچستان سے زیادہ لاپتہ افراد کی تعداد خیبرپختونخوا اور بہت سے ممالک میں ہے مسنگ پرسنز کی کوئی جسٹی فکیشن نہیں تاہم کچھ عناصر صرف صوبے کو بدنام کرنے کے لیے مسنگ پرسنز کا پروپیگنڈہ کرتے ہیں جو لوگ انسانیت کے علمبردار بنے پھرتے ہیں وہ کبھی معصوم شہریوں کے قتل پر آواز نہیں اٹھاتے انہوں نے کہا کہ مخصوص حالات کے تحت صوبے میں انٹرنیٹ کی بندش ایک مجبوری ہے، بحالی امن اور انسانی جانوں کا تحفظ انٹرنیٹ سے زیادہ اہم ہے تاہم تعلیمی اداروں کو کیبل انٹرنیٹ فراہم کریں گے تاکہ تعلیمی حرج نہ ہوانہوں نے کہا کہ ایک پروفیسر نے ریاست کے دیئے گئے وسائل کے باوجود ریاست کو نقصان پہنچانے کی کوشش کی مگر وہ گرفتار ہو چکا ہے میر سرفراز بگٹی نے بتایا کہ سابق چیف جسٹس بلوچستان نور محمد مسکان زئی کے قتل میں ایک سیکنڈ ایئر کا طالب علم ملوث نکلا جسے ایک سوشل میڈیا ایپ کے ذریعے ایسا کرنے کی ترغیب دی گئی پورے صوبے کو اے ایریا میں تبدیل کر کے یکساں نفاذ قانون کو یقینی بنایا جارہا ہے انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ صرف فوج اور ایف سی کی نہیں بلکہ ہر فرد کی جنگ ہے انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں نے جس سال بہادر خان ویمن یونیورسٹی کی بچیوں کا خون بہایا اس سے اگلے سال داخلے ڈبل ہو گئے انہوں نے کہا کہ صوبے میں تعلیمی سہولیات سمیت دیگر ترقی پنجابیوں نے نہیں ریاست دشمن عناصر نے روکی انہوں نے کہا کہ جو بھی پاکستان توڑنے کی بات کرے گا، ہم اس کے خلاف کھڑے ہوں گے وزیراعلیٰ نے دوٹوک مؤقف اختیار کرتے ہوئے کہا کہ وہ دہشت گردوں سے کسی قسم کا خوف نہیں رکھتے میں ان سے کھلی جنگ لڑ رہا ہوں بلوچوں کو ایک لاحاصل جنگ کی طرف دھکیلا جا رہا ہے جس سے کچھ حاصل نہیں ہوگا، دنیا میں کرد تحریک اس کی مثال ہے بلوچستان میں غیر متوازن ترقی تشدد کا جواز نہیں یہ مسائل پاکستان سمیت دنیا بھر میں پائے جاتے ہیں انہوں نے کہا کہ ہم نے وعدہ کیا تھا کہ بلوچستان میں کوئی سڑک بند نہیں ہوگی ہم نے یہ وعدہ پورا کر دکھایا ہماری سیکیورٹی فورسز ایک ایک انچ کا دفاع کرنے کی صلاحیت رکھتی ہیں، انہوں نے کہا کہ ہماری سیکیورٹی فورسز گرے زون میں کام کر رہی ہیں جہاں دوست اور دشمن کی پہچان مشکل ہے دشمن واضح ہو تو کارروائی آسان ہوتی ہے جیسا کہ معرکہ حق میں پوری دنیا نے دیکھ لیا کہ ہارے ہوئے کو جیتتے ہوئے کردار کو گرایا جاتا ہے اور فیلڈ مارشل بنایا جاتا ہے

بقیہ 2 — وزیراعظم

ووٹ کرنے والے اراکین کو الگ الگ لابی میں جانے کی ہدایت کی گئی، حکومت نے 27 ویں آئینی ترمیم میں 8 نئی ترامیم پیش کیں، چار شقیں نکالنے اور چار شقیں ڈالنے کی ترامیم پیش کی گئیں، آئین کے آرٹیکل 6 کی شق 2 میں وفاقی آئینی عدالت کا لفظ شامل کیا گیا، آئین کے آرٹیکل 10 میں لفظ سپریم کورٹ کا اضافہ کیا گیا ہے، آرٹیکل 176 میں ترمیم کی گئی کہ موجودہ چیف جسٹس کو ٹرم پوری ہونے تک چیف جسٹس پاکستان کہا جائے گا، آرٹیکل 255 شق دو میں ترمیم کی گئی کہ موجودہ ٹرم کے بعد چیف جسٹس پاکستان کی تعیناتی سے متعلق ہے، چیف جسٹس سپریم کورٹ اور چیف جسٹس وفاقی آئینی عدالت میں سے سینئر ترین چیف جسٹس پاکستان ہوگا، قومی اسمبلی سے اضافی ترامیم کی منظوری پر بل کو دوبارہ سینیٹ کو بھجوایا جائے گا جبکہ اپوزیشن ارکان نے حکومت مخالف شدید نعرے بازی کرتے ہوئے اسپیکر ڈائس کے سامنے دھرنا دیا، ایجنڈے کی کاپیاں پھاڑ دیں اور پھر اجلاس کی کارروائی کا بائیکاٹ کیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ ایوان نے یکجہتی اور اتحاد کا مظاہرہ کیا، تمام ارکان کا دلی مشکور ہوں۔ انہوں نے کہا کہ وانا کیڈٹ کالج حملے نے اے پی ایس حملے کی یاد تازہ کر دی، حملہ آوروں میں افغان باشندے بھی شامل تھے، اساتذہ اور طلباء کو بحفاظت نکالا گیا، سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاک فوج کے جوانوں اور افسروں کو قوم کی جانب سے مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد کچہری میں دہشت گردی کا اندوہناک واقعہ پیش آیا، شہداء کے درجات کی بلندی اور تمام زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے دعاگو ہیں۔ یہ واضح ہے کہ ملک میں دہشت گردی کے واقعات میں خارجی ہاتھ ملوث ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ جعفر ایکسپریس واقعے میں بھی ہندوستان، کالعدم بی ایل اے (بلوچستان لبریشن آرمی) اور کالعدم ٹی ٹی پی شامل تھی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی ترقی اور خوشحالی میں کسی رکاوٹ کو حائل نہیں ہونے دیں گے، افغان طالبان رجیم سے مسلسل کہا جا رہا ہے کہ وہ کالعدم ٹی ٹی پی کو لگام دے۔ وزیراعظم نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں بہادر جوان اور افسر قربانیاں دے رہے ہیں، ہمارے بہادر جوان اور افسر مستقبل کو محفوظ بنانے کیلئے اپنی جانیں قربان کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 40 سال افغانوں کی مہمان نوازی کا صلہ دنیا دیکھ رہی ہے، دہشت گردوں کو لگام دیں ہم آپ کے ساتھ مل کر چلنے کو تیار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلاول بھٹو سے مکمل اتفاق ہے کہ صوبے مضبوط ہوں گے تو وفاق مضبوط ہوگا، وہ تمام امور جن سے وفاق مضبوط ہو میں ان کا حامی ہوں۔ وزیراعظم نے چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی کا بھی شکریہ ادا کیا اور کہا کہ جسٹس یحییٰ آفریدی نے آئین کے دائرے میں رہ کر ہماری بھرپور معاونت کی۔ انہوں نے کہا کہ میں خود ان کے پاس حاضر ہوا کہ دس دس سال تک مقدمات زیر التوا ہیں۔ انہوں نے وضاحت کی کہ چیف جسٹس یحییٰ آفریدی بدستور چیف جسٹس رہیں گے اور آئینی اداروں کی رہنمائی کرتے رہیں گے اور ان کی مدد ہمارے شامل حال رہے گی۔

بقیہ 3 — بلاول بھٹو

قوم نے پہلے بھی دہشتگردوں کو شکست دی تھی ایک بار پھر شکست دیں گے، دہشتگردوں اور ملک دشمنوں کے خلاف متحد ہونا ہوگا، اٹھارہویں ترمیم سے صوبائی خودمختاری اور صوبوں کو حقوق ملے، کسی کا باپ بھی اٹھارہویں ترمیم ختم نہیں کرسکتا، مولانا فضل الرحمان نے 26 ویں ترمیم پر ووٹ ڈالنے کیلئے پی ٹی آئی سے اجازت مانگی تھی۔ قومی اسمبلی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ ہم جو آئینی ترمیم لارہے ہیں، ہمارے پاس اکثریت ہے، کسی کا باپ بھی 18 ویں ترمیم کو ختم نہیں کرسکتا۔ انہوں نے کہا کہ آئینی ترمیم کی منظوری کثرت رائے سے نہیں، اتفاق رائے سے ہوتی ہے، 26 ویں آئینی ترمیم بھی اتفاق رائے سے منظور کرائی تھی اور 18 ویں ترمیم بھی تمام جماعتوں نے اتفاق رائے سے منظور کرائی، 18 ویں ترمیم کے ذریعے صوبوں کو حقوق دیے گئے۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ میثاق جمہوریت میں کیے وعدے پورے کر رہے ہیں اور میثاق جمہوریت کے نامکمل وعدوں کی تکمیل یقینی بنا رہے ہیں۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ ہم نے بھارت کو عبرتناک شکست دی، فیلڈ مارشل کی کارکردگی کو پوری دنیا میں سراہا جا رہا ہے، فیلڈ مارشل کے عہدے کو آئینی تحفظ دے رہے ہیں۔ چیئرمین پیپلز پارٹی نے کہا کہ دہشت گردی ملک میں ایک بار پھر سر اٹھا رہی ہے، دہشتگردی اور ملک دشمنوں کے خلاف سب کو یکجا ہونا ہوگا، قوم فتنہ الخوارج کے خلاف متحد ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے واقعات کی مذمت کرتا ہوں، ہم نے پہلے بھی دہشت گردوں کا ڈٹ کر بھرپور مقابلہ کیا تھا، ہم نے شہادتیں دیکر دہشتگردوں کو پہلے بھی شکست دی اور آئندہ بھی دینگے۔

بقیہ 4 — خواجہ آصف

نے اس منصوبے کو ناکام بنایا ہے، دہشت گردی کے خلاف جنگ جاری ہے، آپ سب دعا کریں کہ فوج فتح پائے۔ ستائیس ویں سے متعلق انہوں نے کہا کہ نواز شریف صاحب قومی اسمبلی کے ممبر ہیں، وہاں ان کی سیٹ ہے، انہیں ویلکم ہی ویلکم ہے۔

بقیہ 5 — محمود خان اچکزئی

و میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جمعے کو ہم تحریک کا آغاز کریں گے، ہم احتجاج کریں گے اور ایک پتھر بھی نہیں ماریں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہم تمام ملکوں کے سفیروں سے بات کریں گے، ان کو خطوط لکھیں گے اور ان کو کہیں گے کہ اس حکومت سے جو بھی معاہدے کیے ہیں وہ ختم کر دیں۔ محمود خان اچکزئی نے کہا کہ اقوام متحدہ کا ادارہ کہتا ہے کہ 45 فیصد لوگ غربت کی لائن سے نیچے ہیں، کیا آسمان گرتا اگر اجلاس ملتوی کر دیتے۔ انہوں نے کہا کہ دنیا کے خطرناک ممالک ہمیں لڑانا چاہتے ہیں، ہمیں جنگ کا راستہ روکنا ہے۔ اپوزیشن اتحاد کے سربراہ نے کہا کہ پاکستان کا آئین بالادست ہو گا، پارلیمنٹ طاقت کا سرچشمہ ہوگی، تمام صوبوں کی معدنیات پر پہلا حق اسی صوبے کا ہوگا۔ محمود خان اچکزئی نے کہا کہ جو بھی مذاکرات کرنے ہیں ہم تیار ہیں، ہم آپ کا جینا حرام کر دیں گے اور ہم عدلیہ کے ججوں سے درخواست کرتے ہیں، آپ ایک قلم سے اس سب کو فارغ کرسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت سے ہمارے مذاکرات ہوں گے اور مذاکرات یہ ہوں گے کہ ہمارا مینڈیٹ واپس کریں۔ پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر علی خان نے کہا کہ سپریم کورٹ اور چیف جسٹس کے اختیارات محدود کر دیے گئے ہیں، چیف جسٹس آف پاکستان کا عہدہ ختم کر دیا گیا لیکن ہم چیف جسٹس آف پاکستان کا عہدہ بحال کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ عدلیہ کا تشخص اور اختیارات واپس لائیں گے، اس بل میں عدالتی اختیارات کا زبردست کٹا کیا گیا، عدلیہ کی اصلاح لازمی ہے لیکن ججوں کے ساتھ اپنایا گیا رویہ ناقابل قبول ہے۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ اسمبلی میں پوائنٹ آؤٹ کیا کہ چیف جسٹس کا عہدہ ختم ہوا ہے، موجودہ ترامیم آئین کی روح کے منافی ہیں اور آئینی تعریفوں میں نئی کلاز شامل کر دی گئی اور اس ترمیم نے چیف جسٹس کے کردار کو محدود کر دیا ہے۔

بقیہ 6 — عطاء تارڑ

زیادہ وان کا لیڈر مقدم ہے، اپوزیشن اپنی یادداشت کھو چکی ہے، ان کے تمام حالات و واقعات 2022ء سے پیچھے نہیں جاتے، یہ حقائق کو پس پشت ڈال رہے ہیں، پی ٹی آئی دور میں آئین کے ساتھ کھلواڑ کیا گیا، جب قاسم سوری آئین شکنی کر رہے تھے تو یہ کیوں چپ تھے، پی ٹی آئی نے 27 ویں ترمیم کے لئے کوئی تجویز پیش نہیں کی، وانا میں 500 سے زائد کیڈٹس کو بحفاظت بازیاب کرایا گیا ہے، کیا کسی پی ٹی آئی والے نے وانا کیڈٹ کالج حملے پر مذمتی بیان دیا، ہماری اپوزیشن صرف ٹک ٹاک، یوٹیوب اور فیس بک کی سیاست کر رہی ہے۔ بدھ کو یہاں قومی اسمبلی کے اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر اطلاعات و نشریات نے کہا کہ اپوزیشن کی تمام تقاریر سن کر یہ گمان ہوا کہ وہ اپنی یادداشت کھو چکی ہے، ان کے تمام حالات و واقعات 2022ء سے پیچھے نہیں جاتے، یہ حقائق کو پس پشت ڈال رہے ہیں، جب یہ پارلیمان مشاورت اور سیاسی عمل کے تحت آئینی ترمیم کرنے جا رہی ہے تو یہ ان سے برداشت نہیں ہو رہا۔

بقیہ 7 — ایف بی آر

شارٹ فالکر، کم ٹیکس دینے اور اصل آمدنی چھپانے والوں کا ڈیسک آڈٹ کے ذریعے سراغ لگایا جائے گا۔ ڈیسک آڈٹ میں جن ٹیکس دہندگان کی نشاندہی ہوگی ان کا فیلڈ آڈٹ کیا جائے گا۔

بقیہ 8 — متفقہ طور پر منظور

نے دہشت گردی کو بڑا چیلنج قرار دیدیا۔ بین الپارلیمانی اسپیکرز کانفرنس کے اختتامی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ دہشت گردی دنیا کیلئے ایک سنگین خطرہ برقرار ہے اور اس کے خاتمے کے لیے نہ صرف سیکورٹی اقدامات، بلکہ پارلیمانی تعاون، مالی نگرانی اور اجتماعی سیاسی عزم کی بھی ضرورت ہے۔ انہوں نے اسلام آباد اور وانا میں حالیہ دہشت گردانہ حملوں کی مذمت کی۔

بقیہ 9 — گورنر بلوچستان

دس بجے گیس بند کرنے کی بجائے اس میں مناسب توسیع کیا جائے۔ غیر قانونی کمپریسرز لگانے اور مارکیٹ میں فروخت کرنے میں ملوث عناصر کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے۔ ان اقدامات کو ترجیح دیکر گورنر کا مقصد بالخصوص کوئٹہ کے مکینوں کو ریلیف پہنچانا اور ان کے مجموعی معیار زندگی کو بہتر بنانا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کے روز گورنر ہاؤس کوئٹہ میں سوئی سدرن گیس کمپنی کی کارکردگی سے متعلق بریفنگ کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ سوئی سدرن گیس کمپنی کے جی ایم محمد راحیل ملک بریفنگ دے رہے تھے۔ اس موقع پر چیف منیجر بلنگ محمد عمران اعظم اور حافظ محمد یوسف بھی موجود تھے۔ بریفنگ کے دوران گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے عوام پر زور دیا کہ صارفین پر خاصکر واجب الادا گیس کے بلوں کی ادائیگی کے حوالے سے حکومتی کاوشوں میں تعاون فراہم کریں۔ یہ بات واضح ہے کہ بلوں کی عدم ادائیگی کی وجہ سے نہ صرف اداروں کی کارکردگی پر منفی اثرات مرتب ہونگے بلکہ عوامی مشکلات میں بھی اضافہ ہوگا۔ یہ بھی مشاہدہ میں آیا ہے کہ بعض علاقوں میں گیس سپلائی کم یا بند کرنے سے بل ادا کرنے والے اچھے صارفین بھی متاثر ہوجاتے ہیں۔

بقیہ 10 — منحرف پی ٹی آئی

نہیں کیے۔ آرٹیکل 63 اے کے تحت ریفرنس بھی نہیں بھجوایا جا سکا۔

بقیہ 11 — صدر زرداری

آزمائش کی ہر گھڑی میں ایک دوسرے کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔ اپنے بیان میں صدر زرداری نے ترک صدر رجب طیب اردوان سے اظہار تعزیت اور ترک قوم سے ہمدردی کا اظہار کیا۔

بقیہ 12 — حافظ نعیم

سے بالاتر نہیں، 27 ویں ترمیم سے عدلیہ اقلیت اور حکومت اکثریت میں آگئی ہے۔ عدلیہ کو زیر اور سرنگوں کرنے کا پورا بندوبست کیا گیا ہے، یہ لوگ پہلے بھی عدلیہ کو نہیں مانتے تھے اب بے توقیر کر کے خاتمے پر کمربستہ ہوگئے ہیں۔ صدر، چیف آف سٹاف یا کوئی اور بڑا عہدے سے مستثنیٰ نہیں۔

بقیہ 13 — چینی

کی اجلاس کو متعلقہ حکام کی جانب سے صوبے میں چینی کی دستیابی اور مطلوبہ مقدار سے متعلق بریفنگ دی گئی اجلاس کو بتایا گیا کہ ٹریڈنگ کارپوریشن آف پاکستان اور متعلقہ شوگر ڈیلرز کے ذریعے بلوچستان کو چینی کی مطلوبہ مقدار کی فراہمی کو یقینی بنایا جارہا ہے وزیر اعلیٰ نے اس موقع پر ہدایت کی کہ چینی کی صوبے سے باہر ترسیل کی روک تھام کے لیے اقدامات کو مزید موثر کیا جائے انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ چینی کی صوبے میں موجودہ طلب کو پورا کیا جائے اور اس حوالے بروقت اقدامات کو جلد از جلد حتمی شکل دی جائے۔

بقیہ 14 — فیصلہ

ذریعے جائز قرار نہیں دیا جاسکے گا۔ ذرائع کے مطابق آرٹیکل 6 کے کلاز 2 میں ہائی کورٹ، سپریم کورٹ کے ساتھ آئینی عدالت کے لفظ کا اضافہ کیا جائے گا۔ نجی ٹی وی کے مطابق 27 ویں آئینی ترمیم میں جوڈیشری سے متعلق مزید ترمیم کا امکان ہے، آرٹیکل 6 میں آئین معطل کرنے اور اس سے کھلواڑ کو سنگین غداری قرار دیا گیا ہے۔

بقیہ 15 — جوڈیشل کمپلیکس

جوڈیشل کمپلیکس تک کیسے پہنچا اس حوالے سے پولیس نے تحقیقات میں سراغ لگا لیا ہے۔ ذرائع کے مطابق پولیس نے حملہ آور کو جوڈیشل کمپلیکس تک لانے والے موٹر سائیکل رائیڈر کو پکڑ لیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق آن لائن موٹرسائیکل رائیڈر نے حملہ آور کو 200 روپے میں کچہری تک پہنچایا۔

بقیہ 16 — افغان نائب

کے گی۔ یہ اعلان انہوں نے افغانستان میں ایک کانفرنس سے خطاب میں کیا ہے۔ ملا برادر نے کہا کہ اب افغانستان پاکستان کے ساتھ تجارتی لین دین بند کرے گا اور تاجر برادری کو ہدایت دیں کہ وہ متبادل راستے تلاش کریں۔ ملا برادر نے کہا کہ اس وقت پاکستان کے ساتھ تجارت کا بڑا حصہ ادویات کی درآمد پر مشتمل ہے اور پاکستانی ادویات درآمد کرنے والے تاجروں کو تین ماہ کی مہلت دی گئی ہے کہ وہ اپنے مالی معاملات مکمل کر لیں۔ تین ماہ بعد افغان وزارت خزانہ پاکستان سے ادویات کی درآمد پر محصول لے گی اور نہ ہی اجازت دے گی۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ ایسی اطلاعات ہیں کہ پاکستان سے درآمد کی جانے والی ادویات غیر مؤثر رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کوئی بھی ملک انفرادی طور پر اپنی تمام ضروریات پوری نہیں کر سکتا اس لیے ایک دوسرے پر انحصار کرنا پڑتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بدقسمتی سے بعض ممالک سے تجارت میں رکاوٹیں اور اقتصادی بندش اور سیاسی طور پر دباؤ کی وجہ سے مشکلات میں بڑھ جاتی ہیں۔

بقیہ 17 — افغان طالبان

ہے، ان دہشتگرد حملوں کی مذمت کرتے ہیں۔ افغان وزارت خارجہ کے بیان میں دھماکوں اور حملوں میں قیمتی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ کا اظہار کرتے ہوئے زخمیوں کی جلد صحتیابی کی دعا کی ہے۔

بقیہ 18 — لورالائی روٹ

عارضی طور پر بند رہیں گی۔ تاہم، شہری یا مقامی علاقوں کی اندرونی ٹریفک پر اس پابندی کا اطلاق نہیں ہوگا، اور لوگ اپنی روزمرہ ضروریات کے لیے مقامی سطح پر سفر کرسکیں گے۔ محکمہ داخلہ نے تمام ضلعی انتظامیہ، پولیس، اور متعلقہ حکام کو ہدایت کی ہے کہ وہ اس فیصلے پر فوری عملدرآمد کو یقینی بنائیں اور اس دوران عوام کی سہولت کے لیے متبادل انتظامات کیے جائیں۔ پریس ریلیز میں محکمہ داخلہ نے عوام الناس سے اپیل کی ہے کہ وہ لورالائی روٹ این 70 قومی شاہراہ پر کسی بھی سفر سے قبل حکومتی ٹریول ایڈوائزری کی تصدیق ضرور کریں تاکہ کسی قسم کی تکلیف یا رکاوٹ سے بچا جا سکے۔ حکومت بلوچستان عوام کے تعاون کی معترف ہے اور امید کرتی ہے کہ عوام انتظامیہ کے ساتھ بھرپور تعاون کرتے ہوئے اس عارضی فیصلے پر عملدرآمد یقینی بنائیں گے تاکہ امن و امان کی فضا برقرار رہے۔

بقیہ 19 — پارلیمنٹ پہنچے

کیلئے 224 اراکین کی حمایت درکار تھی، خورشید شاہ کے اجلاس میں شریک ہونے کے بعد حکومت کے پاس 234 اراکین ہوئے، مسلم لیگ (ن) کے صدر اور سابق وزیراعظم نواز شریف اپنی نشست سے اٹھ کر خورشید شاہ کے پاس گئے اور ان کا حال احوال دریافت کیا۔

بقیہ 20 — اضافہ

میں منفی 1 اور قلات میں صفر ڈگری سینٹی گریڈ درجہ حرارت ریکارڈ کیا گیا۔ محکمہ موسمیات کے مطابق آئندہ ہفتے صوبے کے شمالی اضلاع میں مزید سردی متوقع ہے، اور موسم خشک اور سرد رہے گا۔ دوسری جانب سردی کی شدت بڑھنے کے ساتھ ہی کوئٹہ اور مضافاتی علاقوں میں گیس پریشر میں کمی نے شہریوں کو مشکلات سے دوچار کر دیا ہے۔

بقیہ 21 — بلدیاتی الیکشن

بلوچستان کو خط ارسال کیا ہے۔ الیکشن کمیشن نے حکومت بلوچستان کو فول پروف سیکیورٹی انتظامات کی ہدایت کرتے ہوئے سیاسی جماعتوں اور امیدواروں کے لیے سازگار ماحول فراہم کرنے کی تاکید کی ہے۔ خط میں کہا گیا کہ انتخابی عمل کے دوران امن و امان برقرار رکھنا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ الیکشن کمیشن نے ہدایات پر مکمل عملدرآمد یقینی بنانے، انتخابی کارروائیوں کو مقررہ شیڈول کے مطابق مکمل کرنے کی ہدایت کی ہے۔ الیکشن کمیشن نے ریٹرننگ افسران کو بھی ہدایات جاری کر دی ہیں۔ کوئٹہ ضلع میں بلدیاتی انتخابات 28 دسمبر 2025 کو ہوں گے۔ الیکشن کمیشن نے بلدیاتی انتخابات کا شیڈول 3 نومبر کو جاری کیا تھا۔ کوئٹہ میں بلدیاتی انتخابات کے لیے امیدوار اپنے کاغذات نامزدگی 13 سے 17 نومبر تک متعلقہ ریٹرننگ افسران کو جمع کرا سکیں گے، ابتدائی فہرست 18 نومبر کو جاری کی جائے گی۔ کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال 19 سے 24 نومبر تک ہوگی، ریٹرننگ افسران کے فیصلوں (نامزدگی منظور یا مسترد کیے جانے) کے خلاف اپیلیں 28 نومبر تک الیکشن ٹریبونل میں دائر کی جاسکیں گی، جو 3 دسمبر تک ان اپیلوں پر فیصلے کرے گا۔

بقیہ 22 — جنرل ساحر شمشاد مرزا

میں دوطرفہ دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ تاجکستان کے وزیر دفاع کرنل جنرل امام علی عبدالرحیم نے جوائنٹ اسٹاف ہیڈکوارٹرز راولپنڈی کا دورہ کیا۔

بقیہ 23 — وزیراعلیٰ

یونیورسٹی میں منعقدہ تقریب میں آڈیٹوریم طالبات سے کھچا کھچ بھرا ہوا تھا جبکہ درجنوں طالبات آڈیٹوریم کے باہر بھی موجود تھیں۔ دوران خطاب وزیراعلیٰ کی نظر باہر کھڑی طالبات پر پڑی تو انہوں نے سیکورٹی حکام کو ہدایت دی کہ تمام بیریئرز ہٹا کر طالبات کو اندر آنے کی اجازت دی جائے۔ وزیراعلیٰ کے احکامات پر فوری طور پر عملدرآمد کیا گیا

بقیہ 24 — حالت تشویشناک

میں سے 3 طالب علم موقع پر جاں بحق ہو گئے جبکہ 3 طالب علموں کو بحفاظت ریسکیو کرلیا گیا تفصیلات کے مطابق ماڑی پور تھانے کے علاقے مبارک ہالیہ کے مقام پر سمندر میں نہاتے ہوئے ڈاؤ میڈیکل کالج کے فائنل ایئر کے ڈی 26 بیچ کے 7 طالب علم ڈوب گئے جن میں سے 3 طالب علم موقع پر جاں بحق ہوگئے جبکہ تین طالب علموں کو نیم بیہوشی کی حالت میں سمندر سے ریسکیو کر کے پہلے قریبی نجی کلینک اور بعد ازاں ایدھی ایمبولینسوں کے ذریعے سول ٹراما سینٹر منتقل کر دیا گیا۔

بقیہ 25 — وانا کیڈٹ کالج

24 گھنٹے سے زائد ڈھال بن کر کالج کے باہر کھڑے رہے۔ فیلڈ مارشل عاصم منیر نے آپریشن کے دوران کہا کہ قوم کے معمار ہمارا سرمایہ ہیں، ان پر کوئی آنچ نہیں آنے دیں گے۔ آپریشن کمانڈر کرنل محمد طاہر کے مطابق 10 نومبر کو 5 افغانی خارجیوں نے وانا کیڈٹ کالج پر حملے کی کوشش کی۔ ایک خودکش حملہ آور نے دھماکا کیا جبکہ دیگر دہشت گردوں نے کالج میں داخل ہونے کی کوشش کی، تاہم سیکیورٹی فورسز کی بروقت کارروائی سے حملہ ناکام بنا دیا گیا۔ کرنل طاہر نے بتایا کہ دہشت گردوں کو کالج کے مخصوص بلاک میں محدود کیا گیا تاکہ طلبہ کی حفاظت یقینی بنائی جا سکے، اور رات ساڑھے 10 بجے کے قریب تمام دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا گیا۔

بقیہ 26 — پی سی بی

ٹیم کے کھلاڑی دورہ ادھورا چھوڑ کر واپس جانا چاہتے ہیں۔ اطلاعات کے مطابق پی سی بی کی جانب سے ون ڈے سیریز اور ٹرائی سیریز کو بچانے کے لیے ہر ممکن کوشش کی گئی۔ پاکستان کرکٹ بورڈ نے سری لنکن ٹیم کی سیکیورٹی بڑھانے کی یقین دہانی کروائی۔ پی سی بی کی یقین دہانی کے بعد سری لنکن کرکٹ ٹیم نے دورہ پاکستان جاری رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔ سری لنکن کرکٹ بورڈ کا کہنا ہے کہ اگر کوئی کھلاڑی دورہ جاری نہیں رکھنا چاہتا تو متبادل کا انتظام کیا جائے گا۔ سری لنکن کرکٹ بورڈ کے مطابق سری لنکن کھلاڑیوں کو چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے سکیورٹی انتظامات کی یقین دہانی کروائی۔

بقیہ 27 — لازمی قرار

73 صفحات پر مشتمل تفصیلی فیصلہ تحریر کیا، جس میں وکیل عمار سحری کی درخواست منظور کرلی گئی۔ فیصلے میں کہا گیا ہے کہ اسلام آباد میں عدالتی افسران کی تقرری کے لیے ایگزیکٹو اور عدلیہ کے درمیان مشاورت لازمی ہوگی۔ عدالتی افسران اپنی خدمات کے دوران آزادانہ، غیر جانبدارانہ اور بیرونی دباؤ سے آزاد ہوکر اختیارات استعمال کریں گے۔ عدالت نے قرار دیا کہ وفاقی حکومت عدالتی افسران کی تقرری یا برطرفی کے اختیارات اسلام آباد ہائیکورٹ سے مشاورت کے بعد ہی استعمال کرسکے گی۔

بقیہ 28 — ایم ڈی کیٹ

جمعہ تک جواب طلب کیا ہے جبکہ حکم امتناع جاری کرنے کی استدعا مسترد کردی۔ عدالت نے ریمارکس دیے کہ یہ معاملہ بنیادی طور پر صوبائی نوعیت کا ہے کیونکہ 18 ویں آئینی ترمیم کے بعد تعلیمی امور سے متعلق زیادہ تر اختیارات صوبوں کو منتقل ہو چکے ہیں۔ اسلام آباد ہائی کورٹ میں ایم ڈی کیٹ امتحانات اور داخلوں کی رجسٹریشن پالیسی میں اچانک تبدیلی کے خلاف دائر درخواست پر اہم پیش رفت ہوئی ہے۔ جسٹس ارباب محمد طاہر نے کیس کی سماعت کے دوران درخواست گزار میڈیکل طلبہ کے وکیل راجا رضوان عباسی کو تحریری گزارشات جمع کرانے کی ہدایت دی ہے۔

بقیہ 29 — فرح خان

سے ان کے یوٹیوب شو سرونگ اٹ اپ ود ثانیہ میں گفتگو کی۔ 39 سالہ بھارتی ٹینس چیمپئن ثانیہ مرزا نے اس موقع پر سابق پاکستانی کرکٹر شعیب ملک سے اپنی علیحدگی پر بھی بات کی۔ فرح خان نے انکشاف کیا کہ انہوں نے اس گفتگو کے دوران خود محسوس کیا کہ ثانیہ اس مشکل وقت میں گھبراہٹ کے دوروں (پینک اٹیکس) کا شکار رہتی تھیں۔

بقیہ 30 — اعظم نذیر تارڑ

تھے، چیف جسٹس پاکستان سے متعلق ترامیم میں کچھ ابہام تھا، چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی ہی چیف جسٹس رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ چیف جسٹس پاکستان کا عہدہ برقرار رہے گا، آئینی عدالت اور سپریم کورٹ سے جو جج سینئر ہوگا وہ چیف جسٹس پاکستان کہلائے گا۔ وزیر قانون نے کہا کہ اچکزئی کی باتوں کا جواب نہیں دوں گا۔ اس سے قبل چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے 27 ویں ترمیم پر حکومت کا ساتھ دینے کا فیصلہ کیا، آئینی عدالت میں تمام صوبوں سے برابر کی نمائندگی ہونا بڑی کامیابی ہے، ہم نے دیکھا کیسے عدالتوں نے سوموٹو لے کر وزیراعظم اور وزرا کی توہین کی، اب کوئی سوموٹو نہیں ہوگا، کوئی جج ازخود نوٹس نہیں لے سکے گا۔

بقیہ 31 — فیصل واوڈا

ہم نے 28 ویں ترمیم کیلئے رکھ لیے ہیں۔ ایک انٹرویو میں سینیٹر فیصل واوڈا نے کہا کہ عدالتوں نے بھٹو کو 45 سال بعد انصاف دیا۔

بقیہ 32 — رانا ثنا

دنیا میں عزت دی جاتی ہے، امریکا و برطانیہ کو دیکھ لیں، صدر یا وزیراعظم کی مدت عہدہ ختم ہونے کے بعد بھی عزت و احترام کیا جاتا ہے، یہ ہمارے ہاں ہی رواج ہے کہ ہر وقت کوئی نہ کوئی وزیراعظم یا صدر جیل میں ہوتا ہے۔ اب سارے اختیارات جوڈیشل کمیشن کے پاس ہیں۔

بقیہ 33 — گووندا

ممبئی کے علاقے جوہو کے کریٹی کیئر ہسپتال منتقل کر دیے گئے۔ رپورٹ کے مطابق گووندا گزشتہ شب طبی پیچیدگیوں اور ذہنی تناؤ کے باعث ہوش و حواس کھو بیٹھے، جس کے بعد انہیں فوری طور پر ممبئی کے علاقے جوہو میں واقع کریٹی کیئر ہسپتال منتقل کیا گیا۔

بقیہ 34 — پاک ایران

احمد برنچ نے کی، جنہوں نے ایرانی حکام کو مقامی کاروباری طبقے کے مسائل اور مشکلات سے آگاہ کیا۔ ذرائع کے مطابق، ملاقات کے دوران دونوں ممالک نے اتفاق کیا کہ دسمبر 2025 کے پہلے ہفتے میں بارڈر ٹریڈ بحال کی جائے گی۔ یکم دسمبر کو بارڈر پلر نمبر 214، سوراب مند بلور کراسنگ پوائنٹ کا معائنہ کیا جائے گا، جس کے بعد باضابطہ طور پر بارڈر کھولنے کا اعلان متوقع ہے۔

بقیہ 35 — سیکورٹی فورسز

دہشت گرد دھماکہ خیز مواد سے بھری گاڑی کالج کے مرکزی دروازے سے ٹکرا کر تعلیمی ادارے میں داخل ہو گئے تھے، جس کے بعد انہیں کالج کے انتظامی بلاک میں گھیر لیا گیا۔ منگل کو سیکورٹی فورسز نے عمارت کے اندر چھپے دہشت گردوں کے خلاف کلیئرنس آپریشن جاری رکھا۔ بدھ کی صبح سیکورٹی ذرائع نے بتایا کہ ایک خودکش بمبار سمیت 5 خوارج مارے گئے۔ ذرائع نے بتایا کہ کالج کی عمارت میں تلاشی کا عمل تاحال جاری ہے کیونکہ وہاں بارودی سرنگوں کے خطرات موجود ہیں، ان کا کہنا تھا کہ آپریشن کے دوران کالج کے کسی طالب علم یا استاد کو کوئی نقصان نہیں پہنچا۔

بقیہ 36 — محسن اختر کیانی

جسٹس محسن اختر کیانی نے کہا کہ 27 ویں ترمیم ہو رہی ہے، اسلامی نظریاتی کونسل بھی اپنے اختیارات میں اضافہ کروالیتی، اسلامی نظریاتی کونسل کی تجاویز بھیجتی، اختیارات بڑھ جاتے۔ عدالت نے کہا کہ اس کیس کا فیصلہ بھی اس ماہ کر سکتے ہیں۔

بقیہ 37 — بم حملہ

پہنچا تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ پولیس کے مطابق ممتاز خان ایک جنازے میں شرکت کے لیے جا رہے تھے کہ گھر سے 300 فٹ کے فاصلے پر پہلے سے نصب شدہ بم پھٹ گیا۔

بقیہ 38 — ایف بی آر

گئے۔ ہر نوٹیفکیشن کے تحت بی ایس 19، 20 اور 21 کے سینئر افسران کو احکامات پر فوری عملدرآمد کا حکم دیا گیا ہے۔ منگل گیارہ نومبر کو ایف بی آر میں بھونچال کا سماں دیکھا گیا، وفاقی بورڈ آف ریونیو نے 80 سینئر عہدیداروں کے یکا یک ملک گیر تقرر و تبادلے کر دیے۔

بقیہ 39 — موسوم ہوگی

خان ترین، رفیع اللہ آغا، جلیل باچا، حاجی خان اچکزئی، بخت محمد اچکزئی اور عظیم تارن نے پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی ضلع پشین کی جانب سے منعقد ہونے والی 02 دسمبر کی ضلعی کانفرنس کے تیاریوں کے سلسلے میں ضلع بھر کی علاقائی کمیٹیوں کے اجلاسوں اور پی ایس او کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ضلع کانفرنس کو عظیم رہنما خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی کی شہادت کی 52 ویں برسی کے موقع پر ان کی یاد اور پشتون قومی تحریک میں ان کی شاندار خدمات کے اعتراف کے طور پر منسوب کی گئی ہے۔ اجلاسوں میں ضلع پشین کے پشین تحصیل، توبہ کاکڑی، منزکی، بازار کوٹ، تورہ شاہ، حرمزئی، سرانان، اجرم، کانگلوئی، شلغرئی، منزری، رود ملازئی، مرغہ، جمیان اور بلوزئی سمیت مختلف علاقوں سے علاقائی رہنما اور کارکن بڑی تعداد میں شریک ہوئے۔ قائدین نے اپنے خطابات میں کہا کہ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی پشین کا ضلعی کانفرنس پارٹی کی موجودہ تنظیمی سرگرمیوں میں ایک اہم سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔ تمام کارکنان کو چاہیے کہ وہ اس کانفرنس کی تیاریوں میں بھرپور محنت اور ذمہ داری سے حصہ لیں تاکہ یہ اجتماع پارٹی کی فکری اور تنظیمی قوت کا مظہر بن سکے

بقیہ 40 — کرپشن کا انکشاف

س شواہد کی بنیاد پر ٹھیکیدار سید اعجاز شاہ کو گرفتار کرلیا گیا۔ ابتدائی تحقیقات کے مطابق منصوبے کے فنڈز میں سنگین بدعنوانی، جعلی ادائیگیوں، اور تعمیراتی معیار میں خلاف ورزیوں کے شواہد سامنے آئے ہیں۔ مزید برآں، کیس سے وابستہ ایکسین ٹیکنیکل اور ایکسین عبدالحمید کے خلاف ایف آئی آر درج کر لی گئی ہے، جن کی گرفتاری کے لیے چھاپے جاری ہیں۔ ترجمان اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ بلوچستان کے مطابق، یہ کارروائی ادارے کے اس عزم کی عکاس ہے کہ بدعنوانی کے خاتمے، شفاف طرز حکمرانی کے فروغ اور عوامی وسائل کے تحفظ کے لیے زیرو ٹالرنس پالیسی پر سختی سے عمل کیا جائے گا۔ ترجمان نے مزید کہا کہ تحقیقات کو پیشہ ورانہ انداز میں آگے بڑھایا جا رہا ہے

بقیہ 41 — وزیراعظم

اقتصادی تعاون کی کامیابی کی سند ثابت ہوگا۔ بدھ کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق ان خیالات کا اظہار انہوں نے کینیڈا کے پاکستان میں تعینات ہونے والے ہائی کمشنر طارق علی خان سے گفتگو کرتے ہوئے کیا جنہوں نے وزیراعظم سے یہاں ملاقات کی۔ اس موقع پر معاون خصوصی طارق فاطمی اور سیکرٹری خارجہ بھی موجود تھے۔ وزیراعظم نے کینیڈین ہائی کمشنر کو تقرری پر مبارکباد دی اور اس اعتماد کا اظہار کیا کہ ان کی تعیناتی کے دوران پاکستان اور کینیڈا کے درمیان دیرینہ اور دوستانہ تعلقات مزید مستحکم ہوں گے۔ انہوں نے کینیڈین قیادت کے لیے خیرسگالی کا پیغام بھی دیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان کینیڈا کے ساتھ تعلقات کی مزید مضبوطی کا خواہاں ہے

بقیہ 42 — نسیم الرحمان ملا خیل

میں تعلیم، صحت، روزگار، پینے کے صاف پانی کی فراہمی اور بنیادی ڈھانچے کی بہتری کے ساتھ ساتھ ماحول دوست منصوبوں پر تیزی سے عمل جاری ہے۔ شجرکاری مہمات، آلودگی کے خاتمے اور قدرتی وسائل کے موثر استعمال جیسے اقدامات موسمیاتی تبدیلی کے اثرات کم کرنے میں مددگار ثابت ہو رہے ہیں۔ صوبائی مشیر نے کہا کہ حکومت کا مقصد صرف ترقیاتی منصوبے مکمل کرنا نہیں بلکہ عوام کے لیے ایک صاف، سرسبز اور محفوظ ماحول فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ عوامی شمولیت کے بغیر ترقی کا عمل ادھورا ہے

بقیہ 43 — بابا غلام رسول عمرانی

ان نے کہا کہ پاکستانی قوم بہادر ہے اور دہشتگردی کے خلاف پوری قوم اور سیکیورٹی فورسز ایک پیج پر ہیں۔ بیرسٹر عمرانی نے کہا کہ ایسے واقعات ہمارے حوصلے پست نہیں کر سکتے بلکہ ہمیں مزید متحد اور پرعزم بناتے ہیں۔ انہوں نے پاک فوج اور سیکیورٹی فورسز کی بروقت کارروائی کو سراہتے ہوئے شہدا کے لواحقین سے دلی تعزیت اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کی۔

بقیہ 44 — مولانا عبدالقادر لونی

عبدالستار شاہ چشتی نائب امیر مولانا عزیز احمد شاہ امروٹی نے کہا کہ جمہوریت کی دعویدار جماعتوں نے اقتدار کی خاطر آئینی حدود کی پامالی میں کوئی کسر نہیں چھوڑی۔ جمہوریت کی دعویدار آمرانہ اور غیر جمہوری سوچ کی بیج بوئی جا رہی ہے حکومت نے اسٹیبلشمنٹ کی اشاروں پر آئین کو پاؤں تلے روندا گیا۔ طاقت اور دباؤ سے آزادی رائے کا گلا گھونٹا گیا انہوں نے کہا کہ ملک کو آئینی بحران کی کیفیت سے نکلنے کے لیے تمام سیاسی جماعتیں، میڈیا اور عدلیہ یک آواز ہو کر اسٹیبلشمنٹ کی مداخلت کا راستہ روکے۔ جمہوریت کی لبادے میں عملاً مارشل لا نافذ ہے 27 ویں ترمیم سے ملک میں آئین کی روح کو مسخ کر دیا گیا حکومت صرف اسٹیبلشمنٹ کا ایک مہرہ ہے انہوں نے کہا کہ 27 ویں ترمیم سے ملک میں بھیانک نتائج سامنے آئیں گے

بقیہ 45 — سینیٹر محمد عبدالقادر

کے دیگر مسائل کے حل تلاش کریں۔ اس کانفرنس کا مقصد مختلف ممالک کی پارلیمانوں کے مابین رابطے کو فروغ دینا، مشترکہ چیلنجز بالخصوص دہشت گردی، انتہا پسندی اور عالمی سلامتی پر مؤثر مکالمہ قائم کرنا ہے۔ ایسے فورمز عالمی برادری کے لیے تجربات اور حکمت عملیوں کے تبادلے کا ذریعہ بن سکتے ہیں۔ پارلیمان عوامی امنگوں کی ترجمان ہوتی ہیں اس لیے امن واستحکام کے حصول کے لیے پارلیمانی کردار انتہائی اہم ہے پاکستان نے دہشت گردی کے خلاف بے مثال قربانیاں دی ہیں، تمام ممالک پاکستان کی ان قربانیوں کو تسلیم کرتے ہوئے دہشت گردوں کے خاتمے کیلئے پاکستان کے ہاتھ بھی مضبوط کریں۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے اس امر پر زور دیا ہے

بقیہ 46 — چیف سیکرٹری

توکنڈی میں 7 سکولوں میں 441 سے زائد طلباء زیر تعلیم ہیں، جس سے تعلیمی معیار کو مزید بہتر بنایا جا سکے گا۔ آر ڈی ایم نے توکنڈی اور ضلع چاغی میں صحت کی سہولیات فراہم کرنا شروع کی ہیں۔ توکنڈی میں کمیونٹی ہیلتھ سینٹر اور موبائل ہیلتھ یونٹ اور این-40 پر میڈیکل ایمرجنسی ریسپانس سنٹر بھی قائم کئے جائیں گے یہ مراکز صحت کی خدمات کی رسائی کو بہتر بنانے اور اموات کی شرح کم کرنے میں مددگار ثابت ہو رہے ہیں۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ آر ڈی ایم سکل ڈیولپمنٹ سنٹر توکنڈی سے 489 طلباء فارغ ہو چکے ہیں جبکہ 101 طلباء کی تعیناتی عمل میں لائی گئی ہے۔ اس کا مقصد مقامی نوجوانوں کی صلاحیتوں کو مضبوط کر کے خطے میں روزگار کے مواقع پیدا کرنا اور پائیدار اقتصادی ترقی کو یقینی بنانا ہے۔ یہ اقدامات توکنڈی میں تعلیم، صحت اور معیشت کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے اہم کردار ادا کر رہے ہیں اور مقامی کمیونٹی کی زندگی کے معیار کو بہتر بنا رہے ہیں۔ اجلاس سے اظہار خیال کرتے ہوئے چیف سیکرٹری نے کہا کہ صوبے کے تمام اضلاع میں طبی، تعلیمی اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لئے حکومت ترجیحی بنیادوں پر کام کر رہی ہے، توکنڈی سمیت چاغی کے تمام دور دراز علاقوں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کیلئے حکومت کوشاں ہے

بقیہ 47 — پی سی ایپ

سکیمات، عوامی مسائل کے حل میں نچلے سطح پر پہنچ چکی ہے۔ صوبے میں پرسنٹیج 52 فیصد تک پہنچ ہے، اس کے علاوہ 25 فیصد دیگر پرسنٹیج اور ٹیکسز کی مد میں لیے جا رہے ہیں یعنی 77 فیصد پرسنٹیج کرپشن کمیشن کے نام پر لیا جا رہا ہے اور 23 فیصد سکیم کے لیے رکھے جا رہے ہیں تو اس منصوبے کا معیار اور تکمیل کا اندازہ عوام بخوبی لگا سکتی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ یہ نام نہاد اور گھوسٹ سکیمات کے ذریعے سرکاری مال و متاع پر ہاتھ صاف کیا جا رہا ہے، عوام کے ٹیکسز کے پیسوں کو پاکٹ منی، بنک بیلنس اور جائیدادوں کو بنانے پر خرچ کیا جا رہا ہے اور پی سی ون بنا کر رقم ریلیز کروی جاتی ہے لیکن بر سرزمین کسی بھی منصوبے کی تکمیل نظر نہیں آتی۔

بقیہ 48 — فاروق ستار

فاروق ستار نے وزیراعظم، وزیر قانون اور فیلڈ مارشل سے مطالبہ کیا کہ خدارا سارے اختیارات لے لیں، 130 شہروں میں حکمرانی دے دیں۔ فاروق ستار نے کہا کہ کوئی بھی آئینی ترمیم کے پیچھے وقت اور حالات کے تقاضے ہوتے ہیں، عوام کی فلاح پر کبھی توجہ نہیں رہی، آمرانہ ادوار میں بلدیاتی نظام آتا تھا، جہاں سیاسی جماعتیں بھی اپنا حصہ لینے کے لیے آگے آتی رہی ہیں، دو تہائی حکومت کے پاس ہے تو 27 ویں ترمیم کی منظوری کے بعد بھی ذمہ داری آتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے دفاعی، خارجی شعبوں میں صلاحیت کا مظاہرہ کیا، اب پاکستان کو معاشی طور پر مستحکم ہونا ہے، دنیا کے ساتھ قدم سے قدم ملا کر چلنا ہوگا۔

بقیہ 49 — پر اظہار افسوس

کے تمام واقعات کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہیں۔ یو این ترجمان نے بتایا کہ انتونیو گوتریس نے دہشت گردی کے مرتکب افراد کو انصاف کے کٹہرے میں لانے اور تحقیقات کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ 50 — استقبال کیا

پر لیگی رہنماؤں نے پارلیمنٹ پہنچنے پر نواز شریف کا ڈیسک بجا کر شاندار استقبال کیا۔ نواز شریف نے ایوان میں ارکان اسمبلی سے ہاتھ ملایا جبکہ بلاول بھٹو زرداری نے نواز شریف کی نشست پر جا کر ان سے مصافحہ کیا۔

بقیہ 51 — سابق چیف جسٹس

یا ان کی منتقلی کا باعث بنیں یا ان اختیارات کو کسی دوسرے ادارے یا عدالت کو منتقل کرنے کی کوشش کریں۔ درخواست میں مزید کہا گیا ہے کہ 27 ویں ترمیم کی وہ شقیں بھی ختم کی جائیں جو ہائی کورٹ کے ججز کے تبادلے سے متعلق ہیں، اور اس حوالے سے حتمی فیصلے تک فوری طور پر حکم امتناع جاری کیا جائے۔ سابق چیف جسٹس جواد ایس خواجہ نے موقف اختیار کیا کہ انہوں نے یہ درخواست اس لیے دائر کی ہے تاکہ سپریم کورٹ کو بچایا جا سکے، جو ان کے مطابق آئینی عدالت کے طور پر اپنے خاتمے کے دہانے پر ہے۔ درخواست میں مزید کہا گیا کہ جب تک اس کیس کی سماعت نہ ہوگی ترمیم ممکن نہیں

بقیہ 52 — اے پی سی

۔ اس سلسلے میں آل پارٹیز کانفرنس کے قائدین گورنر بلوچستان، وزیراعلیٰ بلوچستان، چیف سیکرٹری، الیکشن کمشنر سے ملاقاتیں کر کے بلدیاتی الیکشن اور کوئٹہ کی بنیادی مسائل سے آگاہ کریں گے۔ آل پارٹیز کانفرنس کے شرکاء نے کہا کہ ضلع کوئٹہ کے بلدیاتی انتخابات کے صورتحال گیس بجلی کی بدترین لوڈ شیڈنگ پینے کے صاف پانی کی قلت، امن و امان کی مجموعی صورتحال و دیگر عوامی و سماجی مسائل پر غور و خوض کے لیے تمام سیاسی جماعتوں کا آل پارٹیز کانفرنس ضلعی امیر مولانا عبدالرحمن رفیق کے زیر صدارت ضلعی دفتر انگل روڈ کوئٹہ میں منعقد ہوا اجلاس میں جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس مولانا خورشید احمد بلوچستان نیشنل پارٹی کے صوبائی ڈپٹی ضلعی صدر و مرکزی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی ممبر غلام نبی مری پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی ڈپٹی سیکرٹری عبدالرزاق بڑیچ، نادر خان سنگر، عوامی نیشنل پارٹی کوئٹہ کے صدر ثناء اللہ خان کاکڑ، حمزہ خان کاکڑ، اخلاق باتزئی، نیشنل پارٹی کے ملک نصیر شاہوانی، سعد دہوار، پاکستان پیپلز پارٹی ضلع کوئٹہ کے صدر امیر نصیب اللہ شاہوانی، میر ولی محمد قلندرانی، محمد اسماعیل ہنگورئی، میر جہان زیب، مرکزی جمعیت اہل حدیث کے صوبائی نائب امیر مولانا عصمت اللہ سالم، مولانا حزب اللہ عثمانی، پاکستان مسلم لیگ ن کے حیدر خان اچکزئی، جماعت اسلامی کے نائب امیر عبدالاحد منصوری، جنرل سیکرٹری اعجاز مجیب، کنزیومر سوسائٹی بلوچستان کے خیر محمد شاہین مرکزی مسلم لیگ کے صوبائی صدر محمد ادریس مغل اور حافظ خلیل اللہ نے شرکت کی اجلاس آل پارٹیز کانفرنس نے بلدیاتی انتخابات اور کوئٹہ کے دیگر بنیادی مسائل کی حل کے لیے آل پارٹیز کا مشترکہ کمیٹی بھی بنانے پر اتفاق کیا جو کوئٹہ شہری مسائل کی حل کے لیے مشترکہ جدوجہد کرے گی اور بہت جلد سیاسی جماعتوں کی مشاورت سے دوسرا اجلاس کسی اور جماعت کے دفتر میں منعقد کرے گی

بقیہ 53 — رحمت اللہ درانی

ت کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ان کے ہمراہ ڈپٹی کمشنر ان لینڈ ریونیو کوئٹہ محمد علی بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران قبل ازیں کمشنر انکم ٹیکس رحمت اللہ درانی و دیگر کا چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کوئٹہ بلوچستان پہنچنے پر چیمبر کے صدر حاجی محمد ایوب مریانی و دیگر نے ان کا استقبال کیا ملاقات کے دوران چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کوئٹہ بلوچستان کے عہدیداران و ممبران نے کمشنر انکم ٹیکس کی توجہ 40/B، 37/A اور پوائنٹ آف سیل سے متعلق بزنس کمیونٹی کے تحفظات بارے مبذول کرائی اور کہا کہ ان کی کوشش ہے

بقیہ 54 — گورنر ایس بی پی

کے اس پلیٹ فارم کا اہتمام کرنے پر سسٹین ایبل مینجمنٹ کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ عالمی مالی منظرنامہ غیر معمولی تبدیلیوں سے گزر رہا ہے، جس میں مصنوعی ذہانت میں ہونے والی زبردست پیش رفت، بگ ڈیٹا اینالیٹکس، فائنٹیک اور ڈیجیٹل ٹیکنالوجیاں اپنا اپنا کردار ادا کر رہی ہیں۔ ان اختراعات نے مالی اداروں کے ساتھ صارفین کے تعلق کی نئی جہت عطا کی ہے اور معیشت کے ہر شعبے میں خدمات کی فراہمی کا انداز بدل چکا ہے۔ گورنر اسٹیٹ بینک نے کہا کہ ڈیجیٹل مستقبل اب محض تخیل نہیں رہا، بلکہ حقیقت کا روپ دھار چکا ہے۔ خود کو زمانے کے ساتھ ہم آہنگ رکھنے کے لیے ضروری ہے کہ مالی ادارے تیزی سے ترقی کریں، عالمی معیارات اختیار کریں اور ایسی جدت طرازی کو اپنائیں جو شمولیت، کارکردگی اور صارف کے اعتماد میں اضافے کا باعث بنے۔ انہوں نے کہا کہ اسٹیٹ بینک ملک کے ڈیجیٹل فنانشل انفراسٹرکچر کو مضبوط بنانے اور جدت طرازی کے لیے سازگار ماحول تخلیق کرنے کی خاطر مختلف اقدامات کی قیادت کر رہا ہے۔ گورنر جمیل احمد نے مزید کہا کہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کو مالی خدمات کے دیگر ضابطہ کاروں کے ساتھ ارتقا پانا چاہیے تاکہ تیزی سے بدلتے ہوئے منظرنامے کے تقاضوں کو پورا کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ گذشتہ چند برسوں کے دوران اسٹیٹ بینک نے پورے مالی شعبے میں ٹیکنالوجی اپنانے کی ترغیب کے لیے متعدد اقدامات کیے ہیں

بقیہ 55 — گرفتار کرلیا گیا

لاکھ 92 ہزار روپے ڈکیتی شدہ برآمد کر لیے پولیس تھانہ کے ایس ایچ او عمر اعوان نے اپنی تین ماہ کی کارکردگی کی رپورٹ بتاتے ہوئے کہا کہ پولیس تھانہ منگلی نے اپنے شہریوں کو تحفظ اور پرامن ماحول فراہم کرنے کے لیے پولیس نے تمام تر وسائل بروئے کار لاتے ہوئے سنگین نوعیت کے جرائم، ڈکیتی، قتل، اقدام قتل اور اغوا جیسے سنگین مقدمات میں مطلوب 75 ملزمان کو کامیاب کارروائیوں کے بعد گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں کھڑا کیا اور تمام کو چالان عدالت کردیا گیا ہے جبکہ پولیس نے ڈکیتی شدہ مال کی برآمدگی میں بھی نمایاں کارکردگی دکھائی جس کے تحت تین عدد ڈکیتی شدہ موٹر سائیکل، ایک ڈکیتی شدہ رکشہ، اور مختلف کیسوں میں لوٹی گئی دو لاکھ 92 ہزار روپے کی خطیر نقدی برآمد کرلی گئی اس کے علاوہ 6 عدد مزید موٹر سائیکلوں کو قبضے میں لے کر ان کا ریکارڈ بھی چیک کیا جا رہا ہے کارروائیوں میں پانچ عدد ٹی ٹی پسٹل اور ایک عدد نائن ایم ایم پسٹل بھی مجرموں کے قبضے سے برآمد کیے محمد عمر اعوان نے کہا کہ پولیس تھانہ منگلی نے اسمگلروں سے بھاری مقدار میں ممنوعہ سامان ضبط کیا

بقیہ 56 — نوٹس لے لیا

نوٹس لیا ہے جو اس بات کی توثیق کرتا ہے کہ عدالت مرحلہ وار ان کارروائیوں کو جاری رکھے گی اور سندھ طاس معاہدہ کے آرٹیکل IX اور اس کے ساتھ منسلک دستاویز ایف کے تحت غیر جانبدار ماہر کے سامنے ہونے والی کارروائی کو مدنظر رکھے گی۔ ترجمان نے کہا کہ غیر جانبدار ماہرین کی کارروائی بھارت کی درخواست پر شروع کی گئی تھی جس کا اگلا مرحلہ ویانا میں شیڈول کے تحت 17 سے 21 نومبر تک ہونا ہے، تاہم بھارت نے اپنی شرکت روکنے کا فیصلہ کیا ہے۔ پاکستان نے نیک نیتی کے ساتھ غیر جانبدار ماہرین کی کارروائی میں مکمل طور پر شرکت جاری رکھی ہوئی ہے۔ اس حوالے سے نیوٹرل ایکسپرٹ نے فیصلہ دیا ہے کہ بھارت کی عدم شرکت آگے بڑھنے والی کارروائی میں رکاوٹ نہیں بن سکتی۔

بقیہ 57 — ڈائریکٹوریٹ فعال

جائزہ لے کر انہیں مزید سخت بنایا جائے تاکہ خواتین ایک محفوظ اور باعزت ماحول میں اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں ادا کرسکیں انہوں نے واضح کیا کہ کسی بھی ہراسگی کیس میں اگر فریقین کے درمیان راضی نامہ ہو جائے تب بھی سرکار کی مدعیت میں مقدمہ کی پیروی جاری رکھی جائے تاکہ ہراسگی میں ملوث عناصر کو قانون کے مطابق قرار واقعی سزا دی جا سکے اور ایسے بھیڑیے دوسروں کے لیے نشان عبرت بن سکیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ خواتین کے خلاف ہراسگی ایک سنگین معاشرتی مسئلہ ہے جس کے خاتمے کے لیے صرف قوانین نہیں بلکہ سماجی شعور اور اجتماعی عزم کی بھی ضرورت ہے انہوں نے ہدایت دی کہ ایسے کیسز رپورٹ کرنے والی خواتین کی بھرپور حوصلہ افزائی کی جائے

بقیہ 58 — رحمت صالح بلوچ

بلوچستان میں سیاسی شعور کو نئی جہت دی۔ انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر یاسین بلوچ نے اپنی زندگی کا ہر لمحہ عوامی خدمت، جمہوریت کے استحکام اور ساحل و وسائل کے دفاع کے لیے وقف کیا۔ وہ ایک ایسے کمٹڈ سیاسی رہنما تھے جنہوں نے نظریاتی سیاست کی بنیاد مضبوط کی اور سیاسی کارکنوں کی ایسی قیادت تیار کی جو آج بھی ہر طرح کے خوف اور سمجھوتے سے بالاتر ہو کر عوامی حقوق، جمہوریت اور صوبے کے وسائل کے تحفظ کی جدوجہد جاری رکھے ہوئے ہے۔ میر رحمت صالح بلوچ نے کہا کہ 12 نومبر 2015 کو ایک افسوسناک حادثے نے بلوچستان کی سیاسی دنیا کو ایک بااصول اور باکردار رہنما سے محروم کردیا۔ ان کی کمی تو کبھی پوری نہیں ہوسکتی لیکن ان کے نظریات، جدوجہد اور عوامی وابستگی ہمیشہ کے لیے مشعل راہ کی حیثیت رکھتی ہے۔

بقیہ 59 — نوابزادہ جمال رئیسانی

ہ طلبا اور اساتذہ میں سے کسی کو بھی جانی یا جسمانی نقصان نہیں پہنچا، یہ قوم کے لیے باعث فخر ہے۔ فتنہ الخوارج کے بزدل دہشت گردوں نے آرمی پبلک اسکول پشاور جیسی بزدلانہ حرکت کی کوشش کی، مگر ہمارے جوانوں نے ثابت قدمی سے ان کے مذموم عزائم کو ملیامیٹ کر دیا۔

بقیہ 60 — فیصل خان جمالی

کے معتبرین سے ملاقات کے دوران کیا۔ احسان علی جمالی غلام علی رند اعجاز احمد جتوئی جان محمد پندرانی سینئر صحافی عبدالستار ترین سرور جمالی اکبر جمالی مومن جمالی نے ملاقات کی۔ اس موقع پر صوبائی وزیر میر فیصل خان جمالی نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کا منشور ہے عوام کی خدمت کرنا میں نیک نیتی سے عوام کی بے لوث خدمت کر رہا ہوں اور کرتا رہوں گا مخالفین بوکھلاہٹ کے شکار ہو گئے ہیں دو سالہ کارکردگی نے انہیں پریشان کر رکھا ہے

بقیہ 61 — 33 ملزمان گرفتار

ہوئے تھانہ انڈسٹریل کے عملے نے نامزد ملزمان نذیر محمد، عبدالرزاق، حکمت اللہ، سنجر اور نذر محمد سے ایک زرنج گرفتار کیا۔ جبکہ اشتہاری ملزمان عدنان اور شاہ زیب کو گرفتار کرلیا۔ اسی طرح نذیر احمد سے 40 لیٹر اور حبیب اللہ سے 120 لیٹر ایرانی پیٹرول بھی برآمد کرلیا جبکہ رفیق سے ایک پسٹل بمعہ راؤنڈ برآمد کئے۔ گوالمنڈی پولیس نے 4 مفرور ملزمان امان اللہ، عبدالرؤف، عبدالمنان، محمد عمران کو گرفتار کرلیا۔ انڈسٹریل پولیس نے موٹر سائیکل سنیچر کو فائرنگ کے تبادلے کے بعد ضیاء الرحمن کو زخمی حالت میں گرفتار کر کے مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کرلی۔ جبکہ مفرور ملزم ذیشان، یعقوب اور عیوض کو گرفتار کرلیا۔ 20 موٹر سائیکلوں سے غیر نمونہ پلیٹیں اتاریں۔ تھانہ نیو کلاک کے عملے نے نامزد ملزم ضیاء، اشتہاری شاہ فہد، مفرور ملزمان، شاہ زیب، احمد اللہ کو جبکہ 3 افغان باشندوں کو گرفتار کرلیا۔ اور 10 موٹر سائیکلوں سے غیر نمونہ نمبر پلیٹیں اتار لیں۔ نیو سریاب پولیس نے شادی خان، عبدالخالق کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے چھینے گئے

بقیہ 62 — کے پی امن جرگہ

سلامی پیش کی۔ میاں افتخار، سراج الحق، آفتاب شیرپاؤ اور سینیٹر مولانا عطاء الرحمان کو بھی گارڈ آف آنر پیش کیا گیا۔ جرگے کے وزیر اعلیٰ خیبرپختونخوا سہیل آفریدی سمیت سیاسی قائدین نے خطاب کیا۔ اسپیکر خیبرپختونخوا اسمبلی نے امن جرگہ کا اعلامیہ پڑھا اور کہا کہ امن سے متعلق آج تمام پارٹیاں یک آواز ہیں، تجاویز پر رات کو بھی بیٹھے تھے اور آج بھی لائحہ عمل تیار کیا، آپ سب نے ہمارے دست و بازو مضبوط کیے

بقیہ 63 — مولانا ہدایت الرحمن

شرکت کی۔ ایم پی اے گوادر مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے تقریب سے خطاب میں قیام پاکستان میں علامہ اقبال کے کردار کی تعریف و تشریح کرتے ہوئے کہا کہ نوجوان تعلیم پر توجہ دیکر اقبال کے شاہین بنے اپنے علاقے کی خدمت بہترین معیاری تعلیم کے ذریعے کریں۔ جہالت، غربت، بے راہ روی کا علاج تعلیم اور صرف تعلیم ہے گوادر میں تعلیمی سرگرمیوں کی بحالی ہمارا اولین مشن ہے اور گوادر میں تعلیمی رینکنگ کو برقرار رکھنا اور دیگر صوبوں کے برابر لانے کے لئے بھرپور کوشش کی جائے گی بلوچستان کے طلباء بہترین تعلیم حاصل کرسکتے ہیں ضرورت اس امر کی ہے کہ طلباء کی رہنمائی، اساتذہ و تعلیمی اداروں کو سہولیات و آسانیاں فراہم کی جائے

بقیہ 64 — خالد مقبول

صوبائی خودمختاری کی اہمیت کو تسلیم کرتے ہوئے اس بات پر زور دیا کہ اس سے کہیں زیادہ اہم عوام کو خودمختاری ہے، جسے یقینی بنانا ریاست کا اولین ذمہ داری ہے۔ انہوں نے 18 ویں ترمیم پر سخت تنقید کرتے ہوئے کہا کہ اس ترمیم کے تحت بلاشبہ اختیارات کی نچلی سطح پر منتقلی تھا مگر عملی طور پر یہ طاقت کے ارتکاز کا سبب بن گئی ہے، جس نے ملک کے وفاقی ڈھانچے کو کمزور کیا ہے۔

بقیہ 65 — وفد کی ملاقاتیں

امن، سلامتی اور پائیدار ترقی کے لیے پارلیمانوں کو مشترکہ کوششیں کرنا ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ بین الپارلیمانی تعاون نہ صرف اقوام کے درمیان باہمی اعتماد کو فروغ دیتا ہے بلکہ عالمی چیلنجز کے حل میں بھی اہم کردار ادا کرتا ہے۔ روسی اور بارباڈوس کے پارلیمانی رہنماؤں نے چیئرمین سینیٹ کو بین الپارلیمانی اسپیکرز کانفرنس کے کامیاب انعقاد پر مبارکباد پیش کی اور اس تاریخی ایونٹ کے شاندار انتظامات پر سینیٹ سیکریٹریٹ کی کاوشوں کو سراہا۔

بقیہ 66 — رانا مشہود احمد

پاکستان نے ایک بار پھر ثابت کر دیا کہ وہ ہر خطرے کے سامنے ڈٹ کر کھڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پاکستان کی جانب سے اور وزیراعظم محمد شہباز شریف کی قیادت میں، میں افواج پاکستان کے ساتھ قانون نافذ کرنے والے اداروں اور مقامی انتظامیہ کو بھی خراج تحسین پیش کرتا ہوں، حکومت پاکستان متاثرہ خاندانوں کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ایک مضبوط اور باہمت قوم ہے، امن، ترقی اور اتحاد کے لئے ہمارا عزم پہلے سے زیادہ مضبوط ہے، پاکستان زندہ باد، افواج پاکستان پائندہ باد!۔

بقیہ 67 — شزا فاطمہ

آئی ٹی ویلی کا کام شزا فاطمہ نے اے آئی کی افادیت اور اس سے متعلق چیلنجز پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ دنیا بھر میں تنازعات کی نوعیت بدل رہی ہے اور اب جنگوں میں ہتھیاروں کی بجائے ٹیکنالوجی کا استعمال اہمیت اختیار کر گیا ہے۔ شزا فاطمہ نے کہا کہ آرٹیفیشل انٹیلیجنس آج سیکیورٹی، ڈیفنس، تعلیم، صحت، فنانس، اور تجارت سمیت ہر شعبے میں اپنی جڑیں مضبوط کر رہی ہے۔

بقیہ 68 — جنید اکبر

والے واقعات کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے، ان واقعات کے پیچھے کس کا ہاتھ ہے، جنید اکبر کا مزید کہنا تھا کہ افغانستان نے کبھی پاکستان کو وجود کو تسلیم نہیں کیا۔ دوسری جانب خیبرپختونخوا اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر ڈاکٹر عباد اللہ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہم امن کیلئے اکٹھے ہیں، امن کے لیے ہزار اختلاف بھلا کر پی ٹی آئی کے ساتھ بیٹھے ہیں، دہشتگردی کا مسئلہ سب سے پہلے نمبر پر ہے۔ اپوزیشن لیڈر کا کہنا تھا کہ وفاق اور صوبے کا رابطہ نہیں رہا، دہشتگردوں سے کوئی بات چیت نہیں ہونی چاہیے، جن لوگوں نے ہمارے بچوں کے سر کاٹے ہیں ان کو کوئی معافی نہیں۔

بقیہ 69 — سردی میں اضافہ

دوسری جانب 14 اگست کو نالہ جاگراں میں ہونے والے کلاؤڈ برسٹ سے متاثرہ علاقوں کی بحالی کا کام تاحال مکمل نہیں ہوسکا، سیاحتی مقام کنڈل شاہی واٹر فال اور کٹن جاگراں سمیت 25 ہزار سے زائد آبادی کو ملانے والے رابطہ پل اور سڑکیں تاحال بحال نہ ہو سکے جس کے باعث مقامی لوگوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔

بقیہ 70 — 15 فیصد مہنگی

ایسوسی ایشن کے بیان میں وضاحت کی گئی کہ 32 فیصد کا اضافہ ڈرگ ڈی ریگولیشن کے بعد سے نہیں بلکہ گزشتہ دو سالوں میں ہونے والے مجموعی اضافے کو ظاہر کرتا ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ 15 فیصد کے حقیقی اضافے میں تقریباً 2.5 فیصد پیداواری یونٹس کی توسیع اور نئی مصنوعات کی تعارفی قیمت شامل ہے، جس کا مطلب ہے کہ موجودہ ادویات پر اصل اثر تقریباً 13.5 فیصد کے قریب ہے۔ پاکستان فارماسیوٹیکل مینوفیکچررز ایسوسی ایشن نے عالمی سطح پر ادویات کی فروخت اور قیمتوں کے حوالے سے سب سے معتبر ذریعہ آئی کیو وی آئی اے کی تازہ ترین رپورٹ کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ گزشتہ 12 مہینوں کے دوران مجموعی قیمتوں میں اضافہ صرف 16 فیصد رہا۔

بقیہ 71 — وفد کی ملاقات

منصوبوں کی مؤثر حکمت عملی اور پائیدار ترقی کے اہداف پر تفصیلی گفتگو ہوئی۔ بدھ کو وزارت موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی ہم آہنگی کی جانب سے جاری بیان کے مطابق ملاقات کے دوران وفاقی وزیر ڈاکٹر مصدق ملک نے اس بات پر زور دیا کہ ترقیاتی منصوبوں کی کامیابی کے لئے جامع حکمت عملی ناگزیر ہے تاکہ پاکستان کو درپیش حقیقی مسائل کی درست نشاندہی ہو اور منصوبے انہی ترجیحات کی بنیاد پر تشکیل پائیں۔ انہوں نے کہا کہ زیادہ بجٹ اور کم مہارت والے منصوبے دیرپا نتائج نہیں دیتے اس لیے ضروری ہے کہ منصوبے لاگت کے لحاظ سے مؤثر، وسعت پذیر اور عوامی فلاح پر مرکوز ہوں۔ وفاقی وزیر نے توجہ دلائی کہ ترقیاتی فنڈز کا اصل مقاصد سے ہٹ جانا، خصوصاً شعبہ تعلیم، آبادی، خواتین کی ترقی اور صحت، ادارہ جاتی کمزوریوں کا باعث بنتا ہے اور قومی اہداف کے حصول میں رکاوٹ بنتا ہے۔

بقیہ 72 — پیاف

سے چھٹکارا پائے بغیر پاکستان اپنے پاؤں پر کھڑا نہیں ہوسکتا، رپورٹس کے مطابق پاکستان نے مختلف آئی ایم ایف پروگرامز کے تحت 2.69 ارب ڈالر کے مساوی سود کی مد میں ادا کیے ہیں جس میں 2008 سے جون 2025 تک 401.24 ملین ایس ڈی آر کے اضافی چارجز بھی شامل ہیں جو قرض اتارنے کی ابتدا کرنے کیلئے سب سے پہلے وفاقی اور صوبائی حکومتیں اپنے اخراجات میں 60 فیصد کٹوتی کا اعلان کریں۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ حالیہ جو رپورٹ سامنے آئی ہے اس کے مطابق حکومت نے 2009 تا 2015 کے دوران 257.5 ملین ایس ڈی آر سود کی مد میں ادا کیے، ایمرجنسی نیچرل ڈیزاسٹر اسسٹنس 2010 کے تحت 2010 تا 2015 کے دوران 14.5 ملین ایس ڈی آر مارک اپ ادا کیے گئے جبکہ ایکسٹینڈڈ فنڈ فیسلٹی کے تحت 2013 تا 2025 کے دوران حکومت نے 543.6 ملین ایس ڈی آر ادا کیے۔ اس کے علاوہ حکومت نے 2019 تا 2025 کے دوران ایکسٹینڈڈ فیسلٹی 2019 کے تحت 411.4 ملین ایس ڈی آر سود ادا کیے۔ ریپڈ فنانسنگ انسٹرومنٹ لون 2020 کے تحت 2020 تا 2025 کے دوران حکومت نے 110.1 ملین ایس ڈی آر سود برداشت کیا جبکہ اسٹینڈ بائی ارینجمنٹ 2023 کے تحت 2023 تا 2025 کے دوران 142.23 ملین ایس ڈی آر سود ادا کیے گئے، ای ایف ایف 2024 کے تحت حکومت نے 2024 تا 2025 کے دوران 17.6 ملین ایس ڈی آر سود ادا کیا۔ حکومت نے سب سے زیادہ سود کی رقم 2025 کے کیلنڈر سال میں 376 ملین ایس ڈی آر ادا کی، 2023 میں یہ رقم 325.79 ملین ایس ڈی آر اور 2022 میں 142.6 ملین ایس ڈی آر رہی۔ انہوں نے کہا کہ غیر ملکی قرضوں کا اژدھا قومی دولت کو نگل رہا ہے اس لئے پالیسی سازوں سے درخواست ہے کہ چھٹکارا حاصل کرنے کیلئے پارلیمنٹ کی سطح پر پالیسی بنائی جائے۔

کوئٹہ میں صوبائی محتسب برائے انسداد ہراسگی کا ڈائریکٹوریٹ فعال

قوانین کا از سر نو جائزہ لے کر انہیں مزید سخت بنایا جائے تاکہ خواتین باعزت ماحول میں اپنی ذمہ داریاں ادا کر سکیں

خواتین کو ہراسگی سے بچانے کے لیے موثر اور سخت قوانین ناگزیر ہیں،، وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی کی متعلقہ حکام کو ہدایت

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بدھ کے روز صوبائی محتسب برائے انسداد ہراسگی کے نئے ڈائریکٹوریٹ کا افتتاح کیا افتتاحی تقریب میں سیکرٹری ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ سائرہ عطا نے ڈائریکٹوریٹ کی کارکردگی اور خواتین کے تحفظ سے متعلق جاری اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی اس موقع پر وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ کام کے مقامات پر خواتین کو ہراسگی سے بچانے کے لیے موثر اور سخت قوانین ناگزیر ہیں انہوں نے ہدایت کی کہ ہراسگی کے خلاف رائج الوقت قوانین کا از سر نو .... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر جعفر خان مندوخیل سے حیدر خان اچکزئی کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہے ہیں

2 دسمبر کی ضلعی کانفرنس خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی کے نام سے موسوم ہوگی

پشتون قومی تحریک کیلئے عظیم رہنما کی تاریخی خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا جائے گا، محمد عیسیٰ روشان

پشین (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے مرکزی سیکریٹری اطلاعات محمد عیسیٰ روشان، صوبائی سیکریٹری اول فقیر خوشحال کاسی، صوبائی ڈپٹی سیکریٹریز ندا سنگر، پروفیسر اسد ترین، رحمت صابر، ملک باز پشتون، احسان آغا، محمود ریاض اور ضلع سینئر معاون سیکریٹری نصیب اللہ غلیوال، ڈاکٹر حیات، انور وحدت، پیر شمس اللہ، ستار ارمان، پیر محمد اللہ، سردار فیصل خان ترین، رفیع اللہ آغا، جلیل باچا، حاجی خان اچکزئی، بخت محمد اچکزئی اور عظیم تاران نے پشتو .... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

پنجگور: کالج کے تعمیراتی منصوبے میں مبینہ کرپشن کا انکشاف

اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ کی جانب سے ایف آئی آر درج، دو ایکسین نامزد، ٹھیکیدار گرفتار

کوئٹہ (آن لائن) ڈائریکٹر جنرل محکمہ انسداد بد عنوانی بلوچستان کی خصوصی ہدایت پر محکمہ انسداد بد عنوانی بلوچستان نے مکران ڈویژن میں ایک بڑی کارروائی کرتے ہوئے دشت شہباز گور کو کالج پنجگور کے تعمیراتی منصوبے میں مبینہ کرپشن، فنڈز کی خرد برد اور مالی بے ضابطگیوں کا پردہ چاک کر دیا ہے۔ ڈائریکٹر جنرل محکمہ انسداد بد عنوانی بلوچستان کی منظوری کے بعد محکمہ انسداد بد عنوانی مکران سرکل کی قیادت میں کی جانے والی اس کارروائی کے دوران ٹھو........ بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

ٹرمپ کا شامی صدر کو پرفیوم کا تحفہ، ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل

واشنگٹن (م ڈ) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے پیر کے روز شام کے عبوری صدر احمد الشرع ساتھ وائٹ ہاؤس میں ملاقات کی جس کی ایک ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی۔ ملاقات میں امریکی صدر نے احمد الشرع کو اپنے برینڈ کا پرفیوم پیش کیا۔ ٹرمپ نے پرفیوم کی تعریف کرتے ہوئے کہا یہ دنیا کا بہترین پرفیوم ہے۔ ٹرمپ نے احمد الشرع اور ان کے ساتھ موجود شامی وزیر خارجہ اسعد الشیبانی کو خود پرفیوم لگایا جس کے بعد پرفیوم احمد الشرع کے حوالے کر دیا۔ شامی صدر کو پرفیوم دیتے ہوئے ٹرمپ نے ان سے کہا کہ یہ ایک پرفیوم آپ کے لیے ہے اور ایک آپ کی اہلیہ کے لیے ہے

شہید ڈاکٹر یاسین بلوچ عظیم سیاسی رہنما اور نظریاتی استاد تھے، رحمت صالح بلوچ

انہوں نے اپنے علم، عمل اور عزم و جدوجہد سے بلوچستان میں سیاسی شعور کو نئی جہت عطاء کی

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما اور بلوچستان اسمبلی میں ڈپٹی پارلیمانی لیڈر میر رحمت صالح بلوچ نے شہید ڈاکٹر یاسین بلوچ کی برسی کے موقع پر ان کی قومی، وطنی، سیاسی اور جمہوری خدمات کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہید ڈاکٹر یاسین بلوچ ایک عظیم سیاسی رہنما اور نظریاتی استاد تھے، جنہوں نے اپنے علم، عمل اور عزم سے .... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

کینیڈا کے ساتھ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کا خواہاں ہیں، وزیراعظم

بیرک گولڈ کستان اور کینیڈا کے درمیان اقتصادی تعاون کی کامیابی کی سند ثابت ہوگا

پاکستان میں معدنیات کے شعبے میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں، کینیڈین ہائی کمشنر سے گفتگو

اسلام آباد (شاکر رحمان) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان کینیڈا کے ساتھ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کا خواہاں ہے، پاکستان میں کان کنی اور معدنیات کے شعبے میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں، بیرک گولڈ پاکستان کے کان کنی کے شعبے میں ترقی کی راہ ہموار کرنے کے ساتھ ساتھ پاکستان اور کینیڈا کے درمیان .... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

اوپن مارکیٹ میں ڈالر کی قدر مزید کم

کراچی (بیورو رپورٹ) انٹربینک مارکیٹ میں ڈالر کی قدر بغیر کسی تبدیلی کے مستحکم رہی جبکہ اوپن مارکیٹ میں ڈالر کی قدر تنزلی کا شکار رہی۔ خام تیل کی عالمی قیمتوں میں دوبارہ اضافے کے رجحان سے ملکی درآمدی بل بڑھنے کے خدشات اور غیرملکی کمپنیوں کی جانب سے زرمبادلہ کی صورت میں اپنے منافع کی ترسیلات کی طلب بڑھنے سے انٹربینک مارکیٹ میں بدھ کو ڈالر کی قدر اتار چڑھاؤ کے بعد بغیر کسی تبدیلی کے مستحکم رہی۔ معیشت، ریونیو اور ادارہ جاتی اصلاحات، آئی ایم ایف سے قرض پروگرام کی اگلی قسط سمیت کلائمٹ فنانسنگ منظور ہونے کی توقعات پر انٹربینک مارکیٹ میں کاروبار کے تمام دورانیے میں ڈالر تنزلی سے دوچار رہا اور ایک موقع پر ڈالر کی قدر 21 پیسے کی کمی سے 280 روپے 56 پیسے کی سطح پر بھی آگئی۔

کیڈٹ کالج وانا پر حملے کو بروقت ناکام بنانا لائق تحسین ہے، نوابزادہ جمال رئیسانی

ہمارے بہادر سکیورٹی فورسز کو دل کی گہرائیوں سے خراج تحسین پیش کرتا ہوں، رکن قومی اسمبلی

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے رکن قومی اسمبلی نوابزادہ جمال رئیسانی نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ ہمارے بہادر سکیورٹی فورسز کو دل کی گہرائیوں سے خراج تحسین پیش کرتا ہوں جنہوں نے کیڈٹ کالج وانا پر حملے کی کوشش کو بروقت اور موثر انداز میں ناکام بنایا۔ اس آپریشن کے نتیجے میں ساڑھے پانچ سو سے زا........ بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

نیک نیتی سے عوام کی بے لوث خدمت کر رہا ہوں، فیصل خان جمالی

بلاتفریق ترقیاتی کام کرا رہے ہیں، مخالفین کے پاس پروپیگنڈہ کے علاوہ کچھ نہیں

اوستہ محمد (آن لائن) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا ہے کہ حلقے کے عوام کی خدمت کو فرض سمجھ کر نیک نیتی سے کر رہا ہوں ترقیاتی کام بغیر کسی رنگ نسل کے جاری ہیں مخالفین کے پاس پروپیگنڈہ کے علاوہ کچھ نہیں پانچ سال بعد خود دیکھیں تبدیلی محسوس کریں گے ان خیالات کا اظہار سردار زادہ فیصل خان جمالی نے علاقے .... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

ڈی آئی خان، بس سے 91 کروڑ کی آئس برآمد، کسٹمز عملے پر شرپسندوں کا حملہ

ڈیرہ اسماعیل خان (بیورو رپورٹ) پاکستان کسٹمز نے ڈیرہ اسماعیل خان میں کارروائی کرتے ہوئے بھاری مالیت کی منشیات برآمد کی ہے۔ ایف بی آر کے مطابق ڈیرہ اسماعیل خان میں کی گئی کارروائی میں مسافر بس سے 91 کروڑ روپے مالیت کی 15.2 کلوگرام آئس برآمد کی گئی۔ ایف بی آر کا کہنا ہے کہ منشیات سرکاری گودام میں منتقل کرنے کے دوران کسٹمز کے عملے پر شرپسندوں نے حملہ کیا اور فائرنگ کر دی۔ ایف بی آر نے بتایا ہے کہ کسٹمز کی ٹیم کی بروقت کارروائی سے اہلکار اور ضبط کی گئی منشیات محفوظ رہیں۔

متعلقہ حکام صوبائی وزیر صنعت وحرفت سردار کوہیار خان ڈومکی کو بریفنگ دے رہے ہیں

مجموعی ترقی کیساتھ ماحولیاتی تحفظ بھی حکومتی پالیسیوں کا حصہ ہے، نسیم الرحمن

موجودہ صوبائی حکومت ترقی اور عوامی فلاح کے ساتھ ساتھ ماحول کے تحفظ کو بھی اپنی پالیسیوں کا اہم حصہ بنا چکی ہے، وفود سے گفتگو

صوبے میں تعلیم، صحت، پینے کے صاف پانی کی فراہمی اور بنیادی ڈھانچے کی بہتری کیساتھ ماحول دوست منصوبوں پر عمل جاری ہے

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی مشیر برائے موسمیاتی تبدیلی و ماحولیات نسیم الرحمان خان ملاخیل سے مختلف وفود نے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران وفود نے اپنے اپنے علاقوں میں درپیش مسائل پر تفصیل سے گفتگو کی اور موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے نمٹنے کے لیے صوبائی حکومت کے اقدامات کو سراہتے ہوئے ان پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا صوبائی مشیر نسیم الرحمان خان ملاخیل نے وفود کو بتایا کہ صوبائی حکومت ترقی اور عوامی فلاح کے ساتھ ساتھ ماحول کے تحفظ کو بھی اپنی پالیسیوں کا اہم حصہ بنا چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے .... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی صوبے میں چینی کی رسد اور طلب سے متعلق منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

نوتال: ڈاکوؤں نے ہیڈ کانسٹیبل کو لوٹ لیا

نصیر آباد (نامہ نگار) نصیر آباد کے علاقے پولیس تھانہ نوتال کی حدود قومی شاہراہ پر مسلح ڈاکوؤں نے گن پوائنٹ پر ہیڈ کانسٹیبل سے موٹر سائیکل اور دیگر قیمتی سامان چھین کر فرار ہوگئے پولیس کو اطلاع دی گئی ہے مزید تفتیش پولیس کر رہی ہے تفصیلات کے مطابق نصیر آباد کے علاقے پولیس تھانہ نوتال کی حدود بادی بخش ٹاور کے قریب قومی شاہراہ پر مسلح ڈاکوؤں نے ہیڈ کانسٹیبل نظام بھٹو سے موٹر سائیکل موبائل فون سمیت دیگر سامان چھین کر فرار ہوگئے مزید تفتیش پولیس کر رہی ہے۔

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی اسمنگلی روڈ کی توسیعی منصوبے پر کام کی پیش رفت کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کیڈٹ کالج وانا پر حملہ بزدلانہ اقدام ہے، سردار بابا غلام رسول عمرانی

دہشتگرد انسانیت کے دشمن ہیں، تعلیم پر حملہ قوم پر حملہ ہے، صوبائی مشیر برائے لیبر اینڈ مین پاور

بابا کوٹ (یو این اے) صوبائی مشیر برائے لیبر اینڈ مین پاور بیرسٹر چیف سردار بابا غلام رسول خان عمرانی نے کیڈٹ کالج وانا پر دہشتگردوں کے حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ معصوم طلبہ اور اساتذہ کو نشانہ بنانا انتہائی بزدلانہ اور انسانیت سوز عمل ہے۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم پر حملہ دراصل پوری قوم پر حملہ ہے اور دہشتگرد عناصر قوم کی ترقی کے دشمن ہیں۔ انہو........ بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

اسٹیبلشمنٹ کے اشارے پر آئین کو روندا گیا، مولانا عبدالقادر لونی

جمہوریت کے لبادے میں عملاً مارشل لاء نافذ ہے، آئین کو مسخ کیا گیا، مفتی شفیع الدین

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی قائمقام امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین مرکزی سرپرست اعلیٰ مولانا ڈاکٹر شمس الہدیٰ مرکزی نائب امیر مولانا عبدالروف مرکزی ڈپٹی جنرل سیکرٹری نجم خان ایڈوکیٹ مرکزی جوائنٹ سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی .... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

بین الپارلیمانی کانفرنس کے شرکاء مسائل کا حل تلاش کریں، سینیٹر محمد عبدالقادر

اس کانفرنس کا مقصد مختلف ممالک کی پارلیمانوں کے مابین رابطے اور تعاون کو فروغ دینا ہے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ اسلام آباد میں منعقد ہونے والی بین الپارلیمانی کانفرنس میں دنیا بھر کے مختلف ممالک کے پارلیمانی رہنما، قانون ساز اور شریک ماہرین دہشت گردی سمیت سنگین نوعیت........ بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی میں طالبات کی جانب سے بنائے گئے پروجیکٹس کے اسٹالز میں ایک طالبہ اپنی تصنیف پیش کر رہی ہیں

صوبے بھر میں طبی، تعلیمی اور دیگر سہولیات کی فراہمی کیلئے کام جاری ہے، چیف سیکرٹری

حکومت نوکنڈی سمیت چاغی کے تمام علاقوں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کیلئے کوشاں ہے جن سے غیر معمولی ترقی رونما ہورہی ہے

نوکنڈی میں ریکوڈک اور صوبائی حکومت کے مشترکہ تعاون سے تعلیم وصحت کی سہولیات کی فراہمی اور نوکنڈی ڈویلپمنٹ پلان سے متعلق جائزہ اجلاس

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت نوکنڈی میں ریکوڈک اور صوبائی حکومت کی مشترکہ تعاون سے تعلیم صحت کی سہولیات کی فراہمی اور نوکنڈی ڈویلپمنٹ پلان، پینے کی صاف پانی کی فراہمی اور اقتصادی ترقی کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا جس میں نوکنڈی میں دانش سکول، نیشنل ہائی وے این۔ 40 پر ایمرجنسی سنٹرز کا قیام سمیت دیگر اہم منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ ریکوڈک مائننگ کمپنی نے نوکنڈی اور اس کے قریبی علاقوں میں ابتدائی تعلیم کو فروغ دینے کے لئے کئی اسکول قائم کیے ہیں۔........ بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

چمن: 27 ویں آئینی ترمیم کے حق میں ریلی نکالی گئی

چمن (خ ن) چمن میں عوام کی کثیر تعداد نے 27 ویں آئینی ترمیم کے حق میں ایک پروقار ریلی نکالی گئی ریلی کے شرکاء نے ہاتھوں میں پلے کارڈز اور پوسٹرز اٹھائے تھے جس پر 27 ویں آئینی ترمیم کے حق میں اور موجودہ چیف آف آرمی فیلڈ مارشل عاصم منیر اور موجودہ حکومت کے حق میں اشعار درج تھے اور ریلی موجودہ حکومت اور فیلڈ مارشل زندہ باد کے نعروں سے گونج رہا تھا۔

مسلط حکومت کرپشن میں صوبے کو پہلی پوزیشن پر لا چکی ہے، پی کے میپ

حکمرانوں کا عوامی خزانے پر ہاتھ صاف کرنے کا ناروا عمل افسوسناک و قابل مذمت ہے

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ پریس ریلیز میں فارم 47 کی حکومت کی سرکاری عوامی خزانے پر ہاتھ صاف کرنے کے ناروا عمل پر دکھ و افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ مسلط حکومت کرپشن، کمیشن، پرسنٹیج کی حد تک صوبے کو پہلی پوزیشن پر لا چکی ہے جبکہ ترقیات، عوامی فلاح وبہبود کے .... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

اختیارات لے لیں، 130 شہروں میں ظہران ممدانی دیدیں، فاروق ستار

اپنی جمہوریت کو مضبوط نہیں کر سکتے، بلدیاتی نظام کو لاگو کریں، قومی اسمبلی میں خطاب

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ایم کیو ایم پاکستان کے رہنما فاروق ستار نے کہا ہے کہ خدارا سارے اختیارات لے لیں، 130 شہروں میں ظہران ممدانی دے دیں۔ قومی اسمبلی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے فاروق ستار نے کہا کہ ہم بھی کہتے ہیں ہم نے اختیارات منتقل کر دیے، ہم اپنی جمہوریت کو مضبوط نہیں کر سکتے، بلدیاتی نظام کو لاگو کریں۔ .... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن، 33 ملزمان گرفتار

مختلف گرفتار ملزمان کے قبضے سے مسروقہ زرنج اور موٹر سائیکل، اسلحہ وایمونیشن، چھینے گئے موبائل اور ایرانی پیٹرول برآمد کئے گئے

ایس ایس پی آپریشن کی خصوصی ہدایت پر مختلف تھانوں کے عملے نے کارروائیاں کیں، ملزمان کیخلاف مقدمات درج کر لئے گئے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ پولیس نے جرائم پیشہ عناصر مطلوب، مفرور، نامزد اشتہاری اور راہزنی کی وارداتوں میں ملوث ملزمان کے خلاف مختلف کارروائیوں کے دوران 33 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے مسروقہ زرنج اور موٹر سائیکل، اسلحہ ایمونیشن، چھینے گئے موبائل اور ایرانی پیٹرول برآمد کر لئے۔ جبکہ درجنوں موٹر سائیکلوں سے غیر نمونہ نمبر پلیٹیں اور گاڑیوں سے کالے شیشے اتارے۔ ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ محمد آصف خنک کی خصوصی ہدایت پر پولیس کی جانب سے کوئٹہ کے مختلف تھانوں کے عملے نے خصوصی کارروائیاں کرتے .... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی میں یوم اقبال کی مناسبت سے منعقدہ تقریب میں قومی ترانے کے احترام میں کھڑے ہیں

اقوام متحدہ کا پاکستان میں خودکش دھماکے پر اظہار افسوس

انتونیو گوتریس کا دہشت گردی کے مرتکب افراد کو انصاف کے کٹہرے میں لانے اور تحقیقات کا مطالبہ

نیویارک (م ڈ) اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس نے پاکستان میں خودکش دھماکے پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ سیکرٹری جنرل اقوام متحدہ انتونیو گوتریس نے کہا کہ اسلام آباد میں ہونے والے خودکش حملے پر وہ بے حد رنجیدہ ہیں۔ ترجمان یو این کے مطابق انتونیو گوتریس نے متاثرین کے اہل خانہ سے تعزیت کی اور کہا کہ وہ دہشت گردی اور تشدد .... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

نواز شریف کی ایوان میں آمد، لیگی ارکان نے ڈیسک بجا کر استقبال کیا

ارکان اسمبلی سے ہاتھ ملایا، بلاول نے نواز شریف کی نشست پر جا کر ان سے مصافحہ کیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) مسلم لیگ ن کے صدر اور سابق وزیراعظم نواز شریف قومی اسمبلی کے اجلاس میں شرکت کیلئے اسمبلی ہال پہنچے تو لیگی اراکین نے ڈیسک بجا کر استقبال کیا۔ اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی سربراہی میں قومی اسمبلی کا اجلاس ہوا جس میں اجلاس میں شرکت کیلئے نواز شریف اور وزیراعظم شہباز شریف ایوان پہنچے۔ اس موقع .... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

سابق چیف جسٹس جواد ایس خواجہ نے 27 ویں ترمیم سپریم کورٹ میں چیلنج کر دی

سپریم کورٹ کے آئینی اختیار میں کمی یا ان کی تنسیخ کا باعث بننے اور ہائیکورٹ کے ججز کے تبادلے سے متعلق شقیں ختم کی جائیں

کوئی ذاتی مفاد نہیں، جو ریلیف طلب کیا وہ پاکستانیوں کے مفاد میں ہے، حتمی فیصلے تک حکم امتناع جاری کیا جائے، درخواست گزار

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سابق چیف جسٹس جواد ایس خواجہ نے 27 ویں آئینی ترمیم کو سپریم کورٹ میں چیلنج کر دیا، عدالت عظمیٰ سے درخواست کی کہ وہ مجوزہ ترمیم کی آئینی اور قانونی حیثیت کا تعین کرنے کا خصوصی اختیار اپنے پاس برقرار رکھے۔ رپورٹ کے مطابق سابق چیف جسٹس نے منگل کو یہ درخواست وکیل خواجہ احمد حسین کے ذریعے دائر کی، جس میں عدالت عظمیٰ سے استدعا کی گئی ہے کہ وہ پارلیمنٹ کے کسی بھی ایسے ایکٹ یا 27 ویں آئینی ترمیم کی ان شقوں کو کالعدم یا معطل قرار دے، جو سپریم کورٹ کے آئینی اختیارات میں کمی .... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی وائس چانسلر ڈاکٹر روبینہ مشتاق سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی میں یوم اقبال کی مناسبت سے منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہی ہیں

پاک افغان پالیسی میں وفاق صوبے سے مشاورت کرے، کے پی امن جرگہ

پولیس اور سی ٹی ڈی داخلی سلامتی کی قیادت کریگی، دہشتگردی کے خاتمے کیلئے کے پی اسمبلی کو اعتماد میں لیکر ہر قانونی راستہ اپنایا جائیگا

صوبائی سطح پر اکثریت غیر سرکاری ارکان پر مشتمل امن فورم قائم کیے جائیں، پاک افغان بارڈر تجارت کیلئے فی الفور کھولا جائے، اعلامیہ

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبرپختونخوا اسمبلی میں ہونے والے امن جرگے کا اعلامیہ جاری کر دیا گیا۔ خیبر پختونخوا اسمبلی میں امن جرگہ ہوا جس میں پاکستان تحریک انصاف، عوامی نیشنل پارٹی، پیپلز پارٹی اور جماعت اسلامی سمیت مختلف جماعتوں کے وفود نے شرکت کی۔ امن جرگے کے شرکا کیلئے ریڈ کارپٹ بچھایا گیا، شرکا کا استقبال اسپیکر بابر سلیم سواتی اور اپوزیشن لیڈر ڈاکٹر عباد اللہ نے کیا۔ جرگہ کے شرکا گورنر فیصل کریم کنڈی، سابق گورنر غلام علی کو پولیس نے سلامی پیش کی جبکہ سابق وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا محمود خان کو پولیس کے دستے نے .... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

ایسی جمہوریت قبول نہیں جس کے ثمرات عوام تک نہ پہنچیں، خالد مقبول

عوامی مفادات سے متصادم حکمرانی ختم ہونی چاہیے، چیئرمین ایم کیو ایم پاکستان

کراچی (بیورو رپورٹ) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے چیئرمین اور وفاقی وزیر تعلیم ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے قومی اسمبلی میں 27 ویں آئینی ترمیم کی منظوری کے موقع پر اپنے خطاب میں واضح طور پر کہا ہے کہ پاکستان کو ایسی جمہوریت کی قطعی ضرورت نہیں ہے جس کے ثمرات ملک کے عام عوام تک نہ پہنچ سکیں۔ انہوں نے دوٹوک انداز میں حکمران طبقے کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ ان کے مفادات عوامی مفادات سے براہ راست متصادم ہیں اور یہ امر ملک میں ایک غیر متوازن سیاسی اور معاشی ڈھانچہ پیدا کر رہا ہے۔ ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے .... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

عجلت میں منعقد کرائے جانیوالے بلدیاتی انتخابات قبول نہیں، اے پی سی

جے یو آئی کے زیر اہتمام منعقدہ اے پی سی میں کہا گیا کہ تھریٹ الرٹس اور دفعہ 144 کی پابندیوں میں بلدیاتی انتخابات کا انعقاد سوالیہ نشان ہے

حکومت اور ای سی پی شفاف بلدیاتی انتخابات کی بجائے محض خانہ پری پر تلے دکھائی دیتے ہیں، التوا کیلئے ہر ممکن آئینی اور سیاسی جدوجہد کی جائیگی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام کے زیر اہتمام آل پارٹیز کانفرنس نے متفقہ فیصلہ کیا کہ خوف، تھریٹ الرٹس اور دفعہ 144 کی پابندیوں کے سائے میں بلدیاتی انتخابات کا انعقاد ایک بڑا سوالیہ نشان ہے حکومت اور الیکشن کمیشن شفاف انتخابات کے بجائے محض خانہ پری پر تلے ہوئے دکھائی دیتے ہیں عام انتخابات کی طرح بلدیاتی الیکشن بھی اگر فارم 47 کے طرز پر کرانے کی کوشش کی گئی تو اسے کسی صورت قبول نہیں کیا جائے گا۔ عجلت میں بلدیاتی انتخابات قبول نہیں، التوا کے لیے ہر قسم آئینی اور سیاسی جدوجہد سے گریز نہیں کیا جائے گا .... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

پیپلز پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری ربانی کاکڑ کی صدارت میں بلدیاتی الیکشن بارے منعقدہ اجلاس میں ڈپٹی اسپیکر غزالہ گولہ ودیگر شریک ہیں

یوسف رضا گیلانی سے بارباڈوس و روس کے پارلیمانی وفود کی ملاقاتیں

باہمی دلچسپی کے امور اور دوطرفہ تعلقات کے فروغ بارے تبادلہ خیال

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیئرمین سینیٹ و بانی چیئرمین بین الپارلیمانی اسپیکرز کانفرنس سید یوسف رضا گیلانی سے بارباڈوس اور روس کے پارلیمانی وفود نے علیحدہ علیحدہ ملاقاتیں کیں جس دوران باہمی دلچسپی کے امور، دوطرفہ تعلقات اور عالمی سطح پر پارلیمانی تعاون کو فروغ دینے کے امکانات بارے تبادلہ خیال کیا گیا۔ سینیٹ سیکرٹریٹ سے جاری بیان کے مطابق چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے وفود سے گفتگو کے دوران اس بات پر زور دیا کہ عالمی .... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد، بیورو آف اسٹیٹکس اور محکمہ منصوبہ بندی وترقیات بلوچستان کے درمیان ڈیٹا سے متعلق تعاون کے لیے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کئے جا رہے ہیں

اے آئی صرف ٹیکنالوجی نہیں یہ نیشنل سیکیورٹی کا معاملہ بھی ہے، شزا فاطمہ

ہماری زندگی کے تمام امور ٹیکنالوجی سے متاثر ہو رہے ہیں، وفاقی وزیر آئی ٹی

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر برائے آئی ٹی و ٹیلی کام شزا فاطمہ خواجہ کہتی ہیں مصنوعی ذہانت صرف آئی ٹی اور ٹیکنالوجی تک محدود نہیں رہی۔ یہ نیشنل سیکیورٹی سمیت ہر شعبے کی ضرورت بن چکی ہے۔ مارگلہ ڈائیلاگ سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وز .... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

برطانیہ کی پاکستان اور بھارت میں اپنے شہریوں کیلئے ٹریول ایڈوائزری جاری

لندن (بیورو رپورٹ) برطانیہ نے پاکستان اور بھارت میں اپنے شہریوں کیلئے ٹریول ایڈوائزری جاری کر دی۔ برطانوی حکومت نے شہریوں کو پاک بھارت سرحدی علاقے کے سفر سے گریز کی ہدایت کی ہے، کہا ہے کہ شہری مقبوضہ جموں وکشمیر اور لائن آف کنٹرول کے اطراف سفر سے گریز کریں۔

قوم اپنی افواج کی قربانیوں پر فخر کرتی ہے، رانا مشہود احمد

افواج پاکستان ہر خطرے کے سامنے ڈٹ کر کھڑی ہے، بیان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خاں نے وانا کیڈٹ کالج حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ افواج پاکستان نے ایک بار پھر ثابت کر دیا کہ وہ ہر خطرے کے سامنے ڈٹ کر کھڑی ہے۔ بدھ کو وزیراعظم یوتھ پروگرام سے جاری بیان کے مطابق رانا مشہود احمد خاں نے مسلح افواج کی جرات و بہادری کو خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ قوم اپنی افواج کی قربانیوں پر فخر کرتی ہے، بہادر جوانوں نے اپنی جان پر کھیل کر 600 سے زائد کیڈٹس کی زندگیاں بچا کر قوم کا سر فخر سے بلند کر دیا، افواج........ بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

کراچی، فتنہ الخوارج کا انتہائی مطلوب دہشت گرد گرفتار

کراچی (بیورو رپورٹ) کراچی میں شیر شاہ کے علاقے سے فتنہ الخوارج سے تعلق رکھنے والا انتہائی مطلوب دہشت گرد کو گرفتار کر لیا گیا ہے اور قبضے سے اسلحہ اور ایمونیشن بھی برآمد کیا گیا۔ تفصیل کے مطابق کراچی میں رینجرز اور کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) نے خفیہ اطلاع پر شیر شاہ کے علاقے میں مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے فتنہ الخوارج سے تعلق رکھنے والے انتہائی مطلوب ملزم محمد نور عرف تم کو گرفتار کر لیا۔

ڈی ریگولیشن پالیسی کے بعد ادویات 15 فیصد مہنگی

گزشتہ 12 مہینوں کے دوران مجموعی قیمتوں میں اضافہ صرف 16 فیصد رہا

اسلام آباد (زاہد احمد خان) پاکستان فارماسیوٹیکل مینوفیکچررز ایسوسی ایشن نے واضح کیا ہے کہ فروری 2024 میں حکومت کی ڈی ریگولیشن پالیسی کے بعد ادویات کی قیمتوں میں 23 فیصد نہیں بلکہ اوسطاً 15 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ پاکستان فارماسیوٹیکل مینوفیکچررز .... بقیہ 70 صفحہ نمبر 7 پر

وفاقی وزیر ڈاکٹر مصدق ملک اور عالمی بینک کے وفد کی ملاقات

پاکستان کی ترقیاتی حکمت عملی اور شراکتی ترجیحات پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی ہم آہنگی سینیٹر ڈاکٹر مصدق ملک نے عالمی بینک کے وفد سے ملاقات کی جس کی قیادت میلورما آمگا بازار کنٹری ڈائریکٹر عالمی بینک برائے پاکستان اور لیکس ڈراکیس کر رہے تھے۔ ملاقات میں پاکستان کو درپیش معاشی عدم استحکام اور مہنگائی کے عوامل، ترقیاتی .... بقیہ 71 صفحہ نمبر 7 پر

افغانستان نے کبھی بھی پاکستان کے وجود کو تسلیم نہیں کیا، جنید اکبر

گزشتہ روز ہونے والے واقعات کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے

پشاور (بیورو رپورٹ) پی ٹی آئی خیبر پختونخوا کے صدر جنید اکبر نے کہا ہے کہ افغانستان نے کبھی بھی پاکستان کے وجود کو تسلیم نہیں کیا۔ پشاور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے جنید اکبر نے کہا کہ امن جرگے میں 20 سیاسی جماعتوں کو دعوت دی گئی تھی اور تمام پارٹیوں نے دعوت قبول کرتے ہوئے شرکت کی حامی بھری۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ روز ہونے .... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کی بزنس کمیونٹی کیلئے ٹیکسز کی ادائیگی سہل بنائی جائیگی، رحمت اللہ درانی

کوئٹہ میں 200 پوائنٹ آف سیل سسٹمز فعال ہو چکے ہیں، ان سے متعلق تحفظات کا ازالہ کرینگے

کیو سی سی آئی کا کمشنر انکم ٹیکس کو بزنس کمیونٹی کیلئے POS سے متعلق سیشن کے انعقاد کی دعوت

کوئٹہ (آئی این پی) کمشنر انکم ٹیکس رحمت اللہ درانی نے کہا ہے کہ بلوچستان کی بزنس کمیونٹی کو ٹیکسز کی ادائیگی بارے درپیش مشکلات کے حل کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جائیں گے، کوئٹہ میں 200 پوائنٹ آف سیل (POS) سسٹمز فعال ہو چکے ہیں جو خوش آئند امر ہے پی او ایس سسٹم کے متعلق بزنس کمیونٹی کے تحفظات کا ازالہ کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کے روز ایوان صنعت وتجارت کوئٹہ بلوچستان کے صدر حاجی محمد ایوب مریانی، سینئر نائب صدر حاجی اختر کاکڑ اور نائب صدر انجینئر میر داؤد خان کاکڑ ودیگر کے ساتھ ملاقا........ بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

دہشت گردی کی نئی لہر، آئی جی کے پی کا حساس مقامات کی سیکیورٹی بڑھانے کا حکم

پشاور (بیورو رپورٹ) ملک میں دہشت گردی کی نئی لہر کے باعث آئی جی پولیس نے خیبر پختونخوا میں حساس مقامات کی سیکیورٹی بڑھانے کا حکم دے دیا۔ آئی جی پولیس ذوالفقار حمید نے آر پی اوز اور ڈی پی اوز کو خصوصی ہدایات جاری کرتے ہوئے دہشت گردی کی نئی لہر کے باعث سیکیورٹی کا از سر نو جائزہ لینے کا حکم دیا

قرضوں سے چھٹکارا پائے بغیر پاکستان پاؤں پر کھڑا نہیں ہو سکتا، پیاف

آئی ایم ایف پروگرامز کے تحت 2.69 ارب ڈالر کے مساوی سود کی مد میں ادا کیے

لاہور (بیورو رپورٹ) پاکستان انڈسٹری اینڈ ٹریڈرز ایسوسی ایشن فرنٹ (پیاف) کے پیٹرن انچیف میاں سہیل نثار، چیئرمین سید محمود غزنوی، سینئر وائس چیئرمین مدثر مسعود چودھری اور وائس چیئرمین راجہ وسیم حسن نے کہا ہے کہ غیرملکی قرضوں کے چنگل .... بقیہ 72 صفحہ نمبر 7 پر

وادی نیلم میں موسم سرما کی پہلی بارش اور برفباری سے سردی میں اضافہ

آئندہ ہفتے کے دوران وادی کے بالائی علاقوں میں مزید بارش اور برفباری کا امکان

مظفر آباد (بیورو رپورٹ) آزاد کشمیر کی خوبصورت وادی نیلم میں موسم سرما کی پہلی بارش اور برفباری کے بعد سردی کی شدت میں نمایاں اضافہ ہوگیا۔ محکمہ موسمیات کے مطابق آئندہ ہفتے کے دوران وادی کے بالائی علاقوں میں مزید بارش اور برفباری کا امکان ہے .... بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

جمعیت علماء اسلام کے ضلعی دفتر میں آل پارٹیز کانفرنس کی صدارت امیر مولانا عبدالرحمن رفیق کر رہے ہیں

معیشت کے ہر شعبے میں خدمات کی فراہمی کا انداز بدل چکا ہے، گورنر ایس بی پی

مالی ادارے ٹیکنالوجی سے استفادہ کر کے اپنی ترقی تیز تر کر سکتے ہیں، ڈیجیٹل مستقبل حقیقت ہے

کوئٹہ (آن لائن) بینک دولت پاکستان کے گورنر جمیل احمد نے زور دے کر کہا ہے کہ ضابطہ ساز ادارے، بینک، فن ٹیک ادارے، اور پالیسی ساز ادارے مل جل کر کام کریں تو ہم ایسا مستقبل تعمیر کر سکتے ہیں جہاں ہر پاکستانی اعتماد کے ساتھ ڈیجیٹل معیشت میں شریک ہو۔ وہ کراچی کے ایک ہوٹل میں فیوچر آف بینکنگ سمٹ 2025 سے خطاب کر رہے تھے۔ اجلاس سے اپنے خطاب میں گورنر نے بینکوں اور ٹیکنالوجی کے شعبوں کے مابین اشتراک .... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ سے علاقائی دفتر میں پاکستان پیپلز پارٹی کے کارکنان ملاقات کر رہے ہیں

سندھ طاس معاہدہ، پاکستان نے عالمی ثالثی عدالت کے فیصلے کا نوٹس لے لیا

غیر جانبدار ماہرین کی کارروائی بھارت کی درخواست پر شروع کی گئی تھی، بھارت نے اپنی شرکت روکنے کا فیصلہ کیا ہے

پاکستان نے نیک نیتی کے ساتھ غیر جانبدار ماہرین کی کارروائی میں مکمل طور پر شرکت جاری رکھی ہوئی ہے، دفتر خارجہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ترجمان دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ پاکستان نے سندھ طاس معاہدہ کی دفعات کے تحت بھارت کے خلاف پاکستان کی جانب سے شروع کردہ ثالثی کے تناظر میں ثالثی عدالت کے حالیہ فیصلے کا نوٹس لیا ہے جس میں عدالت کے 8 اگست 2025 کے ”ایوارڈ آن ایشوز آف جنرل انٹرپریٹیشن آف دی انڈس واٹرز ٹریٹی“ کے بعض پہلوؤں پر مفید وضاحت پیش کی گئی ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ پاکستان نے اس فیصلے کے متوازی طور پر جاری کردہ پروسیجرل آرڈر کا بھی .... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

نصیر آباد: مختصر عرصے میں 75 مطلوب ملزمان کو گرفتار کیا گیا

9 مسروقہ موٹر سائیکلوں اور 1 رکشہ سمیت 800 کلو چرس، 320 کلو چھالیہ برآمد کئے

5 ٹی ٹی پسٹل، 1 نائن ایم ایم پسٹل، 1000 ڈنڈے سگریٹ و دیگر سامان برآمد کیا گیا

نصیر آباد (نامہ نگار) پولیس تھانہ منگولی نے مختصر عرصے کے دوران مختلف سنگین نوعیت ڈکیتی قتل اقدام قتل اغواء ودیگر مقدمہ میں مطلوب 75 ملزمان کو گرفتار کر کے چالان کر لیا جبکہ تین عدد ڈکیتی شدہ موٹر سائیکل ایک ڈکیتی شدہ رکشہ سمیت 6 مزید موٹر سائیکل برامد کر لیے جبکہ ریکارڈ چیک کیا جا رہا ہے اس کے ساتھ ساتھ پانچ عدد ٹی ٹی پسٹل ایک عدد نائن ایم ایم پسٹل تقریبا 11 ہزار لیٹر ایرانی پیٹرول 90 عدد ایرانی ٹائر 800 کلوگرام چرس 1900 پیکٹس کے قریب پان پراگ 320 کلو گرام چھالیہ تقریبا 1000 ڈنڈے ایرانی سگریٹ سمیت دو........ بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

نوجوان اقبال کے شاہین بن کر ملک و قوم کی خدمت کریں، مولانا ہدایت الرحمن

جہالت، غربت، بے راہ روی کا علاج صرف تعلیم ہے گوادر میں تعلیمی سرگرمیوں کی بحالی ہمارا اولین مشن ہے، یوم اقبال کی تقریب سے خطاب

ہمارے طلبہ بہترین تعلیم حاصل کر سکتے ہیں، گوادر میں تعلیمی رینکنگ کو برقرار رکھنے اور دیگر صوبوں کے برابر لانے کیلئے بھرپور کوشش کی جائے گی

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمن بلوچ کا جی ڈی اے اسکول میں یوم اقبال تقریب میں شرکت، طالبات میں سرٹیفکیٹ تقسیم۔ جبکہ ڈگری کالج گوادر کے بہترین کارکردگی والے پوزیشن ہولڈر بہترین طلبہ کی حوصلہ افزائی پہلی پوزیشن والے کو موٹر سائیکل اور سیکنڈ پوزیشن والے طالب علم کو لیپ ٹاپ دے دیا گیا۔ امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے گوادر مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے جی ڈی اے اسکول گوادر میں علامہ اقبال کے پیدائش کے دن کی مناسبت سے منعقدہ پروگرام میں .... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر